بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یاحیُّ یاقیّوم

اللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ علیٰ سیدِنا ومولٰنا وحبیبِنا محمّدٍ النَّبیِّ الاُمّیِّ وعلیٰ اٰلِہٖ واَصحابِہٖ وعِترَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعلُومٍ لَّکَ وَبِعَدَدِ خَلقِکَ وَرِضیٰ نَفسِکَ وَزِنَۃَ عَرشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ اَستَغفِرُ اللہَ الَّذِی لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الحَیُّ القَیُّومُ وَاَتُوبُ اِلَیہِ یاحیُّ یاقیّوم

مکشوفاتِ منازلِ احسان

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت دارالاحسان

لِلتَّقسِیمِ وَالتَّوزِیعِ فِی سَبِیلِ اللہِ

لانتفاعِ و النفع

لِجمیعِ اُمّتِ رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

لمرضات اللہ تعالیٰ ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔ آمین

مؤلف : ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المقام النّجاف الصّحاف لمقبول المصطفین ○ دارالاحسان فیصل آباد
پاکستان

یا حی　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا قیوم

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ　　اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد ن النبی الامی

وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ وذریتہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضاء نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی

لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

جلد بست و ششم
٢٦

طبع ــــــــــــــــ اوّل

مطبع ــــــــــــــــ نثار آرٹ پریس پرائیویٹ لمیٹڈ، لاہور

طابع ــــــــــــــــ المستفیض دار الاحسان، فیصل آباد

مقام اشاعت

المقام النّجاف الصّحاف المقبول المصطفین ۞ دارالاِحسان

المستفیض دارالاحسان چک ٢٤٢/ر ب (دسوہہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پنجاب پاکستان　فون نمبر: ٤٦٦٠٠

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

کتاب النبی الامی ﷺ

بسم الله الرحمن الرحيم ما شاء الله لا قوة الا بالله يا حي يا قيوم اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى آله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك وبعدد خلقه ورضى نفسه وزنة عرشه ومداد كلماته استغفر الله الذي لا اله الا هو الحي القيوم واتوب اليه يا حي يا قيوم

الحمد لله الذي جعل الظلمات والنور ثم الذين كفروا بربهم يعدلون ○ هذا كتاب من محمد رسول الله صلى الله
عليه وسلم النبي الامي المكي المدني التهامي الحجازي الابطحي صاحب القضيب والناقة والتاج والكرامة صاحب شهادة
لا اله الا الله وان محمدا رسول الله الى متصرف الدار والديار والزوار والعمار الا طارقا يطرق بخير○
اما بعد فان لنا ولكم في الحق سعة فان يكن طارقا موليا او موذيا ان خدعنا حقا او باطلا او موذيا او مفتنا
فاتركوا حملة القرآن وانطلقوا الى عبدة الاوثان يرسل عليكما شواظ من نار ونحاس فلا تنتصران ○ بسم الله الرحمن
الرحيم○ باسم الله وبالله ولا غالب الا الله ولا احد مثل الله ولا شئ سوى الله وبسم الله استفتح وعلى الله اتوكل
حامل كتابي هذا في امان الله وفي حفظه وفي كنفه وفي ستره اين ما كان وحيث ما توجه لا تقربوه ولا تفزعوه ولا
تضاروه قائما وقاعدا ونائما ولا في الاكل والشرب ولا في الليل والنهار ولا في يوم ولا في نهار ولا في بر و
لا في بحر وكلما سمعتم صوت حامل كتابي بالف لا حول ولا قوة الا بالله فادبروا عنه بلا اله الا الله محمد رسول
الله ۔ بالله الذي هو غالب على كل شئ وهو اعلى من كل شئ وهو على كل شئ قدير ۔ وبمحمد رسول الله النبي
الامي المبعوث الى الثقلين○ اللهم احفظ حامل كتابي هذا بل من علق عليه هذه الاسماء بالاسم الذي هو مكتوب
على سرادقات العرش انه لا اله الا الله محمد رسول الله هو الغالب الذي لا يغلبه شئ ولا ينجو منه هارب ۔ فاعيذه
بالحي الذي لا يموت وبالعين التي لا تنام والعرش الذي لا يتحرك والكرسي الذي لا يزول وبالاسم الذي هو مكتوب في
اللوح المحفوظ وبالاسم الذي هو مكتوب في القرآن العظيم وبالاسم الذي حمل به عرش بلقيس الى سليمان ابن داود عليه
السلام قبل ان يرتد اليه طرفه وبالاسم الذي نزل به جبرائيل على النبي صلى الله عليه وسلم في يوم الاثنين وبالاسم الذي
هو مكتوب في قلب الشمس واعيذه بالاسم الذي سار به السحاب الثقال ويسبح الرعد بحمده والملئكة من خيفته و
بالاسم الذي تجلى به الرب عز وجل لموسى ابن عمران فخر موسى صعقا ۔ وبالاسم الذي كتب به على ورق الزيتون
والقي في النار فلم يحترق ۔ وبالاسم الذي مشى به الخضر عليه السلام على الماء فلم يبتل قدماه ۔ وبالاسم الذي
نطق به عيسى وهو ابن مريم في المهد صبيا وابرء الاكمه والابرص باذن الله واحيي الموتى باذن الله وبالاسم الذي
نجي به يوسف من الجب وبالاسم الذي نجا به ابراهيم عليه السلام من نار نمرود حين القي في النار وبالاسم الذي نجا به
يونس من بطن الحوت وبالاسم الذي فلق به البحر لموسى ابن عمران وجعل كل فرق كالطود العظيم واعيذه بتسع
آيات التي نزلت على موسى ابن عمران بطور سيناء واعيذه من كل عين ناظرة وكل اذن سامعة والسن ناطقة وايد
باطشة وقلوب واعية في صدور خاوية وانفس كافرة ومن كل من يعمل عمل السوء ومن سوء شر التوابع والسحرة و
من في الجبال والارض والخراب والصحاري وساكن الآجام وساكن البحار وساكن ضيق الظلم واعيذه من شر الشياطين
وجنودهم ومن شر كل غول وغولة وساحر وساحرة وساكن وساكنة وتابع وتابعة ومن شرهم وشر آبائهم
وامهاتهم وابنائهم وبناتهم واخوانهم وعماتهم وخالاتهم وقراباتهم ومن شر الموارد والمعرة والطيارات ومن شر
ساكن الجبال والتراب والعمران والرياض والخراب ومن شر من في البر والبحر والجبال ومن يسكن في الظلمات ومن
شر من يسكن في العيون ومن يمشي في الاسواق ويكون مع الدواب والمواشي والوحوش ويسترق السمع ومن اذا قيل
لا اله الا الله يذوب كما يذوب الرصاص والحديد على النار ومن شر ما يكون في الارحام والآجام والآطام ومن شر ما
يوسوس في صدور الناس من الجنة والناس واعيذه من الخطر والنظر والكبر هيا شرا هيا مهلا ۔ الله هو اجل واعز واقدر من
الجنة والناس واعيذه من كل عين باغية واذن سامعة ومن شر الداخل والخارج ومن شر عفاريت الجن والانس ومن شر
كل ذي شر ومن شر كل غاد ورائح ومن شر ساكن الرياح من عجمي وفصيح ونائم ويقظان واعيذه من شر من تنظر اليه الابصار
وتضم اليه القلوب ومن شر ساكن الارض وساكن الزوايا ومن شر من يصنع الخطيئة ويولع بها ومن شر ما تنظر اليه الابصار
واعيذه من شر ابليس وجنوده ومن شر الشياطين ○

یہ مقدس مکتوب پیرس (فرانس) کے شاہی عجائب گھر سے دستیاب ہوا

پاکستان میں اسکی پہلی بار اشاعت کا شرف دارالاحسان کو نصیب ہوا

۱۲۰۴۰

يا الله   يا رحمٰن   يا رحيم

يا حيّ يا قيّوم   يا ذا الجلال والاكرام

اپنے فضل و رحمت سے میرے سینے کی
کدُورت کو دُور فرما یا شافی الصُدور!

يا حيّ يا قيوم

الحمد للحي القيوم   فالله خير الرازقين

والله ذُو الفضل العظيم

۱۲۰۴۱

سینے کا دفتر مکدّر رہتا ہے،
کسی نہ کسی کدُورت میں مُبتلا۔
بظاہر پاک معلُوم ہوتا ہے،
حقیقتاً غبار آلود۔
قلب ہی فیصلہ کرتا ہے
یہ مکدّر ہے یا مطہّر

تیرے نفس ہی نے تیرے سینے کو مکدّر
بنایا ہوا ہے اور کدُورت کسی فیصلے پہ متفق نہیں ہوتی۔

سینے ہی کی کدُورت سے سینہ دُھندلا رہتا ہے،
کوئی شے نظر نہیں آتی۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

والله ذوالفضل العظیم

۱۲۰۴۲

سِینوں کی کدُورت صرف فیضِ ربّانی سے دُور ہوسکتی ہے اور فیضِ رَبّانی کسی مُقرّب ہستی کے قُرب سے حاصل ہوتا ہے اور کِسی عظیم ہستی کی توجّہ اُسی وقت نصیب ہوتی ہے جب مشیّتِ ایزدی مائل بہ کرم ہو۔

الٰہی کرم کے مظہر ——— مَولائے کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ

جس کا مَیں مولا ہوں، اُس کے علیؓ مولا ہیں

اُن کے فیض سے کوئی بھی محرُوم نہیں !

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحی القیوم　فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۲۰۴۳

سینہ جب کدورت سے
پاک ہو جاتا ہے
آئینہ بن جاتا ہے

یا حیُّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللّٰہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۴۴

مصاحبت کی اِنتہا :

تُو میرا بن ، مَیں تیرا

ہر جگہ ہر وقت حاضر و ناظر

یہ قُدسی راز میرے آقا رُوحی فداہ صلّے اللّٰہ علیہ وسلّم ہی کے فیض سے طالبِ طریقت پر منکشف ہوتا ہے !

مَیں تُجھ کو دیکھ رہا ہوں ، تُو مجُھ کو !

اِحسان کی حد

اور مصاحبت کی اِنتہا

اور تیرا محبّت بھری نگاہ سے

بندوں کی طرف متوجّہ ہونا کرم کی حدّ !

اَب تُو میرے اپنے ہی کُنبے کا فرد بنا

اور رُکن !

سُبحانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیوم

فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْمِ

۱۲۰۴۵

میری کوئی مرضی نہیں ، تیری مرضی ہی کے مُطابق

یہ زِندگی رواں دواں

ہم نے اپنی مرضی تیری مرضی میں مُدغم کی ہوئی ہے یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْمِ

۱۲۰۴۶

اے او مرنے والے ! تم سا کوئی بھی تنہا نہیں۔

کام و کلام میں بے بس !

کیا خُوب ہوتا کوئی ایسا

کام کر کے جاتا جو جینے کی

ہر حسرت مِٹا کر جاتا،

زِندوں کو زِندگی کا

نمونہ دے کر مَرتا !

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم

فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۲۰۴۷

اللہ تعالیٰ کی حُبّ دو قسم کی ہوا کرتی ہے۔ ایک حُبّ تو اللہ تعالیٰ کی مصاحبت کے قُرب کو اپنے وجود کی طرف مُسخّر کیا کرتی ہے اور دوسری قسم کی حُبّ اپنے وجود سے خارج کر کے اپنے مطلوب و مقصود طرفِ عین کے وجود میں داخل کرنے اور اسکو اپنے فیضانِ فیض سے مستفیض و مستفید کرنے کے لیے عائد ہوا کرتی ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۴۸

جہادِ زندگی کی دُعا:

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۴۹

زحمت کی ز کا نُقطہ ہٹا دیا جائے

تو رحمت بن جاتی ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۵۰

لسّی پنجاب کا عام فیض ہے،

ہر گھر میں پہنچ جاتی ہے!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۵۱

روشنی کا تریاق :

اَلنُّوْرُ بَاسِطٌ :

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۲۰۵۲

کبیر صاحب تانی تَن رہے تھے۔
کھانے کا وقت آگیا۔ ایک کتا ایک روٹی لے کر بھاگ
گیا۔ کبیر صاحب پیچھے دَوڑے:
"ذرا چوپڑ بھی لے جاؤ جی"

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۲۰۵۳

پرندوں کا کِس حکمت کی فیاضی سے جگہ بہ جگہ رزق بکھیرا ہُوا ہے۔ یا رزاق!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين
واللهُ ذُو الفَضلِ العَظيم

جب کسی ایسے مریض کی عیادت کرو جس کو موت نہ آئی ہو

اَسْاَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

سوال کرتا ہوں میں اللہ بزرگی والے سے جو پروردگار ہے

اَنْ يَّشْفِيَكَ ۷ بار

عظمت والے عرش کا کہ وہ شفا عطا فرمائے تجھ کو!

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جو شخص کسی بیمار کی عیادت کرے اور اسکی موت نہ آئی ہو اور یہ دُعا سات بار اس کے پاس پڑھے اسال اللّٰہ العظیم .... الخ تو اللہ جلّ جلالہٗ اُس کو ضرور شفا دے گا اس بیماری سے

(سنن ابی داؤد، کتاب العمل بالسنۃ جلد ۳ صـ۱۸۲)

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ اَسْاَلُ اللّٰهَ رَبَّ

اللہ عظمت والے کے نام کے ساتھ ہیں بڑے عرش والے رب سے

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَهٗ ۝ ۷ بار

سوال کرتا ہوں کہ وہ اُسے شفا دے۔

امیر المؤمنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہر وہ مریض جس کی اجل نہ آئی ہو، اِن کلمات کے ساتھ پناہ مانگے، اسکی

بیماری کم ہو جائے گی ۔ بِسمِ اللہ العظیم .... الخ

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ جلد ۳ ص۱۷۲)

یَا حَلِیۡمُ یَا کَرِیۡمُ اشۡفِ فُلَانًا ۝

اے بُردبار اے بُزرگی والے شفا عطا فرما فلاں کو (فلاں کی جگہ بیمار کا نام)

ایک شخص نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ فلاں شخص بیمار ہے ۔ آپ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کیا تمہیں اِس بات کی خوشی ہے کہ وہ اچھا ہو جائے ؟ اُس نے عرض کیا جی ہاں ۔ تو فرمایا کہو یا حلیم یا کریم ..... الخ تو وہ اچھا ہو جائے گا !

(الحصن الحصین / کتاب العمل بالسنۃ جلد ۳ ص۱۷۲)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا

اے اللہ درود بھیج حضرت محمد صلّے اللہ علیہ وسلّم پر یہاں تک

یَبْقٰی مِنْ صَلَوَاتِکَ شَیْءٌ ط

کہ کچھ باقی نہ رہے تیرے درودوں میں سے

وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا

اور برکت دے حضرت محمد مصطفےٰ صلّے اللہ علیہ وسلّم کو یہاں تک

یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِکَ شَیْءٌ ط

کہ کچھ باقی نہ رہے تیری برکتوں میں سے

وَ سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا

اور سلام بھیج حضرت محمد صلّے اللہ علیہ وسلّم پر یہاں تک

یَبْقٰی مِنْ سَلَامِکَ شَیْءٌ ٥

کہ کچھ باقی نہ رہے تیرے سلام میں سے

حضرت سیّدنا ابنِ عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ کچھ
صحابہ کرامؓ جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم کی خدمتِ
اقدس میں ایک آدمی کو لے کر حاضر ہوئے تو انہوں
نے اس آدمی کے خلاف گواہی دی کہ اُس نے
اُونٹنی چوری کی۔ پس اِس گواہی کی بنا پر جنابِ
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم نے (سزا کا) حکم دیا۔ پس وہ آدمی
بھاگ نکلا یہ کہتے ہوئے اللّٰھم صلے علیٰ محمد..... الخ پس بھول
گیا اُونٹ (ان کو) پس (مدّعی نے) عرض کیا یارسول اللہ!
یہ آدمی بَری ہوا میری چوری کرنے سے۔ پس فرمایا جنابِ
رسُول اللہ ؐ نے کہ اس آدمی کو کون میرے پاس
لائے گا تو ستّر آدمی اہلِ مسجد میں سے دوڑے
پس اسکو جنابِ رسُول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم کی
خدمت میں لایا گیا۔

پس فرمایا جنابِ رسول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم نے،

اے جوان !

تم نے ابھی کیا کہا اِس حال میں کہ تُو لوٹ کر جارہا تھا ؟ تو اس آدمی نے جو (درود شریف) پڑھا تھا، وہ بتایا۔ اِس پر جناب رُسول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ! اِسی لیے مَیں نے فرشتوں کو دیکھا کہ وہ مدینہ منوّرہ کے محلّوں میں اِس حال میں چلتے تھے کہ محلّوں کو بھر دیتے تھے (اِتنی کثیر تعداد کے ساتھ) کہ قریب تھا کہ میرے اور تیرے درمیان حائل ہو جاتے۔ پھر اِس کے بعد آپؐ نے فرمایا (اُس سے) کہ تو ضرور ضرور پُل صراط پر سے گزرے گا اِس حال میں کہ تیرا چہرہ زیادہ روشن (یعنی سُفید) ہو گا چودھویں رات کے چاند سے۔

(کنز العمال / کتاب العلم، بالسنۃ جلد اوّل صفحہ نمبر ۶۷۶)

۱۲۰۵۴

زُہد الانبیاء حضرت فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ
چھتیس ۳۶ سال تک مجاہدہ میں رہے۔

مخدومنا و ابینا علاؤ الدین علی احمد صابر کلیری
گُلر کے درخت کو تھامے بارہ ۱۲ سال کھڑے رہے۔
اِن حضرات کا بچپن سے شباب تک کا زمانہ
دینی علوم حاصل کرنے میں گزُرا۔
وُہ قرآن و حدیث کے علُوم سے فیض یاب تھے۔
اِس باب کو کھولنا ضرُوری ہے کہ کیا، اس زمانہ میں
جو اُن کی محویّت کا عالم تھا، وہ ویسے ہی کھڑے رہے؟
یا اِس دوران کون سے ایسے اذکار تھے جو کرتے رہے
اور کون سے اسمائے عظیمہ تھے جو پڑھتے رہے۔

کئی ایک موجود تھے۔ ایک نے کہا :

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ کہا ،

اور دیکھنے ہی میں محو رہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ضرور کہا ہوگا ،

اِس کے بغیر کوئی بھی تسبیح مکمل نہیں ہوتی۔

وَاللّٰہ اَعلم بِالصَّواب ! یا حیّ یاقیّوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۲۰۵۵

حضرت باوا صاحب فریدالدین شکر گنج مسعود پاک پٹنی

قدس سرہٗ العزیز فرماتے :

صابرِؓ ما فقیری نمی کند

بلکہ خدائی می کند

(میرا صابرؓ فقیری نہیں کرتا بلکہ خدائی کام کرتا ہے) یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۲۰۵۶

اکیلا نہیں ہوتا ، کلماتِ طیّبات کا نُور
ساتھ ہوتا ہے - وکیل ہوتا ہے
اور کفیل - یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللّٰہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۵۷

میرا اللّٰہ مرغوب بھی ہے،
محبوب بھی -
طالب بھی ہے ،
مطلوب بھی -
اعجبُ العجائِب بھی ہے ،
خالقُ الخلائِق بھی ! یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللّٰہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ، کہتے ہیں کہ فرمایا جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ عزّوجل ذو الجلال والاکرام فرماتا ہے جو شخص ایک نیکی کرتا ہے، میں اسکو دس نیکیوں کا ثواب عطا کرتا ہوں بلکہ اس سے بھی زیادہ اور جو شخص ایک بُرائی کرتا ہے اسکو ایک ہی بُرائی کی سزا ملتی ہے یا میں اُس کو بھی معاف کر دیتا ہوں۔ اور جو شخص میری طرف ایک بالشت بڑھتا ہے (میری طاعت میں) اُس کی طرف میں ایک گز بڑھتا ہوں اسکی جانب دونوں ہاتھوں کو پھیلانے کے برابر اور جو شخص آتا ہے آہستہ آہستہ چل کر، میں آتا ہوں اسکی طرف دوڑ کر۔ اور جو شخص ملے گا مجھ سے مقدار زمین کے گناہ لے کر اسطرح کہ میرے ساتھ شریک نہ کرتا ہو کسی کو، میں اس سے ملوں گا اتنی ہی بخشش لے کر۔ (مسلم)

۱۲۰۵۸

آپ کو آپ ہی میں دیکھا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۲۰۵۹

دِین میں کوئی اِختلاف نہیں۔
جُملہ انبیائے کرامؑ ایک ہی دین کے داعی۔
ذکرِ حق ، دعوتِ حق اور مخلُوقِ حق کی
بے لوث خدمت اِس کی اساس۔
جب بھی دین کی نمُو ہوگی ، اِسی بنیاد پر ہوگی۔
یہی عبادت ، یہی باعثِ کمال!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۲۰۶۰

دین فطرت ہے اور
فطرت بدلا نہیں کرتی!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۲۰۶۱

اللہ حاضر و ناظر ہے
کوئی شک نہیں۔

بندہ اکثر غیر حاضر رہتا ہے
اِس میں بھی کوئی شک نہیں

تیری غیر حاضری کے باعث
میرے دشمنوں کو بڑا موقع ملتا ہے
دشمن مال بسیار خوش است

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۱۲۰۶۲

لاکھوں کروڑوں کا مال چھوڑ کر
مرگیا، وارثوں میں تقسیم پر فتنہ
برپا ہوا۔ کیا خُوب ہوتا
اپنے ہاتھوں سے مُستحق مخلوق
میں تقسیم کرتا جو آخرت کے لیے
زادِ راہ بنتا! یا حیی یا قیّوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۱۲۰۶۳

خالق کی عبادت میں خضُوع نہ ہونے سے
کمی رہ جاتی ہے لیکن مخلوق کی خدمت جس سے
بیماروں، مُفلسوں، اسیرانِ بے نوا اور مفلوک الحال
بیوگان کو فائدہ پہنچے، کبھی ردّ نہیں ہوتی۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۶۴

طبیب کی توجّہ کے مُستحق ـــــ بیمار اور
غنی کی عطا کے مُستحق ـــــ مفلوک الحال
بندگان ہوتے ہیں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم　فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۶۵

ربّ نے بندے کو پیدا کیا۔ ساری عُمر بندے کی تلاش میں گزُری۔ بندہ جب مل گیا ساری دُنیا کو دیکھ کر پتہ چلا کہ یہ میرے رَبّ کا بندہ ہَے، اِس نے ہی میرا حساب لینا ہَے اور دوزخ وجنّت میں بھیجنے کا فیصلہ اس ہی نے کرنا ہَے اور وہی میرا ناخدا ہَے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۶۶

ایک محفل میں سوال کیا گیا :

اللہ کے مقبُول بندے کی پہچان کیا ہے ؟

حاضرین میں سے ایک نے جواب دیا !

جو کسی بھی میر و سلطان سے کوئی واسطہ نہ رکھے اور دُنیا و ما فیہا کی ہر شے سے کُلیتاً مُستغنی و بے نیاز ہو۔

دوسرے نے کہا:

جو اپنے مطلوب و مقصود کے سوا ہر کسی کو بھول جائے۔

تیسرے نے کہا:

جو ہمہ وقت ذکرِ الٰہی میں مُستغرق رہے،

چوتھے نے تفصیلاً بتایا:

جو اللہ کی ربُوبیّت کا مظہر ہو اور سُنّتِ مُطہّرہ کے عین مطابق ایک مُسافر کی طرح زندگی گزارے۔ کَل کے لیے کوئی شے بچا کر نہ رکھے۔ ہر شے مخلوق کی طرف سے مخلوق میں تقسیم کر دے۔ اُسکی ذات سے عام لوگ فیض پائیں اور اس کے در سے لنگر جاری ہو لنگر میں صرف کھانا ہی شامل نہیں ہوتا، بیماروں کو شفا ملتی ہے، مفلس و نادار کی فریاد رسی

ہوتی ہے، گمراہ ہدایت پاتے ہیں، انسانیت
دوا لیتی ہے اور طالبانِ حق کو راہِ خُدا ملتی ہے۔ یہ
وُہ لنگر ہے جو سدا جاری رہتا ہے۔

ماشاء اللہ! چاروں نے اپنے اپنے حال کے
مطابق سچ کہا! یاحیُّ یاقیّوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۲۰۶۷

عرفان کی اِنتہاء سورۃ الھُمَزَہ میں تلاش کر۔
وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۙ
ۨالَّذِىْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۙ

جس نے اِسے پالیا،
خوش ہوگیا ارشاد۔

کوئی بندہ شاد ہو سکتا ہی نہیں
جب تک اِن پہ کاربند نہ ہو!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۶۸

ظالم کو ظُلم کا خمیازہ بُھگتنا
پڑے گا، دُنیا میں بھی
اور آخرت میں بھی مگر
توبہ کر لے ......

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۶۹

لِسَانُ الْغَیبْ
اَللّٰہ کی آواز ہوتی ہے۔
کبھی نہیں دبتی، اُبھر کر رہتی ہے۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیرالرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۷۰

ایک چراغ سے ہزاروں چراغ
روشن ہوئے۔ آخری کا دیکھنا
گویا پہلے کا دیکھنا ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیرالرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۷۱

خیر و شر کی تمیز کے بغیر
عرفان مکمّل نہیں ہوتا۔

میرے اللہ! مَیں کچھ نہیں جانتا
هیچ چیز نمی دانم،
تُو ہی جاننے والا، بتانے والا،
سمجھانے والا اور حقیقتوں سے آشنا
کرانے والا ہے۔ تو میرا مالک بھی ہے
وارِث بھی، مُعین بھی ہے،
مؤیّد بھی! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۷۲

دانائی ــــ نبوّت کا بہترین جزو۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

۱۲۰۷۳

اللہ اپنے جس بندے کا چاہے ، ذکر بُلند کر دیتا ہے ، ذکرِ جمیل ماشاءاللہ ! اور یہ وُہ بندے ہوتے ہیں جنہیں ذکرِ دَوام کی توفیق تا حیات عنایت کی جاتی ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

۱۲۰۷۴

اللہ کی باتیں اَٹَل ہوتی ہیں،
کبھی نہیں بدلتیں ! !

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۷۵

تیرا دُشمن کِینہ عین کمینہ ہے۔
اللہ ہی کی طرف سے مُسلّط کیا جاتا ہے۔

پناہ مانگا کرو !

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۷۶

اللہ کے حُکم کے بغیر کوئی جادُو
کسی پہ اثر نہیں کرتا۔ اور
جادُوگر، جہاں کہیں ہے، کبھی
فلاح نہیں پاتا۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضْل العَظيم

۱۲۰۷۷

جو میرے دِل میں ہے
تُو خوب جانتا ہے
اَور جو تیرے ضمیر میں ہے
مَیں نہیں جانتا!
یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيم

۱۲۰۷۸

اللہ بندوں پر ظُلم نہیں کرتا،
بندے ہی بندوں پر ظُلم کرتے ہیں۔

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۷۹

سب جانور، جو اللہ نے پیدا کیے،
سجدہ کرتے ہیں۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۸۰

تمام گھروں سے کمزور گھر مکڑی کا ہے۔

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۸۱

قَسم کا ضامن اللہ ہوتا ہے۔ معمولی قَسموں کو، جو ہر کوئی ہر وقت کھاتا رہتا ہے، محو کردیتا ہے۔ راسخُ الایمان قَسم کا مؤاخذہ کرتا ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۸۲

قدم قدم پہ رحمت اور
قدم قدم پہ سرزنش
زِندگی کی منازل ہوتی ہیں!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۸۳

بیشک تُو ہی ، یا ربّ ذوالجلال والاکرام،
زمین و آسمان کو پیدا کرنے والا ہے ،
اور تیری بادشاہی میں کوئی شریک نہیں!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمْ

۱۲۰۸۴

جس نے بھی کریم کو پُکارا،
کرم ہوا۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمْ

۱۲۰۸۵

مقالاتِ حکمت

جو اُنہوں نے بتائے
یا پسند فرمائے
"مقالات" کہلاتے ہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۸۶

منازلِ سائرہ

جملہ مذاہب و اَدیان کا خلاصہ :

و۔ میرے آقا رُوحی فداہ صلّے اللّٰہ علیہ وسلّم

و۔ قرآنِ عظیم۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۸۷

مدارجِ انسانیت :

کافر	آہ و فغاں کا منظر۔ اُبلتے ہوئے پانی کی دعوت
مُشرک	سُبحَانَ اللہِ عَمَّا یُشرِکُونَ
منافق	پرلے درجے کی بدترین مخلوق
صالحین	سُبحَانَ اللہِ وَبِحَمدِہٖ وَلَاحَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ اَللّٰھُمَّ اھدِنِی مِن عِندِکَ وَاَفِض عَلَیَّ مِن فَضلِکَ وَانشُر عَلَیَّ مِن رَحمَتِکَ وَاَنزِل عَلَیَّ مِن بَرَکَاتِکَ

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم　فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۸۸

حضرت مخدوم علاؤ الدین علی احمد صابر کلیری
قُدس سِرّہٗ العزیز عالمِ وجد و محبّت میں فرمایا کرتے:
کعبہ خوانم یا پیمبر یا مُصحف است ایں یا خُدا
اِصطلاحِ شوق بسیار است و من دیوانہ ام
(میں آپ کو کعبہ کہوں یا پیغمبر، قرآن کہوں یا خُدا،
میرے شوق کے خیالات تو بہت ہیں،
ویسے میں اُن کی مُحبّت کا دیوانہ ہوں)

دیوانگی ـــــ فتویٰ سے مُستغنی!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۰۸۹

جب تک کسی کا شک دُور نہیں ہوتا،
ہر شے جُوں کی تُوں رہتی ہے۔

اور شک ہمیشہ ڈانواں ڈول رہتا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۲۰۹۰

بادشاہو! یہ تیرے شریک نہیں، محبُوب ہیں۔
تیرا جو ناز تیرے محبُوب ہیں ہے، کمال ہے۔
محبُوب شریک نہیں ہوتے، محبّت کی آبرو ہوتے ہیں۔
یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۲۰۹۱

فِرعون جب غرق ہونے لگا :

اے موسیٰؑ ! میں تیرے ربّ پہ ایمان لاتا ہوں۔

کہتے ہیں جبرئیلؑ نے اُس کے مُنہ میں مٹّی ڈال دی۔

واللہ اعلم بالصواب

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۹۲

اِنسان جس طرح بھلائی میں جلدی کرتا ہے،

اسی طرح بُرائی میں !

اِنسان جَلد باز ہے !

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۹۳

منافق نافرمان ہوتا ہے۔
منافقت لعنت ہے، توبہ کر۔
نافرمان کی کوئی بھی شے قبول نہیں
کی جاتی، نہ دنیا میں نہ آخرت میں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۹۴

ہم نے سُن تو لیا،
مگر مانتے نہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۹۵

بستیوں کو غرق کر دینا، زمین میں دھنسا
دینا اور تھہ (ٹیلے، ٹِبّے) بنا دینا
اللہ کی مبیّن نشانی ہے۔ اللہ نے کسی بستی
کو ہلاک نہیں کیا جب تک اُن میں کوئی
ڈرانے والا نہیں آیا اور انہوں نے نافرمانی
نہ کی۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۲۰۹۶

مکڑی کا گھر کمزور ہوتا ہے
اور ہمارا گھر کمزور تر۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۲۰۹۷

نہ اِترایا کر نہ جُھنجھلایا،
اللہ تیرے ہر کام کو دیکھ رہا ہے۔

"میں تیری ایسی چیز دیکھ رہا ہوں
جسے تم نہیں دیکھتے!" یا حیّ یا قیوّم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۲۰۹۸

میں نے بندے کو پیدا کیا، میں نے
ہی اسے سجدہ کرنے کا حکم دیا،
تم نے اسے سجدہ کیوں نہ کیا؟
نِکل جا پاجی، مردُود .... یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۲۰۹۹

دِلوں کی بیماریوں کی شِفا ـــــــ رحمت

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۲۱۰۰

کوئی مصیبت نہیں پہنچتی مگر وہ جسے اللہ نے میرے لیے لِکھا ہُوا ہے!

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۲۱۰۱

تیری ہر شے تیرے سامنے ہے تو ہی مالک ہے، تو ہی مملوک!

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۲۱۰۲

عذاب کبھی نہیں ٹلتا،
ٹلنے والا نہیں ہوتا،
ہو کر رہتا ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضل العَظِيم

۱۲۱۰۳

انسان کا بہت بڑا درجہ ہے۔
وہ اپنی بڑائی سے بے خبر بھی ہے،
آگاہ بھی!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضل العَظِيم

۱۲۱۰۴

اِنسان کا مقسُوم

دُکھ جھیلنے کے لیے بھی ہے،
آرام و آسائش کے لیے بھی۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
والله ذوالفضل العظيم

۱۲۱۰۵

تُو زمین پہ رہتے ہُوئے
آسمان کی خبروں سے
مُطّلع ہو۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
والله ذوالفضل العظيم

۱۲۱۰۶

اللہ کی نظر جب کسی چیز پر پڑ جاتی ہے
تو وہ چیز اپنی ہستی سے معدُوم ہو جاتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۰۷

لا فانی حقیقتیں ظاہر ہو کر رہتی ہیں!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۰۸

لاہُوت — اَمر کا ماضی بھی ہے، مُستقبل بھی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۰۹

میں تجھ سے مانگ کر
کبھی محروم نہ رہا !

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۲۱۱۰

پیغمبر ڈرا نہیں کرتے !

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۱۱۱

سب سے پہلے پکّی اینٹ فرعون نے بنائی

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۱۱۲

کوئی بھی شے اللہ سے مخفی نہیں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

والله ذوالفضل العظيم

۱۲۱۱۳

قارون .... زمین میں دھنسا!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العظِيم

۱۲۱۱۴

جانور رِزق اُٹھائے نہیں پھرتے!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

والله ذوالفضل العظيم

۱۲۱۱۵

وہ سینے کے اندر کی باتوں کو جاننے والا ہے

یَا عَلِیۡمًا بِذَاتِ الصُّدُوۡر

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفَضل العَظیم

۱۲۱۱۶

افسوس، سارا دِن سرگوشیوں میں گزرا!

باز رہو۔ سرگوشیاں شیطان کا لشکر ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضل العَظیم

۱۲۱۱۷

نِشانیاں مت مانگا کرو۔ بندے کا پیدا کرنا

ہی اصل نِشانی ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضل العَظیم

۱۲۱۱۸

سائل کو خیرات دیا کرو۔ یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۱۹

قسمیں مت کھایا کرو! یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۲۰

میرے عہد و پیمان کا ضامن اللہ ہے۔

ثابت قدم فرما! یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۲۱

آج میرے آقا روحی فداہ صلّے اللہ علیہ وسلّم
حجّۃُ المبارک کے اِجتماع کا معائنہ
فرما رہے ہیں اور عیدُ الاضحیٰ کے
آخری دن اقلیم روائی کا شُکریہ !

اِس ساعتِ سعید و مبارک پہ فرما رہے ہیں

اَدعِیَۃِ لِمَغفِرَۃِ اُمّۃِ رَسُول اللہ
صَلّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلّمَ
مُبارکْ ھو !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۱۲۲

دُنیا، دِین کی ضِد ہے۔

ایک نے کہا :
ہم نے اِس دُنیا کو برباد کرنے کی
ہر ممکن کوشش کی ،
اِسے ذلیل کرنے میں
کوئی کسر نہ چھوڑی،
اِس کی تضحیک کے لیے ہر حربہ
آزمایا ، بِالآخر اَللہ نے
اِس جِدّ و جُہد کو کامیاب
فرمایا۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۱۲۱۲۳

پانی ـــــ ہر مشروب سے قوی

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحي القيوم
فانه خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۲۱۲۴

قول بے عمل

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ (البقرة : ۴۴)

کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنی جانوں کو بھلا دیتے ہو حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو، کیا تم سمجھتے نہیں ؟

وَ سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَاج يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ط بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ؁ (الفتح - ۱۱)

جو گنوار (جہاد سے) پیچھے رہ گئے تھے وہ سب عنقریب آپ سے یوں کہیں گے کہ ہمارے اموال اور گھر والوں نے ہمیں مشغول رکھا سو آپ اللہ سے ہمارے لیے مغفرت مانگیے۔ وہ اپنی زبان سے وہ بات کہتے ہیں جو اُن کے دلوں میں نہیں۔ آپ کہیئے اگر اللہ تمہیں تکلیف دینے کا ارادہ کرے یا تمہیں نفع پہنچانا چاہے تو اللہ کے مقابلے میں کون ایسا ہے

جو تمہارے لیے کسی شے پہ اختیار رکھتا ہو؟ بلکہ اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں سے خوب خبردار ہے۔

و۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ (الصف : ۲)

مُسلمانو! تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں!

و۔ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ (الصف : ۳)

اللہ کے نزدیک بڑی بیزاری ہے کہ تم وہ بات کہو جو کرتے نہیں!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۲۱۲۵

ناشُکری اللہ کو ناپسند ہے،
شُکر کیا کر!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۲۱۲۶

قَالُوْا سُبْحٰنَکَ
لَا عِلْمَ لَنَآ
اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ط اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ ○

پہلی گھونٹ میں ...... قَالُوْا سُبْحٰنَکَ
دوسری میں ...... لَا عِلْمَ لَنَا

تیسری ہیں .... اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ○

اگر کوئی غبی ہو اور یہ کلمات پڑھے تو

کشائشِ علم نصیب ہو۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۲۱۲۷

ہر وقت اللہ کی بڑائی بیان کیا کرو۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۲۱۲۸

اللہ سب کچھ جانتا ہے اور حکمت والا ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۲۱۲۹

اگر وہ شرک نہ کرتے، تو
اُن کے اعمال ضائع نہ ہوتے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۱۲۱۳۰

اُونٹ کس طرح پیدا کیا، سُبحان اللہ!

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

والله ذوالفضل العظيم

۱۲۱۳۱

کونسا مُنہ لے کر حاضر ہوں گے! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

والله ذوالفضل العظيم

۱۲۱۳۲

مومن ، نافرمان نہیں ہوتا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمِ

۱۲۱۳۳

جب تک تیرا اپنا دِل نہیں بدلتا،
کیونکر بدل سکتا ہے ؟

دل کا بدلنا اللہ ہی کے قبضۂ قُدرت میں ہوتا ہے

تیرے فضل و رحمت سے یہ دِل بدلے ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمِ

۱۲۱۳۴

اللہ ہر شئے پہ قُدرت رکھتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۲۱۳۵

رُعب اور ہیبت اللہ ہی کی طرف سے
بندوں کو عنایت ہوتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۱۳۶

بندوں کو صبر بھی اللہ ہی کی طرف سے
عنایت ہوتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۱۳۷

علم و حکمت کا باب وُہی اور صرف وُہی کھول سکتے ہیں۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذوالفضل العظیم

۱۲۱۳۸

بچپن کا وظیفہ

وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ (الانفال - ۱۸)

اور نہیں پھینکی تھی وہ (خاک کی مٹھی) آپ (صلے اللہ علیہ وسلم) نے جب کہ پھینکی تھی آپ (صلے اللہ علیہ وسلم) نے بلکہ اللہ (تبارک و تعالےٰ) نے پھینکی تھی۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذوالفضل العظیم

۱۲۱۳۹

کسی کام کی بابت یہ نہ کہا کر کہ مَیں کروں گا
مگر اِنشاءاللہ ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۴۰

زکریّا علیہ السّلام
یحییٰ علیہ السّلام
جنتی مَرد تھے۔
لڑکپن میں بھی دانا اور پرہیز گار تھے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۴

حضرت زُہد الانبیاء باوا فرید الدّین مسعود گنج شکر
قدس سرّہٗ العزیز کو ایک ایسا اِمتیاز حاصل ہے جو شاید
ہی کسی ولی کو نصیب ہوا ہو کہ حق تعالیٰ نے
اُنہیں دو پیر عطا کیے جو اپنی نظیر آپ تھے :
حضرت خواجہ غریب نوازؒ اور حضرت بختیار کاکیؒ۔
اور دو مُرید عطا کیے جو اپنی مثال آپ تھے :
حضرت علاؤ الدین علی احمد صابر کلیریؒ اور حضرت
نظام الدین محبوب الٰہیؒ
ایک عشقِ الٰہی میں بے خود و سرشار ،
دوسرا جلوۂ محبُوبیّت کا آئینہ دار ،

وما علینا الا البلاغ

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۱۴۲

دوزخ کا سب سے نچلا درجہ سِجّین ہے اور جنّت کا سب سے اعلیٰ مقام عِلّیّین ہے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذوالفضل العظیم

۱۲۱۴۳

میرے عرفان کا تقاضا ہے کہ مٹّی ہو جاؤں۔ دھوپ کی حِدّت سے کوئی تکلیف ہو، نہ سردی کی شِدّت سے۔ مٹّی بن کر تکلیف کے احساس سے بے نیاز ہو جاؤں۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذوالفضل العظیم

۱۲۱۴۴

و۔ اور قیامت کا معاملہ بس ایسا جھٹ پٹ
ہوگا جیسے آنکھ کا جھپکنا۔ بلکہ اِس سے بھی جلدی۔

(النحل آیت : ۷۷)

و۔ اور ہمارا حکم یکبارگی ایسا ہو جائے گا
جیسے آنکھوں کا جھپکانا۔ (القمر آیت : ۵۰)

دُنیا میں رہنا
قیامت کے مُقابلے میں ایسا ہے
جیسے آنکھ کا جھپکنا!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُو الفضلِ العظیم

۱۲۱۴۵

جو تیرے ربّ کی پروا نہیں کرتا،
ہم کیونکر اُس کی پروا کرسکتے ہیں؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۴۶

ایمان کی تصدیق آزمائش سے کی جاتی ہے!
جتنی کڑی آزمائش
اُتنا قوّی ایمان

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۴۷

تعلیمِ آداب

و۔ اے ایمان والو! تُم (حُضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم سے مخاطب ہوتے وقت) لفظ رَاعِنَا مت کہا کرو بلکہ اُنظُرنَا کہا کرو اور اِس (حکم) کو اچھی طرح سُن لو

(البقرۃ آیت ۱۰۴)

و۔ اگر یہ لوگ (بارگاہِ رسالتؐ میں سَمِعنَا وَ عَصَینَا اور اِسمَع غَیرَ مُسمَعٍ اور رَاعِنَا کی بجائے یوں) کہتے سَمِعنَا وَ اَطَعنَا وَاسمَع وَ اُنظُرنَا (یعنی ہم نے سُن لیا اور مان لیا اور آپ ہماری گزارش سُن لیجئے اور ہماری طرف نظرِ کرم فرمائیے) تو یہ بات اُن کے لیے بہت بہتر، موزُوں اور برمحل ہوتی .... (النساء : ۴۶)

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۲۱۴۸

علمِ طبؒ

مَعدُوم تھا — بُقراط نے ایجاد کیا
مُردہ تھا — جالینوس نے زندہ کیا
مُتفرق تھا — رازیؒ نے جمع کیا!
ناقِص تھا — بُوعلی سِیناؒ نے مکمل کیا

یہ طب۔ جس کا بانی بُقراط تھا، اور جس کی تکمیل بوعلی سیناؒ نے کی۔ طب کی اوّلین، بُنیادی اور اہم ترین قسم ہے کیونکہ اِس میں انسانی بدن کی تشریح و توضیح کے علاوہ عوارض و امراض پر مکمل بحث کی گئی ہے۔ اِس میں تشخیص و تجویز کا عمل

ہے جو ایک باقاعدہ دستور کے تحت تواتر کے ساتھ چلتا ہے۔ یہی طبِّ یونانی کہلائی اور اِسی پر اسلامی دور میں تحقیق و جستجو سے نئے آفاق اُبھرے اور اِس نے طبِّ اِسلامی کا نام پایا۔ یہی بُنیاد تھی جس پر آج ایلوپیتھی اور سرجری کے بلند و بالا ایوان تعمیر ہوئے نظر آتے ہیں۔

طِبّ کی دوسری قسم، جو پہلی پر فوقیت رکھتی ہے طبِّ نبوی ہے جسے ہم اپنے آقا و مولا حضورِ اقدس و اکمل و اجمل و اطیبؐ و اطہر رُوحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلّم کی ذاتِ گرامی سے منسُوب کرتے ہیں۔

ہمارے حضور صلے اللہ علیہ وسلّم تشریف لائے تو علم الایمان کے ساتھ ایک بہترین اور مکمل ترین علم الابدان بھی لائے۔ آپؐ صرف رُوحِ انسانی کے مُصلح و مُعالج

تھے، بدنی امراض کے بھی طبیبِ کامل و اکمل تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"علموں میں سے علم دو ہی ہیں، عِلمُ الادیان اور عِلمُ الابدان"

قرآنِ حکیم تخلیقِ انسانی کے مختلف مدارج پر جس حکیمانہ انداز میں روشنی ڈالتا ہے، وہ علمِ طب کا ایک اہم ترین باب ہے۔ حضور ؐ نے حکمت کو مسلمانوں کی گُم گشتہ متاع قرار دے کر اسے حاصل کرنے کی تاکید فرمائی، جس سے میدانِ عمل و تحقیق میں ایک ولولہ پیدا ہُوا اور رازیؒ و بو علی سینا جیسے مفکّرین نے ایک دینی فریضہ سمجھ کر اِس فن کی خِدمت کی جسے عالمِ اِنسانیت قیامت تک فراموش نہیں کر سکتا۔

یہ فن اپنی اصل کے اِعتبار سے پیغمبری ہی کا ایک جزو ہے جس کا نُقطۂ کمال حضورِ اقدس صلّے اللہ علیہ وسلّم کی ذاتِ اقدس ہے جہاں طِبّ کے تمام مروجہ دستور اور

قاعدے ختم ہو جاتے ہیں حضورِ اقدسؐ کا دستِ شفقت

و رحمت اِس سے آگے تک شفا تقسیم کرتا نظر آتا ہے۔

ایسے نُسخے یا معالجات جو حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم سے

بالواسطہ یا بلا واسطہ روایت ہیں یا ایسے معالجات اور

نُسخے جو بعض صُلحائے اُمّت کو عالمِ کشف و رویا میں حضورؐ

نے تعلیم فرمائے، طِبِّ نبویؐ کے ضمن میں آتے ہیں۔

ہمارا ایمان ھے کہ آج کی طبِّ اسلامی حضورؐ ہی

کی نظرِ کرم کا نتیجہ اور آپؐ کی ہی رہینِ احسان ہے۔

چنانچہ "**دارالاحسان**"، کے پیشِ نظر اِسی

طِبّ کی ترویج و اشاعت اور اِسی کی تنظیم و اِصلاح

ہے! ماشاء اللہ!

طبّ کی تیسری قسم وہ ہے، جسے اگرچہ بظاہر کسی

مادی اُصول یا سائنسی قاعدے کے تابع نہیں کہا جاسکتا،

لیکن اس کے باوجود اطبّائے قدیم وجدید سبھی اِس کے وجود کے قائل اور اِس کی افادیت کے مُعترف ہیں۔ اِس طبّ کی بُنیاد القاء و الہامات ہے۔ اکثر بزرگانِ دینؒ سلف صالحینؒ، صحابہ کرامؓ اور قدیم اکابر حکماء کی مسلسل روایات اِس کی توثیق کرتی ہیں کہ بعض امراض کے متعلق عالمِ رویاء میں اُن کی راہنمائی کی گئی اور جب اس پر عمل کیا گیا تو اسے شافی علاج پایا۔ چنانچہ اس کی اہمیّت و افادیت بھی مُسلّمہ اور کسی تسک و شبُہ سے بالا ہے۔

طِبّ کی چوتھی قسم وُہ ہے جسے عُرفِ عام میں ٹوٹکہ کے نام سے پُکارا جاتا ہے۔ اِس کے جاننے والا اگرچہ طبیب تو نہیں کہلا سکتا لیکن اس کے پاس جو بعض مخصوص امراض کے لیے مخصُوص اور سینہ بہ سینہ نُسخے موجود ہوتے ہیں، وہ یقیناً کسی صاحبِ علم وفن کی تحقیق و جُستجو کا حاصل ہوتے

ہیں۔ ایسے ہی نسخوں کو ٹوٹکوں کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

یہ ٹوٹکے بے حد مؤثر، سریع الاثر اور بے خطا ہوتے ہیں۔ دمہ اور بواسیر ایسے ہٹیلے امراض، پتھری گردہ و مثانہ جیسے موذی امراض کے علاوہ اور بھی بیسیوں امراض کا حیرت انگیز علاج بعض ٹوٹکوں میں موجود ہے جو اس کی افادیت کی واضح دلیل ہے۔ چونکہ یہ ٹوٹکے اکثر ورثہ کے طور پر سینہ بہ سینہ منتقل ہوتے رہے ہیں اس لیے ان پر جدید تحقیق کے دروازے بند رہے۔ ورنہ شاید اس کی افادیت اور بھی مؤثر اور فعال ہوتی۔

و۔ "طِبّ نبوّت کا ایک حصّہ ہے"۔ علمائے طِبّ کے سامنے جب تک اِس کی یہ حیثیت برقرار رہی، اُن کے کردار میں پاکیزگی اور اخلاق میں عظمت رہی۔ زُہد و اِتقا میں وُہ ممتاز رہے طِبّ نے اُن سے زندگی پائی، تو اُن کی

شخصیتوں کو بھی طِب نے ابد الآباد تک زندہ و پائندہ بنا دیا۔

و۔ "طِبّ ایک فنِّ شریف ہے"۔ جب تک اسے عملاً اس حیثیت سے تسلیم کیا گیا، علمائے طِبّ اخلاص و شرافت کے پیکر نظر آتے رہے۔ خدمتِ خلق ان کا شعار رہا۔ اُن کے ذہنوں کو حرص و لالچ کی پرچھائیں تک نہ چھو سکتی تھی۔ اُنہوں نے اِس فن کو حقیقی معنوں میں شریف بنایا اور فن نے اُنہیں معاشرہ میں ممتاز شرفا کی صفوں میں مقام دِلوایا۔

و۔ "طِبّ مُسلمانوں کی گُم گشتہ متاع ہے"۔ جب تک علمائے طِبّ کے سامنے یہ حقیقت رہی، وہ کمال عجز و نیاز سے شب و روز اِس کی خدمت میں مصروف رہے۔ تحقیق کے دریاؤں میں اُتر کر نت نئے گوہر تلاش کیے جس سے دامنِ حکمت مالا مال ہو گیا!

آج بھی

طِبّ نبوّت کا ایک حِصّہ ہے !

ایک شریف فن ہے !

مُسلمان کی گُم گشتہ متاع ہے ! **لیکن**

آج اس کی اِس حیثیت کو تسلیم نہیں کیا جارہا ہے۔ اس کی حقیقت سے دیدہ دانستہ اعراض کیا جارہا ہے جس کا نتیجہ ہے کہ جس تنِ مُردہ کو عدم سے وجود میں لانے، اسے زندہ کرنے اور مُنضبط و مکمّل کرنے میں صدیوں کی ریاضت کام آئی تھی، پھر سے اُس کا شیرازہ مُنتشر ہوا جارہا ہے۔ آج مُردہ نہ سہی، سوضرور رہا ہے۔ نہ اس میں تحقیق ہے نہ تفکّر نہ جدّت ہے نہ دلچسپی۔ طِبّ سے ہماری یہ بے اِعتنائی اس کی بے وُقعتی کا سبب بنی ہے۔ ہم نے اسے وُہ اہمیّت ہی نہیں دی جس کی یہ مستحق تھی اور اس کا صلہ

یہ ہے کہ خود طبیب آج بے وَقر ہے۔ آج کے دَور میں اس کی کوئی وقعت نہیں۔ ماسوائے معدودے چند محترم نفوس کے، بیشتر طبقہ نے اِس فن کو محض معاش کا ایک ذریعہ تصوّر کر رکھا ہے۔ تحقیق کے دروازے بند ہیں۔ خدمتِ خلق کا جذبہ مفقُود ہے۔ بلند نظری اور پاک نفسی مجرُوح نظر آتی ہے۔ اب نہ اِس سے مریض مُطمئن نظر آتا ہے نہ معالج۔ گویا یہ فن آج ہم سے رُوٹھ گیا ہے۔

اللہ کا شُکر و احسان ہے کہ اُس نے ہماری اِس میراث یعنی طبِّ اسلامی کی خدمت کے لیے دارالحکمت المعروف دارالشفاء کو منتخب فرمایا۔ ہم اپنے اِس عزم کو دُہراتے ہیں کہ اِس فنِ شریفہ کو پھر سے زمانے میں روشناس کرانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں

گے۔ اِس کی عظمتِ رفتہ کو واپس لوٹانے کے لیے شب و روز ایک کر دیں گے اور اس کی خدمت اسی انداز میں کی جائے گی جس کا کہ آج کا دور تقاضا کرتا ہے۔

یہ فن ہم سے رُوٹھ چکا ہے، ہم اسے منائیں گے۔ سوچکا ہے، ہم اسے جگائیں گے۔ زمانے سے پچھڑ چکا ہے، اسے آگے بڑھائیں گے۔! اِن شاء اللہ العزیز۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۱۲۱۴۹

طِبّ کی اِبتدا ــــ عَلَق

طِبّ کا عروج ــــ کشفُ الورید

ہر غم کا علاج ــــ دُرود شریف

ہر بیماری کا علاج ــــ الحمد شریف

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

واللهُ ذُو الفضلِ العظيم

زیتون کے فوائد

حضرت عُقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ، کہتے ہیں کہ مَیں نے جناب رُسول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم کو فرماتے سُنا کہ لوگو! زیتون کے مُبارک درخت کو سدا استعمال میں لاتے رہو اور روغن زیتون کے ساتھ دوا کیا کرو۔ کیونکہ وہ بواسیر کو بہت ہی فائدہ پہنچاتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا روغن زیتون کھایا کرو اور بدن پر مَلا کرو۔ یہ ستّر بیماریوں کو ٹھیک کرتا ہے جن میں سے ایک جذام ہے۔

ذہبیؒ طبِّ نبویؐ میں لکھتے ہیں کہ روغن زیتون کی جسم پر پالش کرنے سے بال اور تمام اعضاء قویّ اور مضبوط

ہو جاتے ہیں اور بڑھاپا دیر میں رُخ کرتا ہے۔ اس کا شربت بھی سمّی اور زہریلی چیزوں کو مُفید پڑتا ہے۔

حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا اے علی! (رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ) تم روغن زیتون کھایا بھی کرو اور بدن پر مَلا بھی کرو۔ کیونکہ جو شخص روغن زیتون کی مالش کرے گا، چالیس رات تک اس کے پاس شیطان نہ پھٹکے گا۔ یہ روایت تحفۃ اللبیب میں مذکور ہے۔

بعض فضلاء نے کہا ہے کہ یہ مُفلس اور تنگ دستوں کا تریاق ہے "عرائس" میں لکھا ہے کہ ایک دن آدم علیہ السّلام کو درد کی شکایت ہوئی۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام آپؑ کے پاس زیتون کا درخت لائے اور فرمایا اِس کا پھل لے کر نچوڑ! کیونکہ اِس میں ہر مرض کی دوا ہے، سوائے موت کے۔

ابونعیمؒ کی طبِ نبویؐ میں لکھا ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم نے اپنے بعض پاکباز اور جاں نثار یاروںؓ کو بھی زیتون دے کر فرمایا کہ اِس کا اکثر استعمال کیا کرو۔ کیونکہ یہ دل کو مضبوط، نفس کو پاک کرتا ہے اور سینہ کی طخاوت کو دُور کر دیتا ہے۔

لوگوں نے دریافت کیا : سینہ کی طخاوت کیا ہے؟ فرمایا: وہ آسمانی غبار جو دُور سے معلوم ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

★ اور جب ہم نے حکم دیا کہ تم لوگ اس آبادی کے اندر داخل ہو جاؤ اور اس (کی چیزوں میں) سے، جہاں سے چاہو، بافراغت کھاؤ (پیو) اور جب دروازے میں داخل ہونا تو سجدہ کرنا اور (زبان سے) کہتے جانا حِطَّۃٌ (توبہ ہے، توبہ ہے)

تو ہم تمہاری خطائیں معاف فرمادیں گے اور نیکو کاروں کو اس سے مزید بھی عطا کریں گے سو اُن ظالموں نے بدل ڈالا ایک اور کلمہ، جو خلاف تھا اُس کلمہ کے جس (کے کہنے) کی ان کو تلقین کی گئی تھی (یعنی انہوں نے حِطَّۃٌ کی بجائے ازراہِ تمسخر حَبَّۃٌ فِیْ شَعِیْرَۃٍ کہنا شروع کردیا یعنی غلّہ درمیان جَو کے - ایک اور

روایت کے مطابق انہوں نے حِطَّۃٌ کی بجائے حِنطَۃٌ کہنا شروع کردیا یعنی ہمیں گندم دے) اِس پر ہم نے اُن ظالموں پر آسمان سے عذاب نازل کیا اس وجہ سے کہ وہ حکم عدولی کرتے تھے۔

(البقرۃ آیت ۵۸ تا ۵۹)

★ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب اُنہیں (یعنی بنی اسرائیل کو) حکم دیا گیا کہ تم لوگ اس آبادی میں جا کر رہو اور اس میں جہاں سے جی چاہے کھاؤ (پیو) اور (شہر میں جاتے وقت زبان سے) کہتے جانا حِطَّۃٌ (ہم بخشش مانگتے ہیں) اور دروازہ میں داخل ہونا تو سجدہ کرنا، ہم تمہاری خطائیں معاف کردیں گے اور جو لوگ نیک کام کرنے والے ہیں، ہم انہیں اور بھی عنایت کریں گے۔ سو بدل ڈالا اُن ظالموں نے ایک اور کلمہ جو اس کے خلاف تھا

جس کی انہیں تلقین کی گئی تھی۔ اس پر ہم نے اُن پر ایک
آفتِ سماوی بھیجی اِس وجہ سے کہ وہ ظلم کرنے والے تھے۔

(الاعراف — ۱۶۱ تا ۱۶۲)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
شروع اللہ کے نام سے جو رحم کرنیوالا اور مہربان ہے۔

اُفٍّ لَّکُمۡ	تُف ہے تم پر
وَلِمَا تَعۡبُدُوۡنَ	اور اُن پر جنہیں تم پوجتے ہو
مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ ؕ	اَللہ کو چھوڑ کر!
اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ۝	کیا تم (اِتنا بھی) نہیں سمجھتے!
(الانبیاء — ٦٧)	

۱۲۱۵۰

آدم کا منکر شیطان بنا!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

واللہُ ذُو الفضل العظیم

۱۲۱۵۱

بندوں کا بلند ترین مقام :

جب مرنے مارنے پہ اُتر آتے ہیں، رنگ بندھ جاتا ہے۔

یا حیّ یا قیّوم
الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُو الفضل العظیم

۱۲۱۵۲

اَللہ تعالےٰ نے قرآن کریم میں ان چیزوں کی

قَسَم کھائی :

قسم ہے پرَوردگار کی

قسم ہے کتاب روشن کی (یعنی لوحِ محفوظ کی)

قسم ہے آسمان کی

قسم ہے قرآنِ مجید کی

قسم ہے زمین اور آسمان کے مالک کی

قسم ہے زمانے کی (عصر کی)

قسم ہے اِنجیر اور زیتون کی اور طورِ سینین کی

اور اس امن والے شہر (یعنی مکہ) کی

قسم ہے اُن سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں کی

جو ہانپ اُٹھتے ہیں

قسم ہے قلم کی اور اُس کی جو کچھ اہلِ قلم لکھتے ہیں
قسم ہے رات کی جب دن کو چھپالے اور
قسم ہے دن کی جب چمک اُٹھے اور
قسم ہے اُس ذات کی جس نے نر اور
مادہ پیدا کیے
قسم ہے آفتاب کی روشنی کی اور
قسم ہے رات کی تاریکی کی جب چھا جائے
قسم ہے اُن چیزوں کی جو تمہیں نظر آتی ہیں اور
قسم ہے اُن کی جو نظر نہیں آتیں
قسم ہے سُورج کی اور اُس کی روشنی کی اور
چاند کی جب اس کے پیچھے نکلے اور
دن کی جب اُسے چمکا دے اور
رات کی جب اُسے چھُپالے

قَسم ہے چاند کی اور رات کی جب جانے لگے اور
صُبح کی جب روشن ہو
قَسم ہے اُن فرشتوں کی جو ڈوب کر کھینچ لیتے
ہیں اور اُن کی جو آسانی سے کھول دیتے ہیں
اور اُن کی جو تیرتے پھرتے ہیں
قَسم ہے اُن ستاروں کی جو پیچھے ہٹ جاتے ہیں اور
جو سیر کرتے اور غائب ہو جاتے ہیں
قَسم ہے رات کی جب ختم ہونے لگتی ہے اور
قَسم ہے صُبح کی جب نمودار ہوتی ہے
قَسم ہے تارے کی جب غائب ہونے لگے
قَسم ہے بکھیرنے والیوں کی (یعنی تیز ہواؤں کی)
جو اُڑا کر بکھیر دیتی ہیں
قَسم ہے اُن ہواؤں کی جو نرم نرم چلتی ہیں

قسم ہے طور کی اور

قسم ہے کتاب کی جو کُشادہ اوراق میں لکھی ہوئی ہے اور

قسم ہے آباد گھر کی اور اونچی چھت کی اور

اُبلتے ہوئے دریا کی

قسم ہے آسمان کی اور رات کے وقت آنے والے کی

قسم ہے شام کی سُرخی کی اور رات کی اور جن چیزوں

کو وہ اکٹھا کر لیتی ہے اور

قسم ہے چاند کی جب کامل ہو جائے

قسم ہے آسمان کی جس میں بُرج ہیں اور اس دن

کی جس کا وعدہ ہے اور حاضر ہونے والے

کی اور اُس کی جو اُس کے پاس

حاضر کیا جائے

قسم ہے اس شہر (مکہ) کی

قسم ہے باپ یعنی آدمؑ اور اسکی اولاد کی ،

قسم ہے فرشتوں کی جو وحی لاتے ہیں

قسم ہے قرآن کی جو نصیحت دینے والا ہے

قسم ہے آسمان کی اور اُس ذات کی جس نے

اسے بنایا اور

قسم ہے زمین کی اور اُس ذات کی جس نے

اسے پھیلایا اور

قسم ہے اِنسان کی اور اُس ذات کی جس نے

اس کے اعضاء کو برابر کیا

قسم ہے آسمان کی جو مینہ برساتا ہے اور

قسم ہے زمین کی جب پھٹ جاتی ہے

قسم ہے مشرقوں اور مغربوں کے مالک کی

قسم ہے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ! آپ کی جان کی

قَسم ہے خُدا کی

قَسم ہے صَف باندھنے والوں کی پَرے جما کر اور

قَسم ہے ڈانٹنے والوں کی جِھڑک کر اَور

قَسم ہے ذِکر کرنے والوں کی غور کر کر

(یعنی قرآن پڑھنے والوں کی غور کے ساتھ)

قَسم ہے تاروں کی منزلوں کی اور اگر تم سمجھو تو یہ

بڑی قسم ہے

قَسم ہے فجر کی اور دس راتوں کی اور جُفت کی اور

طاق کی اور رات کی جب جانے لگے اور

بے شک یہ چیزیں عقل مندوں کے نزدیک

قسم کھانے کے لائق ہیں

یا حَیُّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم

فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۱۵۳

یہ مقام

حیرت نہیں ، حقیقت ہے

جو چاہا ـــــــــــ پایا۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

واللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۵۴

حضرت ابراہیم خلیل اللّٰہ علیہ السّلام کی ساری
زِندگی اِسلام کا صحیح نمُونہ پیش کرنے
میں گزُری !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۲۱۵۵

جب تک کسی کا ایمان

کامِل نہیں ہوتا،

ڈانواں ڈول رہتا ہے

ایسا اِیمان تُو بھی

پیدا کر!

یا حیی یا قیوم!

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذو الفضل العظیم

۱۲۱۵۶

فرمانِ الٰہی

و۔ تمہارا پروردگار بستیوں کو ہلاک نہیں کیا کرتا جب تک ان کے بڑے شہر میں پیغمبر نہ بھیج لے جو اُن کو ہماری آیتیں پڑھ پڑھ کر سنائے اور ہم بستیوں کو ہلاک نہیں کیا کرتے مگر اِس حالت میں کہ وہاں کے باشندے ظالم ہوں۔ (القصص ۔ ۵۹)

و۔ اور اللہ ایسا نہ تھا کہ اُن پر ظُلم کرتا مگر وُہی اپنے آپ پر ظُلم کرتے تھے۔ (آلِ عمران : ۱۱۷)

و۔ اگر اِن بستیوں کے لوگ ایمان لے آتے اور پرہیزگار بن جاتے تو ہم اُن پر آسمان اور زمین کی برکات (کے دروازے) کھول دیتے مگر انہوں نے تکذیب کی تو اُن کے اعمال کی سزا میں ہم نے اُنہیں پکڑ لیا۔

(الاعراف ۔ ۹۶)

قومِ نوحؑ کو پانی میں غرق کیا
قومِ عاد پہ آندھی چلی
قومِ ثمود کو کڑک نے آلیا
قومِ لوط پہ پتھروں کا مینہ برسایا
اور کچھ پہ زلزلے کا عذاب آیا
قومِ فرعون پانی میں غرق ہوئی
قارون اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا
قومِ ابراہیمؑ پر کھنگر برسائے
اہلِ سبا پہ سیلاب آیا
اہلِ مدین کو زلزلے کے عذاب نے آپکڑا
وادئ حجر کے لوگوں کو چنگھاڑ نے آلیا
بَنّ کے لوگوں کو سائبان کے عذاب نے آپکڑا،
تُبّعؑ کی قوم کو ہلاک کیا اور
کنوئیں والوں کو بھی :

و۔ اور ہم جب تک پیغمبر نہ بھیج لیں، عذاب نہیں
دیا کرتے اور جب ہمارا اِرادہ کسی بستی کے ہلاک کرنے
کا ہُوا تو وہاں کے آسُودہ لوگوں کو فواحش پہ مامُور کر دیا

تو وہ

نافرمانیاں کرتے رہے پھر اُس پر عذاب
کا حُکم ثابت ہو گیا اور ہم نے اسے ہلاک کر ڈالا۔

(بنی اِسرآئیل ۔ ۱۶)

یا حیی یا قیّوم
الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۱۵۷

اللہ جب کسی چیز کو کرنے کا ارادہ کرتا ہے
تو کہتا ہے ـــ ہو جا۔ بس اسی طرح ہو جاتی ہے۔

یا حیی یا قیوم
الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۱۵۸

ہم اور تُم مال ہی کی بھینٹ چڑھے۔
کیا کافی نہ تھا، خود سیر ہو کر کھاتے
اور مہمانان کو کھِلاتے، کوئی حساب
نہ ہوتا!
متوکّلین کو نت نیا رِزق
دیا جاتا ہے — بہترین رزق!

سِیمُرغ کو موتی،
گِدھ کے لیے مُردار۔

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللّٰہ خیر الرّازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۱۵۹

دُنیا میں گنتی کے چند آدمی
ہوتے ہوں گے جو آنکھوں کی
خیانت سے پاک ہوتے ہیں۔
آنکھیں
جب پاک ہو جاتی ہیں،
شمشیرِ برہنہ بن جاتی
ہیں!
نورِ مُبین
کا پَرتَو!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

ترجمہ

منتخب آیاتِ الٰہی

و۔ اے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم ! ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور خوشخبری سُنانے والا اور ڈرانے والا بناکر بھیجا ہے اور اللہ کی طرف بُلانے والا اور چراغِ روشن ۔ اور مومنوں کو خوشخبری سُنادو کہ اُنکے لیے اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہے۔

و۔ اور ہم نے آپ پر ایسی کتاب نازل کی ہے کہ اس میں ہر چیز کا بیان مُفصّل ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

و۔ اور جو لوگ خوف رکھتے ہیں کہ اپنے پروردگار کے رُوبرُو

حاضر کیے جائیں گے اور جانتے ہیں کہ اس کے سوا نہ تو
ان کا کوئی دوست ہوگا اور نہ سفارش کرنے والا،
انکو اِس قرآن کے ذریعے سے نصیحت کرو تاکہ وہ پرہیزگار
بنیں۔

و۔ پرہیزگاروں کے لیے آخرت کا گھر بہت اچھا ہے، کیا
تم سمجھتے نہیں؟

و۔ اور یہ بھی کہ نماز پڑھتے رہو اور اُس سے ڈرتے رہو۔
وہی تو ہے جس کے پاس تم جمع کیے جاؤ گے!

و۔ اور صُبح کو قرآن پڑھا کرو کیونکہ صُبح کے وقت قرآن
کا پڑھنا مُوجب حضورِ ملائکہ ہے!

و۔ اور جب قرآن پڑھا جائے تو توجّہ سے سُنا کرو
اور خاموش رہا کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

و۔ اور اگر تمہیں شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ

پیدا ہو تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو بیشک وُہ
سُنتا جانتا ہے۔

و۔ تُمہارا پروردگار تو اللہ ہی ہے جس نے آسمان اور
زمین چھ دن میں بنائے، پھر عرش تختِ شاہی پہ
قائم ہُوا۔ وہی ہر ایک کام کا انتظام کرتا ہے۔
کوئی اس کے پاس اُس کا اِذن حاصل کیے بغیر کسی کی
سفارش نہیں کر سکتا۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے
تو اسی کی عبادت کرو۔ بھلا تم غور کیوں نہیں کرتے؟

و۔ اور وہی تو ہے جو رات کو سونے کی حالت میں تمہاری
رُوح قبض کر لیتا ہے اور جو کچھ تم دِن میں کرتے ہو وہ
اس کی خبر رکھتا ہے۔ پھر تمہیں دن کو اُٹھا دیتا ہے تاکہ
یہی سِلسلہ جاری رکھ کر زندگی کی مُدّتِ معیّن پُوری کر
دی جائے۔

پھر تم سب کو اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اُس روز وہ تم کو تمہارے عمل، جو تم کرتے رہتے ہو، ایک ایک کرکے بتائے گا اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم پر نگہبان مقرّر کیے رکھتا ہے۔

و۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے۔ وہی زندہ کرتا اور وہی مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (ا جو چیز زمین میں داخل ہوتی اور جو اُس سے نکلتی ہے اور جو آسمان سے اُترتی اور جو اُس کی طرف چڑھتی ہے، سب اُسکو معلوم ہے اور تم جہاں کہیں ہو، وہ تمہارے ساتھ ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو، اَللّٰہ اسکو دیکھ رہا ہے۔

و۔ اور جو کچھ تم چُھپا کر کرتے ہو اور جو کچھ کُھلّم کُھلّا کرتے ہو، وہ اس سے بھی آگاہ ہے اور اللہ دِل کے بھیدوں سے واقف ہے۔

و۔ اور ہم ہی نے اِنسان کو پیدا کیا ہے اور جو خیالات اس کے دل میں گزُرتے ہیں ہم ان کو جانتے ہیں اور ہم اسکی رگِ جان سے بھی زیادہ قریب ہیں۔

و۔ کوئی تم میں سے چُپکے سے بات کہے یا پکُار کر، یا رات کو کہیں چھُپ جائے یا دن کی روشنی میں کھُلّم کھُلاّ چلے پھرے، اس کے نزدیک (یعنی اللہ کے نزدیک) برابر ہے۔

اس کے آگے اور پیچھے اللہ کے چوکیدار ہیں جو اللہ کے حکُم سے اسکی حفاظت کرتے ہیں۔

و۔ اور ہم خلقت سے غافل نہیں ہیں۔

و۔ اور ہم ہی نے زمین میں تمہارا ٹھکانہ بنایا اور اس میں تمہارے لیے سامانِ معیشت پیدا کیے مگر تم کم ہی شکُر کرتے ہو۔

و۔ میرا پروردگار نہ چوُکتا ہے نہ بھُولتا۔

وہ وہی تو ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو فرش بنایا۔اس میں تمہارے لیے رستے جاری کیے اور آسمان سے پانی برسایا۔پھر اس سے انواع و اقسام کی مختلف روئیدگیاں پیدا کیں۔

و۔ اور جو طرح طرح کے رنگوں کی چیزیں اُس نے زمین میں پیدا کیں سب تمہارے زیرِ فرمان کر دیں۔نصیحت پکڑنے والوں کے لیے اس میں نشانی ہے۔

و۔ اِسی زمین سے ہم نے تُم کو پیدا کیا اور اِسی میں تم کو لوٹائیں گے اور اِسی سے دوسری مرتبہ نکالیں گے۔

و۔ نماز پڑھتے رہو اور اُس سے ڈرتے رہو اور وُہی تو ہے جس کے پاس تم جمع کیے جاؤ گے اور وُہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر سے پیدا کیا اور جس دن وہ فرمائے گا "کُن" یعنی ہو جا تو حشر برپا ہو جائے گا۔

اُس کا قول برحق ہے

و۔ اور مشرق اور مغرب سب اللہ ہی کا ہے، تو جدھر تم رُخ کرو، اُدھر اللہ کی ذات ہے۔ بیشک اللہ صاحبِ وسعت اور باخبر ہے۔

و۔ اللہ اپنی رحمت کا جو دروازہ کھول دے تو کوئی اس کو بند کرنے والا نہیں اور جو بند کر دے تو اس کے بعد کوئی اسکو کھولنے والا نہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

و۔ اور اگر اللہ تم کو کوئی تکلیف پہنچائے تو اُس کے سوا کوئی اس کا دُور کرنے والا نہیں اور اگر تم سے بھلائی کرنا چاہے تو کوئی اُس کے فضل کو روکنے والا نہیں۔ وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے فائدہ پہنچاتا ہے اور وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

و۔ اور زمین پر کوئی چلنے پھرنے والا نہیں مگر اُس کا رِزق اللہ کے ذِمّے ہے۔ وہ جہاں رہتا ہے اسے بھی جانتا ہے،

اور جہاں سونپا جاتا ہے اسے بھی۔ یہ سب کچھ کتابِ
روشن میں لکھا ہوا ہے۔

و۔ کہو بھلا تم کو جنگلوں اور دریاؤں کے اندھیروں سے
کون نجات دیتا ہے جب تم اسے عاجزی اور نیاز
سے تنہائی میں پکارتے ہو اور کہتے ہو کہ اگر اللہ ہمیں اس
تنگی سے نجات بخشے تو ہم اس کے بہت شکر گزار
ہوں۔

کہو کہ اللہ ہی تمہیں اُس تنگی اور ہر سختی سے نجات بخشتا ہے

و۔ اور اگر اللہ تم کو کوئی سختی پہنچائے تو اس کے سوا کوئی
اسکو دُور کرنے والا نہیں اور اگر نعمت و راحت عطاء
کرے تو کوئی اس کو روکنے والا نہیں۔ وہ ہر چیز پر
قادر ہے اور اپنے بندوں پر غالب ہے، اور وہ دانا اور
خبردار ہے۔

و۔ وُہی تو ہے جو جلاتا اور مارتا ہے۔ پھر جب وہ کوئی کام کرنا اور کسی کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو اس سے کہہ دیتا ہے کہ "ہو جا،، تو وہ ہو جاتا ہے۔

و۔ اور ہمارا حکم تو آنکھ کے جھپکنے کی طرح ایک بات ہوتی ہے۔

و۔ دیکھو! سب مخلوق بھی اُسی کی ہے اور حکم بھی اُسی کا ہے یہ خدائے ربّ العالمین بڑی برکت والا ہے۔

و۔ اور وہی اللہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، دُنیا اور آخرت میں اسی کی تعریف ہے اور اُسی کا حُکم، اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

و۔ سُن لو کہ حکم اسی کا ہے اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔

و۔ اور جو یقین رکھتے ہیں ان کے لیے اللہ سے اچھا حکم کس کا ہے؟

و۔ تو اُن کو چاہیے کہ میرے حُکموں کو مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ نیک رستہ پائیں۔

و۔ وہ زندہ ہے جسے موت نہیں۔ اس کے سوا کوئی عبادت
کے لائق نہیں تو اسکی عبادت کو خالص کر کر اسی کو پکارو۔

و۔ اُسکی بادشاہی اور علم آسمان اور زمین سب پر حاوی ہے
اور اُسے اُنکی حفاظت کچھ بھی دُشوار نہیں۔ وہ بڑا عالی رُتبہ
اور جلیل القدر ہے۔

و۔ تو جہاں تک ہو سکے، اللہ سے ڈرو اور اُس کے احکام
کو سُنو اور اُس کے فرمانبردار رہو۔

و۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو جیسا کہ اُس سے ڈرنے کا
حق ہے اور مَرنا تو مسلمان ہی مَرنا اور سب مِل کر اللہ کی رسّی
کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرّق نہ ہونا۔

و۔ اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ کے دین کی رسّی کو
تھامے رکھو۔

و۔ اور جس نے اللہ کی ہدایت کی رسّی کو مضبوط پکڑ لیا وہ سیدھے
رستے لگ گیا۔

و۔ یہ تو جہان کے لوگوں کے لیے نصیحت ہے۔ یعنی اُس کے لیے جو تم میں سے سیدھی چال چلنا چاہے۔

و۔ اور جو لوگ کتاب کو مضبوط پکڑے ہوئے ہیں اور نماز کا اِنتظام رکھتے ہیں، اُنکو ہم اجر دیں گے کہ نیکو کاروں کا اجر ہم ضائع نہیں کرتے۔

و۔ اور اللہ کے احکام کو ہنسی اور کھیل نہ بناؤ اور اللہ نے جو نعمتیں تم کو بخشی ہیں اور تم پر جو کتاب اور دانائی کی باتیں نازل کی ہیں جن سے وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے، اُن کو یاد کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

و۔ اے ایمان والو! اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو وہ تمہیں ممتاز کر دے گا اور تمہارے گناہ مٹا دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

و۔ اللہ جس کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جسکو چاہتا ہے قائم رکھتا ہے اور اُسی کے پاس اصل کتاب ہے۔

و۔ اور جو لوگ بِن دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اُن کے لیے بخشش اور اجرِ عظیم ہے۔

و۔ اور جو کوئی اللہ سے ڈرے گا وہ اس کے لیے رنج و محن سے مُخلصی کی صُورت پیدا کر دے گا اور اسکو ایسی جگہ سے رزق دے گا جہاں سے اُسے وہم و گمان میں بھی نہ ہو۔

و۔ جو اللہ سے ڈرے گا، اللہ اس کے کام میں سہولت پیدا کر دے گا۔

و۔ جو اللہ سے ڈرے گا وہ اُس سے اُس کے گناہ دُور کر دے گا اور اُسے اجرِ عظیم بخشے گا۔

و۔ اللہ تو لوگوں پر بہت مہربان اور صاحبِ رحمت ہے

و۔ اُس نے رحمت کو اپنی ذاتِ پاک پر لازم کر لیا ہے

و۔ اللہ کی رحمت سے نااُمید نہ ہونا۔ اللہ سب گناہوں

کو بخش دیتا ہے اور وہ تو بخشنے والا مہربان ہے

و۔ فرمایا کہ جو میرا عذاب ہے اُسے تو جس پر چاہتا ہوں نازل

کرتا ہوں اور جو میری رحمت ہے وہ ہر چیز کو شامل ہے۔

میں اسکو ان لوگوں کے لیے لکھ دوں گا جو پرہیزگاری کرتے

اور زکوٰۃ دیتے اور ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں، وہ جو

مُحمّد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی، جو نبیٔ اُمّی ہیں، پیروی کرتے ہیں۔

و۔ اور میں بڑا معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ہوں۔

و۔ اور اگر تُم پر اللہ کا فضل اور اُسکی مہربانی نہ ہوتی تو بہُت

سی خرابیاں پیدا ہو جاتیں مگر وہ صاحبِ کرمِ عمیم ہے اور

یہ کہ اللہ توبہ قبول کرنے والا اور حکیم ہے۔

و۔ یہ آیات اِس لیے بیان کی جاتی ہیں کہ تم نصیحت پکڑو۔

و۔ سمجھنے والوں کے لیے وہ اپنی آیات کھول کھول کر بیان فرماتا ہے۔

و۔ اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو تاکہ نجات حاصل کرو۔

و۔ اور جو نعمتیں تم کو میسّر ہیں، وہ سب اللہ ہی کی طرف سے ہیں۔

و۔ رات اور دن کے ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے میں اور جو چیزیں اللہ نے آسمان اور زمین میں پیدا کی ہیں، سب میں ڈرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

و۔ دُنیا کی زندگی تو ایک کھیل اور مشغلہ ہے اور بہت اچھا گھر تو آخرت کا گھر ہے یعنی ان کے لیے جو اللہ سے ڈرتے ہیں۔ کیا تم سمجھتے نہیں؟

و۔ مگر لوگو تم دُنیا کو دوست رکھتے ہو، اور آخرت کو ترک کیے دیتے ہو!

و۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ ایک دن تمہیں اس کے روبرو حاضر ہونا ہے اور اے پیغمبر! صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایمان والوں کو بشارت سُنا دو۔

و۔ اور اگر وہ ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے تو اللہ کے ہاں سے بہت اچھا صلہ ملتا۔ اے کاش، وہ اس سے واقف ہوتے!

و۔ اور اپنے پروردگار کی بخشش اور بہشت کی طرف لپکو جس کا عرض آسمان اور زمین کے برابر ہے اور جو اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

و۔ جو آسودگی اور تنگی میں اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اور غُصّے کو روکتے اور لوگوں کے قصور معاف کرتے ہیں اور خُدا احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

و۔ دیہاتی کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے کہہ دو کہ تم ایمان نہیں لائے بلکہ یوں کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں اور ایمان تو ہنوز تمہارے دلوں میں داخل ہوا ہی نہیں اور اگر تم اللہ اور اس کے رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کروگے تو اللہ تمہارے اعمال میں سے کچھ کم نہیں کرے گا۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے؟

و۔ مومن تو وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسُول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے پھر شک میں نہ پڑے اور اللہ کی راہ میں جان اور مال سے لڑے۔ یہی لوگ ایمان کے سچے ہیں۔

و۔ اُن سے کہو کہ کیا تم اللہ کو اپنی دین داری جتلاتے ہو؟ اور اللہ تو آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں سے واقف ہے اور اللہ ہر شئے کو جانتا ہے۔

و۔ یہ لوگ تم پر احسان رکھتے ہیں کہ مسلمان ہو گئے ہیں۔

کہہ دو کہ اپنے مسلمان ہونے کا مجھ پر احسان نہ رکھو بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اُس نے تمہیں ایمان کا رستہ دکھلایا، بشرطیکہ تم سچّے مسلمان ہو۔

بیشک اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو، اُسے دیکھتا ہے۔

و۔ جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کا دوست اللہ ہے کہ اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لے جاتا ہے اور جو کافر ہیں اُن کے دوست شیطان ہیں کہ ان کو روشنی سے نکال کر اندھیرے میں لے جاتے ہیں۔ یہی لوگ اہلِ دوزخ ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

اور جس شخص نے اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو دوست بنایا، وہ صریح نقصان میں پڑ گیا۔ وہ ان کو وعدے دیتا ہے وہ دھوکہ ہی دھوکہ ہے۔ ایسے لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ وہاں سے خلاصی نہیں پا سکیں گے۔

و۔ اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں اور نہ اندھیرا اور روشنی اور نہ سایہ اور دھوپ اور نہ زندے اور مُردے برابر ہو سکتے ہیں۔

و۔ تمہارے دوست تو اللہ اور اُس کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور مومن لوگ ہی ہیں جو نماز پڑھتے اور زکواۃ دیتے اور اللہ کے آگے جُھکتے ہیں۔

و۔ یہ پیغمبرؑ جو ہم وقتاً فوقتاً بھیجتے رہے ہیں، ان میں سے ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔ بعض ایسے ہیں جن سے اللہ نے گفتگو کی اور بعض کے دوسرے اُمور میں مرتبے بُلند کیے۔

و۔ ہم جس کے چاہتے ہیں، درجات بُلند فرما دیتے ہیں۔

و۔ ہم اپنے پیغمبروںؑ کی اور جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کی دُنیا کی زندگی میں بھی مدد کرتے ہیں اور جس دن گواہ کھڑے ہوں گے۔ یعنی قیامت کو بھی۔

و۔ اور فرشتے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح بیان کرتے رہتے ہیں اور جو لوگ زمین میں ہیں ان کے لیے معافی مانگتے رہتے ہیں۔ سن رکھو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

و۔ اے اہلِ ایمان!

اللہ کا بہت ذکر کیا کرو اور صبح و شام اُسکی پاکی بیان کرتے رہو۔ وہی تو ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے اور اللہ مومنوں پر بہت مہربان ہے

و۔ اور ہم نے تمہارے پاس واضح آیات ارسال فرمائی ہیں اور ان سے انکار وہی کرتے ہیں جو بدکردار ہیں۔

و۔ آپ نصیحت کرتے رہیئے کہ آپ نصیحت کرنے والے ہی ہیں۔

۔ تم کو کیا ہُوا ہے کہ تم اللہ کی عظمت کا اِعتقاد نہیں رکھتے
حالانکہ اُس نے تم کو طرح طرح کی حالتوں میں پیدا کیا ہے!
کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے سات آسمان کیسے
اُوپر تلے بنائے ہیں اور چاند کو اُن میں زمین کا نُور بنایا
ہے اور سُورج کو چراغ ٹھہرایا ہے اور اللہ ہی نے زمین
کو تُمہارے لیے فرش بنایا تاکہ اس کے بڑے بڑے
کُشادہ رستوں پر چلو پھرو۔

۔ تُو ہی رات کو دن میں داخل کرتا اور تُو ہی دن کو رات
میں داخل کرتا ہے۔ تُو ہی بے جان سے جان دار پیدا
کرتا ہے اور تو ہی جان دار سے بے جان پیدا کرتا ہے اور
تُو ہی جس کو چاہتا ہے بے شمار رزق بخشتا ہے۔

۔ اور جو کُچھ آسمانوں میں ہے اور جو کُچھ زمین میں ہے، سب
اللہ ہی کا ہے۔ وہ جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے

عذاب کرے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

و۔ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا لوگوں کے پیدا کرنے کی نسبت بڑا کام ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

و۔ کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا؟ کیا وہ منی کا ایک قطرہ نہ تھا جو رحم میں ڈالی جاتی ہے؟ پھر لوتھڑا ہوا۔ پھر اللہ نے اس کو بنایا۔ پھر اس کے اعضاء کو دُرست کیا۔ پھر اس کی دو قسمیں بنائیں ایک مرد اور ایک عورت۔

کیا اُسکو اِس بات پر قُدرت نہیں کہ مُردوں کو جِلا اُٹھائے؟

و۔ لوگو! اگر تم کو مر کر دوبارہ جی اُٹھنے میں کچھ شک ہو تو ہم نے تم کو پہلی بار بھی تو پیدا کیا تھا یعنی ابتداء میں مٹی سے، پھر نُطفہ بنا کر، پھر اس سے خون کا لوتھڑا بنا کر،

پھر اس سے بوٹی بنا کر، جس کی بناوٹ کامل بھی ہوتی ہے اور ناقص بھی تاکہ تم پر اپنی خالقیّت ظاہر کر دے۔ اور ہم جس کو چاہتے ہیں ایک میعادِ مقرّر تک پیٹ میں ٹھہرائے رکھتے ہیں۔ پھر تم کو بچّہ بنا کر نکالتے ہیں۔ پھر تم جوانی کو پہنچتے ہو اور بعض قبل از پیری مر جاتے ہیں اور بعض شیخ فانی ہو جاتے ہیں اور بڑھاپے کی نہایت خراب عُمر کی طرف لوٹائے جاتے ہیں کہ بہت کچھ جاننے کے بعد بالکل بے علم ہو جاتے ہیں۔

و۔ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، اُنہی کی بُری حالت ہے (دُنیا میں بھی کہ ایسے جہل میں مُبتلا ہیں اور آخرت میں بھی کہ مُبتلائے عقوبت و ذِلّت ہوں گے)

و۔ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ فرشتوں کو اللہ کی لڑکیوں کے نام سے موسُوم کرتے ہیں۔ حالانکہ انکو

اِس کی کچھ بھی خبر نہیں۔ وہ صرف ظنّ پر چلتے ہیں اور
ظَنّ یقین کے مُقابلے میں کچھ بھی کام نہیں آتا۔

و۔ اور یہ اللہ کے لیے ایسی چیزیں تجویز کرتے ہیں جن کو خود
ناپسند کرتے ہیں اور یہ لوگ اللہ کے لیے تو بیٹیاں
تجویز کرتے ہیں اور وہ اُن سے پاک ہے اور اپنے لیے
(بیٹے) جو مَرغوب و دِل پسند ہیں۔

و۔ مُشرکو! کیا تمہارے لیے تو بیٹے اور اللہ کے لیے بیٹیاں؟
یہ تقسیم تو بہت بے اِنصافی کی ہے۔

و۔ کیا اُس نے اپنی مخلوقات میں سے خود تو بیٹیاں لیں
اور تُم کو چُن کر بیٹے دیئے؟
حالانکہ جب ان میں سے کِسی کو اُس چیز کی خُوشخبری
دی جاتی ہے جو انہوں نے اللہ کے لیے بیان کی ہے
تو اس کا مُنہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ غم سے بھر جاتا ہے

و۔ اور انھوں نے فرشتوں کو، کہ وہ بھی اللہ کے بندے ہیں، اُس کی بیٹیاں ٹھہرایا،

کیا یہ اُنکی پیدائش کے وقت حاضر تھے؟

عنقریب اُنکی شہادت لکھ لی جائے گی اور اُن سے بازپرس ہو گی۔

و۔ سُن رکھو کہ جو مخلوق آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے سب اللہ ہی کے بندے اور اس کی مملوک ہیں۔

و۔ اور اُنہوں نے اس کے بندوں میں سے اُس کے لیے اولاد مقرر کی؟

بیشک انسان صریح ناشُکرا ہے۔

و۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ کسی کا باپ ہے نہ بیٹا۔

و۔ اور کہتے ہیں کہ اللہ بیٹا رکھتا ہے۔ وہ پاک ہے۔ اُس کے نہ بیٹا ہے نہ بیٹی، بلکہ جن کو یہ اس کے بیٹے بیٹیاں سمجھتے

ہیں، وہ اُس کے عزّت والے بندے ہیں۔ اس کے آگے بڑھ کر بول نہیں سکتے۔ اور اُس کے حکم پر عمل کرتے ہیں اور وہ اُس کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں۔

و۔ اور آسمانوں میں بہت سے فرشتے ہیں جن کی سفارش کچھ فائدہ نہیں دیتی مگر اس وقت کہ جس کے لیے اللہ چاہے اجازت بخشے اور سفارش پسند کرے۔

و۔ اے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم! کُفّار سے کہہ دو کہ جن کو تُم اللہ کے سوا پکارتے ہو، مُجھے ان کی عبادت سے منع کیا گیا ہے اور یہ بھی کہہ دو کہ میں تمہاری خواہشوں کی پیروی نہیں کروں گا۔ ایسا کروں تو گمراہ ہو جاؤں اور ہدایت یافتہ لوگوں میں نہ رہوں۔

و۔ کہو کیا ہم اللہ کے سوا ایسی چیز کو پکاریں جو نہ ہمارا بھلا کر سکے نہ بُرا اور جب ہم کو اللہ نے سیدھا رستہ

دکھا دیا تو کیا ہم اُلٹے پاؤں پھر جائیں؟ پھر ہماری ایسی مثال ہو جیسے کسی کو جنات نے جنگل میں بھلا دیا ہو اور وہ حیران ہو رہا ہو اور اس کے کچھ رفیق ہوں جو اس کو رستے کی طرف بلائیں کہ ہمارے پاس چلا آ۔

و۔ کہہ دو کہ رستہ تو وہی ہے جو اللہ نے بتایا ہے اور ہمیں تو یہ حکم ملا ہے کہ ہم اللہ ربّ العالمین کے فرمانبردار ہوں۔

و۔ اور سیدھا رستہ تو اللہ تک جا پہنچتا ہے اور بعض رستے ٹیڑھے ہیں وہ اس تک نہیں پہنچتے۔ اگر وہ چاہتا تو تم سب کو سیدھے رستے پر چلا دیتا۔

و۔ اور اللہ ہی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناؤ۔

و۔ اللہ اِس گناہ کو نہیں بخشے گا کہ کسی کو اُس کا شریک بنایا جائے اور اس کے سوا اور گناہ جس کو چاہے بخش دے گا اور

جس نے اللہ کے ساتھ شریک بنایا، وہ رستے سے
دُور جا پڑا۔

و۔ اور جس نے اللہ کا شریک مقرّر کیا، اُس نے بڑا
بہتان باندھا۔

و۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی رات کو دن میں داخل
کرتا ہے اور اُسی نے سُورج اور چاند کو تمہارے لیے مسخّر کر
رکھا ہے۔ ہر ایک، ایک وقتِ مُقرّرہ تک چل رہا ہے۔

و۔ اور اللہ نے تم کو مٹی سے پیدا کیا، پھر نُطفے سے، پھر
تم کو جوڑا جوڑا بنایا۔ اور کوئی عورت نہ حاملہ ہوتی ہے اور
نہ جَنتی ہے مگر اُس کے علم سے اور نہ کسی بڑی عُمر والے کو
عُمر زیادہ دی جاتی ہے اور نہ اُسکی عمر کم کی جاتی ہے مگر
سب کچھ کتاب میں لِکھا ہُوا ہے اور بیشک یہ اللہ
کو آسان ہے۔

و- اور اُسی کے پاس غیب کی کُنجیاں ہیں جن کو اُس کے سِوا کوئی نہیں جانتا اور اسے جنگلوں اور دریاؤں کی سب چیزوں کا علم ہے اور کوئی پتہ نہیں جھڑتا مگر وہ اُسکو جانتاہے اور زمین کے اندھیروں میں کوئی دانہ اور کوئی ہری یا سُوکھی چیز نہیں ہے مگر کتابِ روشن میں لکھی ہوئی ہے۔

و- یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے، اُسی کی بادشاہی ہے اور جن لوگوں کو تم اس کے سِوا پُکارتے ہو، وہ کھجُور کی گُٹھلی کے چھلکے برابر بھی تو کسی چیز کے مالک نہیں!

و- جن لوگوں نے اللہ کے سِوا اوروں کو کارساز بنا رکھا ہے اُن کی مثال مکڑی کی سی ہے کہ وہ بھی ایک طرح کا گھر بناتی ہے اور کُچھ شک نہیں کہ تمام گھروں سے کمزور گھر مکڑی کا ہے۔ کاش یہ اس بات کو جانتے!

و۔ اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے پروردگار کو پکارتا ہے اور اُسکی طرف دل سے رجوع کرتا ہے۔ پھر جب وہ اسکو اپنی طرف سے کوئی نعمت دیتا ہے تو جس کام کے لیے پہلے اسکو پکارتا ہے، اُسکو بھول جاتا ہے اور اللہ کا شریک بنانے لگتا ہے۔

و۔ اور جو شخص اللہ کے ساتھ کسی کو شریک مقرر کرے تو وہ گویا ایسا ہے جیسے آسمان سے گر پڑے پھر اسکو پرندے اُچک لے جائیں یا ہوا کسی دُور جگہ لے جا کر پھینک دے۔

و۔ یہ ایسے لوگ ہیں جن کے اعمال دُنیا اور آخرت دونوں میں برباد ہیں اور ان کا کوئی مددگار نہیں ہوگا۔

و۔ جنہوں نے ہماری آیتوں کو نہ مانا وہ بڑے بدبخت ہیں۔ یہ لوگ آگ میں بند کر دیے جائیں گے۔

و۔ جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اُن سے سرتابی کی،

اُن کے لیے نہ آسمان کے دروازے کھولے جائیں گے

اور نہ وہ بہشت میں داخل ہوں گے۔ یہاں تک کہ

اُونٹ سُوئی کے ناکے میں سے نہ نکل جائے اور

ہم گنہگاروں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

و۔ ان پر افسوس ہے جن کے دل اللہ کی یاد (کی طرف)

سے سخت ہو رہے ہیں اور یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیں

و۔ اور جو کوئی اللہ کی یاد سے آنکھیں بند کر لے (یعنی تغافل

کرے) تو ہم اس پر ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں تو وہ اس کا

ساتھی ہو جاتا ہے اور یہ شیطان اُنکو رستے سے روکتے

رہتے ہیں۔

و۔ اور اُس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ کی مسجدوں میں اللہ

کے نام کا ذکر کیے جانے سے منع کرے اور اُن کی ویرانی

میں ساعی ہو؟

اُن کے لیے دُنیا میں رُسوائی ہے اور آخرت میں بڑا عذاب۔

و۔ شیطان نے اُن کو قابو میں کر لیا ہے اور اللہ کی یاد اُن کو بھلا دی ہے۔ یہ جماعت شیطان کا لشکر ہے اور سُن رکھو کہ شیطان کا لشکر نقصان اُٹھانے والا ہے۔

و۔ کہہ دو کہ میرے پروردگار نے بے حیائی کی باتوں کو، ظاہر ہوں یا پوشیدہ، اور گناہ کو اور ناحق زیادتی کرنے کو حرام کیا ہے۔

و۔ اور کہہ دو کہ اللہ بے حیائی کے کام کرنے کا ہرگز حکم نہیں دیتا۔
بھلا تم اللہ کی نسبت ایسی بات کیوں کہتے ہو جس کا تم کو علم نہیں۔

و۔ سن رکھو کہ ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔

و۔ اے ایمان والو! اسلام میں پُورے کے پُورے

داخل ہو جاؤ اور شیطان کے پیچھے نہ چلو، وہ تو تمہارا کھُلا دُشمن ہے۔

و۔ اچھا میں تمہیں بتاؤں کہ شیطان کس پر اُترتے ہیں؟ ہر جھُوٹے گنہگار پر اُترتے ہیں۔

جو سُنی ہوئی بات اُس کے کان میں لا ڈالتے ہیں اور وہ اکثر جھُوٹے ہیں۔

و۔ ہر جھُوٹے گُنہگار پر افسوس ہے۔

و۔ اُن کے جھُوٹ بولنے کے سبب انہیں دُکھ دینے والا عذاب ہو گا۔

و۔ جھُوٹی بات سے اِجتناب کرو۔

و۔ جو لوگ سُود کھاتے ہیں وہ قبروں سے اِس طرح حواس باختہ اُٹھیں گے جیسے کسی کو جنّ نے لپٹ کر دیوانہ بنا دیا ہو۔ یہ اِس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ سودا بیچنا بھی تو نفع کے لحاظ سے

ویسا ہی ہے جیسا سُود لینا حالانکہ سودے کو اللہ نے حلال
کیا ہے اور سُود کو حرام۔

و۔ اور جو تم سُود دیتے ہو کہ لوگوں کے مال میں افزائش ہو
تو اللہ کے نزدیک اس میں افزائش نہیں ہوتی اور
جو تم زکواۃ دیتے ہو اور اس سے اللہ کی خوشنودی
طلب کرتے ہو تو وہ موجبِ برکت ہے اور ایسے
ہی لوگ اپنے مال کو دو چند سے دو چند کرنے والے
ہیں۔

و۔ اللہ سُود کو نابُود یعنی بے برکت کرتا اور خیرات کی
برکت کو بڑھاتا ہے اور اللہ کسی ناشکرے گنہگار
کو دوست نہیں رکھتا۔

و۔ بُزرگی اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے، وہ جسے چاہتا
ہے دیتا ہے اور اللہ بڑی کشائش والا اور علم والا ہے

وہ اپنی رحمت سے جس کو چاہتا ہے، خاص کر لیتا ہے۔

اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

و۔ اور تمھارا پروردگار جو چاہتا ہے، پیدا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے، برگزیدہ کر دیتا ہے۔

و۔ اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اُسکی مہربانی نہ ہوتی تو تم خسارے میں پڑ گئے ہوتے۔

و۔ اور اللہ کے بندے تو وُہ ہیں جو زمین پر آہستگی سے چلتے ہیں اور وہ جو اپنے پروردگار کے آگے سجدے کر کے اور عجز و آداب سے کھڑے رہ کر راتیں بسر کرتے ہیں اور وہ جو دُعا مانگتے رہتے ہیں کہ اے پروردگار! دوزخ کے عذاب کو ہم سے دُور رکھیو کہ اس کا عذاب بڑی تکلیف کی چیز ہے اور دوزخ ٹھہرنے اور رہنے کی بُہت بُری جگہ ہے۔

و۔ وہ اس دن سے، جب خوف اور گبھراہٹ سے دل اُلٹ جائیں گے، ڈرتے ہیں۔

و۔ اور وہ کہ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ بے جا اُڑاتے ہیں
نہ تنگی کو کام میں لاتے ہیں بلکہ اعتدال کے ساتھ،
نہ ضرورت سے زیادہ نہ کم۔

و۔ جو رات کے وقت اللہ کی آیتیں پڑھتے اور اُس کے
آگے سجدے کرتے ہیں اور اللہ پر اور روزِ آخرت
پر ایمان رکھتے اور اچھے کام کرنے کو کہتے اور بُری باتوں
سے منع کرتے اور نیکیوں پر لپکتے ہیں اور یہی لوگ
نیکوکار ہیں اور یہ جس طرح کی نیکی کریں گے اُس کی
ناقدری نہیں کی جائے گی اور اللہ پرہیزگاروں کو
خوب جانتا ہے۔

و۔ یہ کیا عقل کی بات ہے کہ تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو
اور خود اپنے تئیں فراموش کیے دیتے ہو حالانکہ تم اللہ
کی کتاب بھی پڑھتے ہو، کیا تم سمجھتے نہیں؟

و۔ تم ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ؟

اللہ اِس بات سے سخت بیزار ہے کہ وہ کہو جو کرو نہیں۔

و۔ اور یہ تو ہو نہیں سکتا کہ مومن سب کے سب نکل آئیں تو یُوں کیوں نہ کیا کہ ہر ایک جماعت میں سے چند اشخاص نکل جاتے تاکہ دین کا علم سیکھتے اور اس میں سمجھ پیدا کرتے اور جب اپنی قوم کی طرف واپس آتے تو اُن کو ڈر سُناتے تاکہ وُہ ڈرتے۔

و۔ اور تُم میں ایک جماعت ایسی ہونی چاہیئے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بُلائے اور اچھے کاموں کا حُکم دے اور بُرے کاموں سے منع کرے، یہی لوگ ہیں جو نجات پانے والے ہیں۔

و۔ بھلا اِن کے مشائخ اور علماء انہیں گناہ کی باتوں

اور حرام کھانے سے منع کیوں نہیں کرتے ؟

بیشک وہ بھی بُرا کرتے ہیں۔

و۔ جہاں تک نصیحت کے نافع ہونے کی اُمید ہو، نصیحت کرتے رہو۔

و۔ لوگو! ہم نے تم کو ایک مَرد اور عَورت سے پیدا کیا اور تمہاری قومیں اور قبیلے بنائے تاکہ ایک دوسرے کو شناخت کرو اور اللہ کے نزدیک تُم میں زیادہ عِزّت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیز گار ہے۔

بیشک اللہ سَب کچھُ جانتے والا اور سب سے خبردار ہے

و۔ وہ تُم کو خوب جانتا ہے جب اس نے تم کو مٹّی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں بچّے تھے تو اپنے آپ کو پاک صاف نہ جتاؤ۔ جو پرہیز گار ہے وہ اس سے خوُب واقف ہے۔

و۔ ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست ہوتے ہیں اور اللہ پرہیز گاروں کا دوست ہے۔

و۔ جو شخص ادب کی چیزوں کی، جو اللہ نے مقرّر کی ہیں عظمت رکھے تو یہ فعل دلوں کی پرہیز گاری میں سے ہے

و۔ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے تمہارا پروردگار اس سے بخوبی واقف ہے۔ اگر تم نیک ہو گے تو وہ رجوع لانے والوں کو بخش دینے والا ہے۔

و۔ بہشت پرہیز گاروں کے قریب کر دی جائے گی کہ مُطلق دُور نہیں ہو گی۔ جو اللہ سے بن دیکھے ڈرتا رہا اور رجوع لانے والا دل لے کر آیا اس میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ۔ یہ ہمیشہ رہنے کا دن ہے۔ وہاں وہ جو چاہیں گے ان کے لیے حاضر ہے اور ہمارے ہاں اور بھی بہت کچھ ہے۔

و۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے تئیں پاکیزہ کہتے ہیں؟ نہیں بلکہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے پاکیزہ کرتا ہے اور ان پر دھاگے برابر بھی ظلم نہیں ہوگا۔

و۔ اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرو اور جو تم میں سے صاحبِ حکومت ہیں اُن کی بھی اور اگر کسی بات میں تم میں اختلاف واقع ہو تو اگر اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس میں اللہ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم کی طرف رجوع کرو یہ بہت اچھی بات ہے اور اس کا مآل بھی اچھا ہے۔

و۔ تم کو اللہ کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنی بہتر ہے یعنی اُس شخص کو جسے اللہ سے ملنے اور روزِ قیامت کے آنے کی اُمید ہو اور وہ اللہ کا ذکر کثرت سے کرتا ہو۔

و۔ جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرتے ہیں، وہ نہایت ذلیل ہوں گے۔

و۔ اُس روز کافر اور پیغمبر کے نافرمان خواہش کریں گے کہ کاش اُن کو زمین میں مدفون کر کے مٹی برابر کر دی جاتی۔ اور اللہ سے کوئی بات چھپا نہیں سکیں گے۔

و۔ کیا یہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم اُن کی پوشیدہ باتوں اور سرگوشیوں کو سُنتے نہیں ؟ ہاں ہاں سب سُنتے ہیں اور ہمارے فرشتے ان کے پاس ان کی سب باتیں لکھ لیتے ہیں۔

و۔ سو تُم میرا ذکر کرو، میں تمہارا ذکر کروں گا اور میرا احسان مانتے رہنا اور ناشُکری نہ کرنا۔

و۔ بیشک اللہ لوگوں پر مہربان ہے لیکن اکثر لوگ شُکر نہیں کرتے۔

و۔ اور اگر اللہ کے احسان گِننے لگو تو شمار نہ کر سکو مگر لوگ نعمتوں کا شُکر نہیں کرتے۔ کچھ شک نہیں کہ

انسان بڑا بے انصاف اور ناشکرا ہے۔

و۔ اور تمہارا پروردگار تو لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے۔

و۔ اور اللہ شکر گزاروں کو بڑا ثواب دے گا۔

و۔ بیشک اللہ تم پر بہت شفقت کرنے والا اور مہربان ہے۔

و۔ اور پھر جب ہم انسان کو اپنی رحمت کا مزا چکھاتے ہیں تو اس سے خوش ہو جاتا ہے اور اگر اُن کو اُن ہی کے اعمال کے سبب کوئی سختی پہنچتی ہے تو سب اِحسانوں کو بھول جاتا ہے۔ بِلاشبہ اِنسان بڑا ناشکرا ہے۔

و۔ جو شکر کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لیے کرتا ہے اور جو ناشکری کرتا ہے تو میرا پروردگار بے پروا اور کرم کرنے والا ہے۔

و۔ اگر ناشُکری کروگے تو اللہ تم سے بے پرواہ ہے اور وہ اپنے بندوں کے لیے ناشُکری پسند نہیں کرتا اور اگر شُکر کرو گے تو وہ اسکو تمہارے لیے پسند کریگا اور کوئی اُٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا اور پھر تم کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹنا ہے۔ پھر جو کچھ تم کرتے رہے، تم کو بتائے گا۔ وہ تو دلوں کی پوشیدہ باتوں تک سے آگاہ ہے۔

و۔ انسان ہلاک ہو جائے، وہ کیسا ناشُکرا ہے!

و۔ اگر تم شُکر کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اور زیادہ دے گا اور اگر ناشُکری کرو گے تو یاد رکھو کہ اللہ کا عذاب بہت سخت ہے۔

و۔ بے شک انسان اپنے ربّ کا ناشُکرا ہے۔

و۔ اللہ کسی جھوٹے ناشُکرے کو ہدایت نہیں دیتا۔

و۔ ہم سزا ناشُکرے ہی کو دیا کرتے ہیں۔

و۔ اے اہلِ ایمان! جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو عطاء فرمائی ہیں، اُن کو کھاؤ اور اگر اللہ ہی کے بندے ہو تو اس کی نعمتوں کا شُکر بھی ادا کرو۔

و۔ اور اِس احسان کے بدلے کہ اللہ نے تم کو ہدایت بخشی ہے تم اس کو بُزرگی سے یاد کرو اور اس کا شکر کرو

و۔ اگر تم اللہ کے شُکر گزُار ہو اور اس پر ایمان لے آؤ تو اَللہ تم کو عذاب دے کر کیا کرے گا اور اللہ تو قدر شناس اور دانا ہے۔

و۔ اور ہم شُکر گزاروں کو عنقریب بہت اچھا صِلہ دیں گے۔

و۔ اور وہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبُول کرتا اور اُن کے قصوُر معاف فرماتا ہے۔

و۔ کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ اَللہ ہی اپنے بندوں سے توبہ قبول فرماتا اور صدقات وخیرات لیتا ہے اور بیشک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

و۔ اور جو شخص گناہ کے بعد توبہ کرلے اور نیکوکار ہو جائے تو اللہ اسکو معاف کردے گا۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

و۔ پھر جن لوگوں نے نادانی سے بُرا کام کیا، پھر اس کے بعد توبہ کی اور نیکوکار ہو گئے تو تمہارا پروردگار اُنکو توبہ کرنے اور نیکوکار ہو جانے کے بعد بخشنے والا اور ان پر رحمت کرنے والا ہے۔

و۔ جو صغیرہ گناہوں کے سوا بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے اِجتناب کرتے ہیں۔ بیشک تمہارا پروردگار بڑی بخشش والا ہے۔

و۔ جو اللہ سے اِلتجا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم ایمان لے آئے سو ہم کو ہمارے گناہ معاف فرما اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھ، یہ وہ لوگ ہیں جو مشکلات میں صَبر کرتے اور سچ بولتے اور عبادت میں لگے رہتے اور اللہ کی راہ میں خَرچ کرتے اور اوقاتِ سحر میں گناہوں کی معافی مانگا کرتے ہیں۔

و۔ اور کچھ لوگ ہیں کہ اپنے گناہوں کا صاف اقرار کرتے ہیں انہوں نے اچھے اور بُرے عملوں کو مِلا جُلا دیا تھا قریب ہے کہ اللہ مہربانی سے ان پر توجّہ فرمائے۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

و۔ کچھ شک نہیں کہ نیکیاں گناہوں کو دُور کر دیتی ہیں یہ اُن کے لیے نصیحت ہے جو نصیحت کو قبول کرنے والے ہیں۔

و۔ اور جو شخص کوئی بُرا کام کر بیٹھے یا اپنے حق میں ظُلم کر لے پھر اللہ سے بخشش مانگے تو اللہ کو بخشنے والا اور مہربان پائے گا۔

و۔ اگر تم بڑے بڑے گناہوں سے جن سے تم کو منع کیا جاتا ہے، اِجتناب رکھو گے تو ہم تمہارے چھوٹے چھوٹے گناہ معاف کر دیں گے اور تمہیں عزّت کے مکانوں میں داخل کریں گے۔

و۔ اللہ اُنہی لوگوں کی توبہ قبول فرماتا ہے جو نادانی سے بُری حرکت کر بیٹھتے ہیں پھر جلد توبہ کر لیتے ہیں پس ایسے لوگوں پر اللہ مہربانی کرتا ہے اور وہ سب کچھ جانتا اور حکمت والا ہے۔

و۔ ہاں جس نے ظلم کیا، پھر بُرائی کے بعد اسے نیکی سے بدل دیا تو میں بخشنے والا مہربان ہوں۔

و۔ اور ایسے لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہوتی جو ساری عمر بُرے کام کرتے رہیں یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کی موت آموجود ہو تو اس وقت کہنے لگے کہ میں اب توبہ کرتا ہوں اور نہ ان کی توبہ قبول ہوتی ہے جو حالت کفر میں مریں۔ ایسے لوگوں کے لئے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

و۔ لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے ان کے لیے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں اور ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہ اللہ کے ہاں اُن کی مہمانی ہے۔ اور جو کچھ اللہ کے ہاں ہے وہ نیکو کاروں کے لیے بہت اچھا ہے۔

و۔ جو کچھ یہ کر رہے ہیں، اللہ اُس کو دیکھ رہا ہے۔

و۔ جادوگر فلاح نہیں پائیں گے۔

و۔ اللہ شریروں کے کام سنوارا نہیں کرتا۔

و۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ شریروں سے خوب واقف ہے۔

و۔ لوگو! تمہاری شرارت کا وبال تمہاری ہی جانوں پر ہوگا۔

و۔ اکثر شریک ایک دوسرے پر زیادتی ہی کیا کرتے ہیں۔

و۔ ہم زیادتی کرنے والوں کے دلوں پر مُہر لگا دیتے ہیں

و۔ اور ہم نے انسان کو کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا۔

و۔ وُہی تو ہے جس نے تمہیں پہلے مٹی سے پیدا کیا، پھر نُطفہ بنا کر، پھر لوتھڑا بنا کر، پھر تم کو نکالتا ہے کہ تم بچے ہوتے

ہو، پھر تم اپنی جوانی کو پہنچتے ہو، پھر بوڑھے ہو جاتے ہو اور کوئی تم میں سے پہلے ہی مر جاتا ہے اور تم موت کے وقتِ مقرّر تک پہنچ جاتے ہو اور تاکہ تم سمجھو۔

و۔ دیکھو تو جس نطفے کو تم عورتوں کے رحم کے اندر داخل کرتے ہو، کیا تم اس سے انسان کو بناتے ہو یا ہم بناتے ہیں؟

و۔ تو انسان کو دیکھنا چاہیئے کہ وہ کاہے سے پیدا ہوا ہے! وہ اُچھلتے ہوئے پانی سے پیدا ہوا ہے جو پیٹھ اور سینے کے بیچ میں سے نکلتا ہے۔

و۔ وہی تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ میں پہلے ایک طرح پھر دوسری طرح تین اندھیروں میں تم کو بناتا ہے۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے، اُسی کی بادشاہی

ہے اُس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر تم کہاں پھرے جاتے ہو؟

و۔ بھلا کون بیقرار کی التجا قبول کرتا ہے جب وُہ اس سے دُعا کرتا اور کون اسکی تکلیف کو دُور کرتا ہے اور کون تم کو زمین میں اگلوں کا جانشین بناتا ہے، یہ سب کچھ اللہ ہی کرتا ہے۔

و۔ اَللہ ہی تو ہے جس نے تم کو ابتدا میں کمزور حالت میں پیدا کیا، پھر کمزوری کے بعد طاقت عنایت کی پھر طاقت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا دیا۔ وُہ جو چاہتا ہے، پیدا کرتا ہے اور وُہ صاحبِ دانش اور صاحبِ قدرت ہے؟

و۔ کیا تم اُس اللہ کا اِنکار کرتے ہو جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا اور پھر نطفے سے پورا مرد بنایا!

و۔ اور وہی تو ہے جس نے تم کو حیات بخشی پھر تم کو مارتا ہے، پھر تمہیں زندہ بھی کرے گا اور انسان تو بڑا ناشکرا ہے۔

و۔ اور اللہ ہی نے تم کو پیدا کیا، پھر وہی تم کو موت دیتا ہے۔ اور تم میں بعض ایسے ہوتے ہیں کہ نہایت خراب عمر کو پہنچ جاتے ہیں اور بہت کچھ جاننے کے بعد ہر چیز سے بے علم ہو جاتے ہیں۔

و۔ بیشک اللہ سب کچھ جاننے والا قدرت والا ہے۔

و۔ وہ اللہ ہی تو ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے مگر تم کم احسان مانتے ہو۔

و۔ بیشک انسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے کہ وہ کوئی چیز قابلِ ذکر نہ تھا۔ ہم نے انسان کو نطفۂ مخلوط سے پیدا کیا تاکہ اُسے آزمائیں تو ہم نے اُسکو سنتا دیکھتا بنایا اور اُسے رستہ بھی دکھا دیا، اب خواہ وہ شکر گزار ہو خواہ ناشکرا۔

و۔ بھلا ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دیں اور زبان اور دو ہونٹ نہیں دیے؟ یہ چیزیں بھی دیں اور خیر و شر کے دو راستے بھی دکھا دیے۔

و۔ پھر اسکو بدکاری سے بچنے اور پرہیزگاری کرنے کی سمجھ دی کہ جس نے اپنے نفس کو پاک رکھا وہ مُراد کو پہنچا اور جس نے اسے خاک میں ملایا وہ خسارے میں رہا۔

و۔ اور جو شخص پاک ہوتا ہے وہ اپنے ہی لیے پاک ہوتا ہے۔

و۔ بیشک وُہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہُوا اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔

و۔ اور تم لوگ بات پوشیدہ کہو یا ظاہر، وہ دل کے بھیدوں تک سے واقف ہے۔

و۔ بھلا جس نے پیدا کیا وہ بے خبر ہے؟ وہ تو پوشیدہ

باتوں تک کا جاننے والا اور ہر چیز سے آگاہ ہے۔

و۔ بھلا کون خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا پھر اسکو بار بار پیدا کرتا رہتا ہے اور کون تم کو زمین اور آسمان سے رزق دیتا ہے؟ یہ سب کچھ اللہ کرتا ہے۔

و۔ بھلا اگر وہ اپنا رزق بند کرلے تو کون ہے جو تم کو رزق دے ؟

و۔ اور تمہارے لیے چارپایوں میں بھی مقامِ عبرت و غور ہے کہ ان کے پیٹوں میں جو گوبر اور لہو ہے، اُس سے ہم تم کو خالص دُودھ پلاتے ہیں جو پینے والوں کے لیے خوشگوار ہے۔

و۔ اور بہت سے جانور ہیں جو اپنا رزق اُٹھائے نہیں پھرتے، اللہ ہی اُن کو رزق دیتا ہے اور تم کو بھی، اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

و۔ اور تمہارے پروردگار نے شہد کی مکھیوں کو ارشاد فرمایا کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور اونچی اونچی چھتریوں میں جو لوگ بناتے ہیں، گھر بنا اور ہر قسم کے میوے کھا اور اپنے پروردگار کے پاک رستوں پر چلی جا۔ اس کے پیٹ سے پینے کی چیز نکلتی ہے جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں، اس میں لوگوں کے کئی امراض کی شفا ہے۔

بیشک اس میں بھی سوچنے والوں کے لیے نشانی ہے۔

و۔ بیشک تمہارا پروردگار جس کی روزی چاہتا ہے فراخ کر دیتا ہے اور جس کی روزی چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے۔ وہ اپنے بندوں سے خبردار ہے اور اُن کو دیکھ رہا ہے۔

و۔ کیا اُن کو معلوم نہیں کہ اللہ ہی جس کے لیے چاہتا ہے، رزق کو فراخ کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے۔ ایمان والوں کے لیے اس میں بہت سی نشانیاں ہیں۔

و۔ اور یہ کہ وُہی ہنساتا اور رُلاتا ہے اور یہ کہ وُہی مارتا اور جِلاتا ہے اور یہ کہ وُہی دولت مند بناتا اور مُفلس کرتا ہے۔

و۔ اور اگر اللہ اپنے بندوں کے لیے رزق میں فراخی کردیتا تو زمین میں فساد کرنے لگتے، لیکن وہ جس قدر چاہتا ہے اندازے کے ساتھ نازل کرتا ہے۔ بیشک وہ اپنے بندوں کو جانتا اور دیکھتا ہے۔

و۔ اور سب لوگوں کے بلحاظِ اعمال درجے مقرّر ہیں اور جو کام یہ لوگ کرتے ہیں، اللہ ان سے بے خبر نہیں۔

و۔ کیا یہ لوگ تمہارے پروردگار کی رحمت کو بانٹتے ہیں؟ ہم نے ان میں انکی معیشت کو دُنیا کی زندگی میں تقسیم کردیا اور ایک کے دوسرے پر درجے بُلند کیے تاکہ ایک دوسرے سے خدمت لیں اور جو کچھ یہ جمع کرتے ہیں تمہارے پروردگار کی رحمت اس سے کہیں بہتر ہے۔

و۔ اللہ نے نہایت اچھی باتیں نازل فرمائی ہیں یعنی کتاب جس کی آیتیں باہم ملتی جلتی ہیں اور دُہرائی جاتی ہیں جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں، اس سے ان کے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ پھر ان کے بدن اور دل نرم ہو کر اللہ کی یاد کی طرف متوجّہ ہو جاتے ہیں، یہی اللہ کی ہدایت ہے۔

و۔ اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تم اُسکو دیکھتے کہ وہ اللہ کے خوف سے دبا اور پھٹا جاتا ہے اور یہ باتیں ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور کریں۔

و۔ لوگو! تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفا اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آپہنچی ہے۔

و۔ کہہ دو کہ یہ کتاب اللہ کے فضل اور مہربانی سے

نازل ہوئی ہے تو چاہیئے کہ لوگ اس سے خوش ہوں۔
یہ اس سے کہیں بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

و۔ جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ باقی ہے کہ کبھی ختم نہ ہوگا۔

و۔ وہی تو ہے جس نے سورج کو روشن اور چاند کو منوّر بنایا اور چاند کی منزلیں مقرّر کیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور کاموں کا حساب معلوم کرو۔ یہ سب کچھ اللہ نے تدبیر سے پیدا کیا ہے۔

و۔ اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کا شمار کرنا چاہو تو گن نہ سکو۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

و۔ اللہ ہی تو ہے جس نے زمین کو تمہارے لیے ٹھہرنے کی جگہ اور آسمان کو چھت بنایا اور تمہاری صورتیں بنائیں اور صورتیں بھی اچھی بنائیں اور تمہیں پاکیزہ چیزیں کھانے

کو دیں۔ یہی اللہ تمہارا پرور دگار ہے۔

و۔ وہی تو ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی تاکہ اس میں آرام کرو اور روزِ روشن بنایا تاکہ اُس میں کام کرو۔ جو لوگ مادۂ سماعت رکھتے ہیں، اُن کے لیے اِن میں نشانیاں ہیں

و۔ کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا؟

یعنی زندوں اور مُردوں کو۔

و۔ اللہ ہی کو قیامت کا علم ہے اور وہی مینہ برساتا ہے اور وہی حاملہ کے پیٹ کی چیزوں کو جانتا ہے کہ نر ہے یا مادہ اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کام کیا کرے گا اور کوئی مُتنفّس نہیں جانتا کہ کِس سرزمین میں اُسکو موت آئے گی۔ بیشک اللہ ہی جاننے والا خبر دار ہے۔

و۔ اور کسی شخص میں طاقت نہیں کہ اللہ کے حُکم کے بغیر

مر جائے، اُس نے موت کا وقت مقرّر کر کے لکھ رکھا ہے۔

و۔ ہر ایک اُمّت کے لیے موت کا ایک وقت مقرّر ہے۔ جب وُہ وقت آجاتا ہے تو ایک گھڑی بھی دیر نہیں کر سکتے اور نہ جلدی کر سکتے ہیں۔

و۔ موت تو تمہیں آ کر رہے گی، خواہ بڑے بڑے محلوں میں رہو۔

و۔ تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر وہی جو اللہ ربّ العالمین چاہے۔

و۔ کہو کہ اے اللہ، اے بادشاہی کے مالک، تُو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے اور جس کو چاہے عزّت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے اور بیشک تُو ہر چیز پر قادر ہے۔

و۔ بیشک میرا پرور دگار نزدیک بھی ہے اور دُعا کا قبُول کرنے والا بھی ہے۔

و۔ اُمید ہے کہ مَیں اپنے پرور دگار کو پُکار کر محرُوم نہیں رہوں گا۔

و۔ اور اے پیغمبر (صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) ! جب میرے بندے تم سے میرے بارے میں دریافت کریں تو کہہ دو کہ مَیں تو تمہارے پاس ہوں۔ جب کوئی پُکارنے والا مجھے پُکارتا ہے تو مَیں اس کی دُعا قبول کرتا ہوں۔

و۔ اور جو ایمان لائے اور عمل نیک کیئے، (اللہ) اُنکی دُعا قبول فرماتا اور اُنکو اپنے فضل سے بڑھاتا ہے۔

و۔ اور اپنے پرور دگار کو دل ہی دل میں عاجزی اور خوف سے اور پست آواز سے صبح و شام یاد کرتے رہو اور دیکھنا غافل نہ ہونا !

و۔ اور اللہ سے خوف کرتے ہُوئے اور اُمید رکھتے ہوئے دُعائیں مانگتے رہنا کچھ شک نہیں کہ اللہ کی رحمت نیکی کرنے والوں کے قریب ہے۔

و۔ لوگو اللہ سے عاجزی سے اور چُپکے چُپکے دُعائیں مانگا کرو۔ اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

و۔ جو اللہ کی حدوں سے تجاوز کرے گا وہ اپنے آپ پر ظُلم کرے گا۔

و۔ بیشک تمہارا پروردگار جلد عذاب دینے والا ہے اور بیشک وہ بخشنے والا مہربان بھی ہے۔

و۔ مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور اچھے کام کیے تو اللہ ایسے لوگوں کے گناہوں کو نیکیوں سے بدل دے گا اور اللہ تو بخشنے والا مہربان ہے۔

و۔ اور جو توبہ کرتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے تو بیشک وہ اللہ کی طرف رجُوع کرتا ہے۔

و۔ اور ہم قرآن کے ذریعے سے وہ چیز نازل کرتے ہیں
جو مومنوں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔

و۔ اور اپنے پروردگار کی کتاب کو جو تمہارے پاس
بھیجی جاتی ہے پڑھتے رہا کرو۔ اسکی باتوں کو کوئی
بدلنے والا نہیں اور اُس کے سوا تم کہیں پناہ بھی نہیں
پاؤ گے۔

و۔ ہمارے ہاں بات بدلا نہیں کرتی اور ہم بندوں پر
ظُلم نہیں کیا کرتے۔

و۔ اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان کر دیا تو کوئی
ہے کہ سوچے سمجھے۔؟

و۔ اور جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اُسی
کا ہے اور اُسی کی عبادت لازم ہے۔

و۔ اگر آسمان اور زمین میں اللہ کے سوا اَور معبود ہوتے

تو زمین و آسمان درہم برہم ہو جاتے۔

و۔ اور تمام جان دار جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، سب اَللہ کے آگے سجدہ کرتے ہیں اور فرشتے بھی۔ اور وہ ذرا غرور نہیں کرتے۔

(سجدہ تِلاوت)

و۔ اور اپنے پروردگار سے، جو اُن کے اُوپر ہے، ڈرتے ہیں اور جو اُن کو ارشاد ہوتا ہے، اس پر عمل کرتے ہیں۔

و۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں اللہ کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور پَر پھیلائے ہوئے جَانور بھی اور سب اپنی اپنی نماز اور تسبیح کے طریقے سے واقف ہیں اور جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ کو سب معلوم ہے۔

و۔ تم تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہو....

اور جب اُٹھا کرو تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ
تسبیح کیا کرو اور رات کے بعض اوقات میں بھی اور ستاروں
کے غروب ہونے کے بعد بھی اسکی تنزیہ کیا کرو۔

و۔ تو تم اپنے پروردگار کی تسبیح کہتے اور اسکی خوبیاں بیان
کرتے رہو اور سجدہ کرنے والوں میں داخل رہو اور اپنے
رب کی عبادت کیے جاؤ یہاں تک کہ تمہاری موت
کا وقت آجائے۔

و۔ اور آسمانوں اور زمین کا علم اللہ ہی کو ہے اور اللہ کے
نزدیک قیامت کا آنا یوں ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا۔
بلکہ اس سے بھی جلد تر۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ ہر چیز پر
قادر ہے۔

و۔ ہر ذی رُوح کو موت کا مزا چکھنا ہے اور تم کو قیامت
کے دن تمہارے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔

و۔ اور ہم نے ہر انسان کے اعمال کو بصورتِ کتاب اُس کے گلے میں لٹکا دیا ہے اور قیامت کے دن وہ کتاب اسے نکال دکھائیں گے جسے وہ کھلا ہوا دیکھے گا۔کہا جائے گا کہ اپنی کتاب پڑھ لے، تو آج اپنا آپ ہی مُحاسب کافی ہے۔

و۔ ہر شخص کو دیکھنا چاہیئے کہ اُس نے کل یعنی فرداً قیامت کے لیے کیا سامان بھیجا ہے۔

و۔ تمہیں کثرت کی خواہش نے غفلت میں رکھا۔ یہاں تک کہ تم نے قبریں جا دیکھیں۔

و۔ جب قبریں پھٹ جائیں گی تو ہر انسان جان لے گا کہ اُس نے آگے کیا بھیجا تھا اور پیچھے کیا چھوڑا تھا۔

و۔ اور اللہ تم کو اپنے غضب سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے۔

و۔ اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اسکو اللہ کے رستے میں خرچ نہیں کرتے، اُن کو اس دن کے دردناک عذاب کی خبر سُنا دو جس دن وہ مال دوزخ کی آگ میں خوب گرم کیا جائے گا، پھر اُس سے ان بخیلوں کی پیشانیاں اور پہلو اور پیٹھیں داغی جائیں گی اور کہا جائے گا کہ یہ وہی ہے جو تم نے اپنے لیے جمع کیا تھا سو جو تُم جمع کرتے تھے اب اس کا مزہ چکھو۔

و۔ اور جو مال ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس وقت سے پیشتر خرچ کر لو کہ تم میں سے کسی کی موت آ جائے۔

و۔ اور جب کسی کی موت آجاتی ہے تو اللہ اس کو ہرگز مُہلت نہیں دیتا۔

و۔ کوئی ہے جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے کہ وہ اس کے بدلے

کئی حصّے زیادہ دے گا اور اللہ ہی روزی کو تنگ کرتا اور وہی اسے کشادہ کرتا ہے اور تم اُسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے۔

و۔ کون ہے جو اللہ کو نیّتِ نیک اور خلوص سے قرض دے تو وہ اس کو اس سے دُگنا ادا کرے اور اس کے لیے عزّت کا صلہ یعنی جنّت ہے۔

و۔ اگر تُم اللہ کو اخلاص اور نیّتِ نیک سے قرض دو گے تو تُم کو اس کا دو چند دے گا اور تمہارے گناہ بھی معاف کر دے گا اور اللہ قدر شناس اور بُردبار ہے، پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا، غالب اور حکمت والا۔

و۔ اور اسکی راہ میں خرچ کرو، یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اور جو شخص طبیعت کے بُخل سے بچایا گیا تو ایسے ہی لوگ راہ پانے والے ہیں۔

و۔ جو خود بھی بُخل کریں اور لوگوں کو بھی بُخل سکھائیں اور اور جو مال اللہ نے اپنے فضل سے عطا فرمایا ہے اُسے چُھپا چُھپا کر رکھیں۔

اور خرچ بھی کریں تو اللہ کے لیے نہیں بلکہ لوگوں کے دکھانے کو۔

ایسے لوگوں کا ساتھی شیطان ہے اور جس کا ساتھی شیطان ہو تو کچھ شک نہیں کہ وہ بُرا ساتھی ہے۔

و۔ جو لوگ اپنا مال اللہ کے رستے میں صَرف کرتے ہیں پھر اس کے بعد نہ اس خرچ کا کسی پر احسان رکھتے ہیں اور نہ کسی کو تکلیف دیتے ہیں ان کا صلہ اُن کے پرور دگار کے پاس تیار ہے اور قیامت کے روز نہ انکو کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

و۔ جس خیرات دینے کے بعد لینے والے کو ایذا دی جائے

اس سے تو نرم بات کہہ دینی اور اس کی بے ادبی سے

درگزر کرنا بہتر ہے اور اللہ بے پروا اور بُردبار ھے۔

و۔ مومنو! اپنے صدقات و خیرات احسان رکھنے اور

ایذا دینے سے اُس شخص کی طرح برباد نہ کر دینا جو لوگوں

کو دکھاوے کے لیے مال خرچ کرتا ہے اور اللہ اور

آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا تو اُس کے

مال کی مثال اُس چٹان کی سی ہے جس پر تھوڑی سی

مٹی پڑی ہو اور اس پر زور کا مینہ برس کر اُسے صاف

کر ڈالے۔ اسی طرح یہ ریاکار لوگ اپنے مال کا کچھ بھی

صلہ حاصل نہیں کر سکیں گے اور اللہ ایسے ناشکروں

کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

و۔ یہ جو مال دُنیا کی زندگی میں خرچ کرتے ہیں اس کی

مثال ہوا کی سی ہے جس میں سخت سردی ہو اور وہ

ایسے لوگوں کی کھیتی پر، جو اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے، چلے اور اُسے تباہ کر دے اور اللہ نے ان پر کچھ ظُلم نہیں کیا بلکہ یہ خود اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں۔

و۔ (اے محمدؐ! صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) لوگ تُم سے اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے بارے میں پُوچھتے ہیں کہ کیا خرچ کریں۔ کہہ دو کہ جو چاہو خرچ کرو لیکن جو مال خرچ کرنا چاہو وہ درجہ بدرجہ اہلِ استحقاق یعنی ماں باپ کو اور قریب کے رِشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں اور مسافروں کو سب کو دو۔ اور جو بھلائی تم کرو گے اللہ اُس کو جانتا ہے۔

و۔ صاحبِ وُسعت کو اپنی وُسعت کے مُطابق خرچ کرنا چاہیئے اور جس کے رزق میں تنگی ہو، وہ جتنا اللہ نے اُس کو دیا ہے اُس کے موافق خرچ کرے۔ اللہ کسی

کو تکلیف نہیں دیتا مگر اسی کے مُطابق جو اُس کو دیا ہے۔
اور اللہ عنقریب تنگی کے بعد کشائش بخشے گا۔

و۔ اور یہ کہ انسان کو وہی ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے
اور یہ کہ اس کی کوشش دیکھی جائے گی پھر اس کو اس کا پُورا
پُورا بدلہ دیا جائے گا۔

و۔ اور جو شخص محنت کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لیے
محنت کرتا ہے۔ اللہ تو سارے جہان سے بے پرواہ ہے

و۔ جن لوگوں نے ہمارے لیے کوشش کی ہم ضرور انہیں
اپنے رستے دکھا دیں گے اور اللہ تو نیکوکاروں
کے ساتھ ہے۔

و۔ تم لوگوں کی کوشش طرح طرح کی ہے تو جس نے مال دیا اور
پرہیزگاری کی اور نیک بات کو سچ جانا اُسکو ہم
آسان طریقے کی توفیق دیں گے اور جس نے بُخل کیا اور

بے پروا بنا رہا اور نیک بات کو جھوٹ سمجھا اُسے
سختی میں پہنچائیں گے اور جب وہ دوزخ کے گڑھے
میں گرے گا تو اُس کا مال اس کے کچھ بھی کام نہ آئیگا۔

و۔ ہمیں تو راہ دکھا دینا ہے اور آخرت اور دنیا ہماری
ہی چیزیں ہیں سو میں نے تم کو بھڑکتی آگ سے متنبہ کر دیا۔
اس میں وہی داخل ہوگا جو بڑا بدبخت ہے۔

اور جو بڑا پرہیزگار ہے وہ اس سے بچا لیا جائے گا جو
مال دیتا ہے تاکہ پاک ہو اور اس لیے نہیں دیتا کہ اُس پر
کسی کا احسان ہے جس کا وہ بدلہ اُتارتا ہے بلکہ اپنے پروردگار
بزرگ و برتر کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے دیتا ہے
اور وہ عنقریب خوش ہو جائے گا۔

و۔ تو اہلِ قرابت اور محتاجوں اور مسافروں کو ان کا حق دیتے
رہو جو لوگ اللہ کی رضا کے طالب ہیں یہ ان کے

حق میں بہتر ہے اور یہی لوگ نجات حاصل کرنے والے ہیں۔

و۔ یہ لوگ نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے جس کی سختی پھیل رہی ہو گی، خوف رکھتے ہیں اور باوجود یکہ اُن کو خود طعام کی خواہش اور حاجت ہے، فقیروں اور یتیموں اور قیدیوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تم کو خالص اللہ کے لیے کھلاتے ہیں نہ تم سے عوض کے خواستگار ہیں، نہ شکر گزاری کے طلبگار۔

و۔ اور جو لوگ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اور خلوصِ نیّت سے اپنا مال خرچ کرتے ہیں، اُن کی مثال ایک باغ کی سی ہے جو اونچی جگہ پر واقع ہو۔ جب اُس پر مینہ پڑے تو دُگنا پھل لائے اور اگر مینہ نہ بھی پڑے تو پھوار ہی سہی، اور اللہ تمہارے کاموں کو دیکھ رہا ہے۔

اور (جو) مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں اور
یتیموں اور محتاجوں اور مُسافروں اور مانگنے والوں کو دیں
اور گردنوں کے چُھڑانے میں خرچ کریں اور نماز پڑھیں اور
زکوٰۃ دیں اور جب عہد کرلیں تو اس کو پُورا کریں اور سختی
اور تکلیف میں اور معرکۂ کارزار کے وقت ثابت قدم
رہیں، یہی لوگ ہیں جو ایمان میں سچّے ہیں اور یہی ہیں
جو اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔

و۔ جو لوگ اپنا مال رات اور دن، اور پوشیدہ اور ظاہر اللہ
کی راہ میں خرچ کرتے رہتے ہیں، اُن کا صِلہ پروردگار کے
پاس ہے اور اُن کو قیامت کے دن نہ کسی طرح کا
خوف ہوگا اور نہ غم۔

و۔ مومنو! جو پاکیزہ اور عُمدہ مال تم کماتے ہو اور جو چیزیں
ہم زمین سے تمہارے لیے نکالتے ہیں، اُن میں سے

اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور بُری اور ناپاک چیزیں دینے کا قصد نہ کرنا۔

و۔ اور مومنو! تم جو مال خرچ کرو گے، اس کا فائدہ تمہی کو ہے اور تم جو خرچ کرو گے، اللہ کی خوشنودی کے لیے کرو گے اور تم جو مال خرچ کرو گے وُہ تمہیں پُورا پُورا دے دیا جائے گا اور تمہارا کچھ نقصان نہیں کیا جائے گا۔

و۔ اور اللہ کی راہ میں مال خرچ کرو اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور نیکی کرو بیشک اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

و۔ اے ایمان والو! جب تک تم اُن چیزوں میں سے، جو تمہیں عزیز ہیں، اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرو گے، کبھی نیکی حاصل نہ کر سکو گے اور جو چیز تم صرف کرو گے، اللہ اسکو جانتا ہے۔

و۔ اور دیکھنا شیطان کا کہا نہ ماننا وہ تمہیں تنگ دستی کا خوف دلاتا ہے اور بے حیائی کے کام کرنے کو کہتا ہے اور اللہ تم سے اپنی بخشش اور رحمت کا وعدہ کرتا ہے اور اللہ بڑی کشائش والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

و۔ اے ایمان والو! شیطان کے قدموں پر نہ چلنا اور جو شخص شیطان کے قدموں پر چلے گا تو شیطان تو بے حیائی کی باتیں اور بُرے کام ہی بتائے گا اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اُس کی مہربانی نہ ہوتی تو ایک شخص بھی تُم میں پاک نہ ہو سکتا۔ مگر اللہ جس کو چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے اور اللہ سُننے والا جاننے والا ہے۔

و۔ جو لوگ مال میں، جو اللہ نے اُنکو اپنے فضل سے عطاء فرمایا ہے، بُخل کرتے ہیں، وُہ اس بُخل کو اپنے حق میں

اچھا نہ سمجھیں، وُہ اچھا نہیں بلکہ ان کے لیے بُرا ہے۔
وہ جس مال میں بُخل کرتے ہیں، قیامت کے دن اس کا
طوق بنا کر ان کی گردنوں میں ڈالا جائے گا۔

و۔ اُن کے مال میں مانگنے والے اور نہ مانگنے والے
دونوں کا حق ہوتا ہے۔

و۔ اگر تُم خیرات ظاہر دو تو وہ بھی خوب ہے اور اگر پوشیدہ
دو، اور دو بھی اہلِ حاجت کو، تو وہ خوب تر ہے اور
اس طرح کا دینا تمہارے گناہوں کو بھی دُور کر دے گا اور
اللہ کو تمہارے سب کاموں کی خبر ہے۔

و۔ اے ایمان والو! جو مال ہم نے تم کو دیا ہے، اس میں
سے اُس دن کے آنے سے پہلے پہلے خرچ کر لو،
جس میں نہ اعمال کا سودا ہو اور نہ دوستی اور سفارش
ہو سکے۔

و۔ ہمارے دیے ہوئے مال میں سے در پردہ اور ظاہر خرچ کرتے رہو اُس دن کے آنے سے پہلے کہ نہ اعمال کا سودا ہوگا اور نہ دوستی کام آئے گی۔

و۔ اور جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے اور نماز کی پابندی کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے، اُس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں، وہ اس تجارت کے فائدے کے اُمیدوار ہیں جو کبھی تباہ نہیں ہوگی کیونکہ اللہ ان کو پُورا پُورا بدلہ دے گا اور اپنے فضل سے کچھ زیادہ بھی دے گا وہ تو بخشنے والا قدر دان ہے۔

و۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتے ہیں، اُن کے مال کی مثال اُس دانے کی سی ہے جس سے سات بالیاں اُگیں اور ہر ایک بال میں سو سو دانے ہوں اور اللہ جس کے مال کو چاہتا ہے، زیادہ کرتا ہے وہ بڑی کشائش والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

و۔ اور جو کچھ تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے، اُس کا ثواب تم کو پُورا پُورا دیا جائے گا اور تمہارا ذرّہ بھر نقصان نہ کیا جائے گا۔

و۔ اور تم اللہ کی راہ میں جس طرح کا خرچ کرو یا کوئی نذر مانو، اَللہ اس کو جانتا ہے۔

و۔ اے محمدؐ! (صلّے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) یہ ہم تم کو اللہ کی آیتیں اور حکمت بھری نصیحتیں پڑھ پڑھ کر سُناتے ہیں

و۔ اور اے بندے جس چیز کا تجھے علم نہیں، اس کے پیچھے نہ پڑ! کہ کان اور آنکھ اور دِل ان سب کے بارے ضرُور باز پُرس ہو گی۔

و۔ اے ایمان والو! کوئی قوم کسی قوم سے تمسخر نہ کرے، ممکن ہے کہ وہ لوگ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں سے تمسخر کریں، ممکن ہے کہ وہ ان سے اچھی

ہوں اور اپنے مومن بھائی کو عیب نہ لگاؤ اور نہ ایک دوسرے کا بُرا نام رکھو۔ ایمان لانے کے بعد بُرا نام رکھنا گناہ ہے اور جو توبہ نہ کریں وہ ظالم ہیں۔

و۔ خرابی ہے ہر عیب لگانے والے طعنہ دینے والے کی، جس نے مال سمیٹا اور گن گن کر رکھا۔

و۔ اور زمین پر اکڑ کر اور تن کر مت چل کہ تُو زمین کو پھاڑ تو نہیں ڈالے گا اور نہ لمبا ہو کر پہاڑوں کی چوٹی تک پہنچ جائے گا۔ اِن سب عادتوں کی بُرائی تیرے پروردگار کے نزدیک بہت ناپسند ہے۔

و۔ اللہ تم کو اِنصاف اور اِحسان کرنے اور رشتے دارو ں کو خرچ سے مدد دینے کا حُکم دیتا ہے اور بے حیائی اور نامعقول کاموں اور سرکشی سے منع کرتا ہے اور تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم یاد رکھو۔

و۔ مومن مردوں سے کہہ دو کہ اپنی نظریں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں۔یہ ان کے لیے بڑی پاکیزگی کی بات ہے اور جو کام یہ کرتے ہیں اللہ ان سے خبردار ہے۔

و۔اور مومن عورتوں سے بھی کہہ دو کہ وہ بھی اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں اور اپنی آرائش کو یعنی زیور کے مقامات کو ظاہر نہ ہونے دیا کریں مگر جو اس میں سے کھُلا رہتا ہو اور اپنے سینوں پہ اوڑھنیاں اوڑھے رہا کریں اور اپنے خاوند اور باپ اور خُسر اور بیٹوں اور اپنے خاوند کے بیٹوں اور بھائیوں اور بھتیجوں اور بھانجوں اور اپنی ہی قِسم کی عورتوں اور لونڈیوں اور غُلاموں کے سوا نیز ان خُدّام کے جو عورتوں کی خواہش نہ رکھیں یا ایسے لڑکوں کے جو عورتوں کے پردے کی چیزوں

سے واقف نہ ہوں۔ غرض ان کے سوا کسی پر اپنی زینت

اور سنگھار کے مقامات کو ظاہر نہ ہونے دیں اور اپنے

پاؤں ایسے طور سے زمین پر نہ ماریں کہ جھنکار کانوں میں

پہنچے اور ان کا پوشیدہ زیور ظاہر ہو جائے اور مومنو! سب

اللہ کے آگے توبہ کرو تاکہ فلاح پاؤ۔

و۔ اور رنج و تکلیف میں صبر اور نماز سے مدد لیا کرو۔

و۔ اور عہد کو پورا کرو کہ عہد کے بارے میں ضرور پرسش

ہو گی۔

و۔ اور تم جس حال میں ہوتے ہو، یا قرآن میں سے کچھ پڑھتے ہو،

یا تم لوگ کوئی اور کام کرتے ہو، جب اس میں مصروف

ہوتے ہو، تو ہم تمہارے سامنے ہوتے ہیں اور تمہارے پروردگار

سے ذرّہ برابر بھی کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے، نہ زمین

میں نہ آسمان میں، اور نہ کوئی چیز اس سے چھوٹی ہو یا بڑی

مگر کتابِ روشن میں لکھی ہوئی ہے۔

و۔ اور آسمانوں اور زمین میں کوئی پوشیدہ چیز نہیں ہے مگر وہ کتابِ روشن میں لکھی ہوئی ہے۔

و۔ اور جو باتیں ان کے سینے میں پوشیدہ ہوتی ہیں اور جو کام وہ ظاہر کرتے ہیں تمہارا پروردگار اُن سب کو جانتا ہے۔

و۔ کسی جگہ تین شخصوں کا مجمع اور کانوں میں صلاح مشورہ نہیں ہوتا مگر وہ اُن میں چوتھا ہوتا ہے اور نہ کہیں پانچ کا مگر وہ اُن میں چھٹا ہوتا ہے اور نہ اِس سے کم یا زیادہ مگر وہ اُن کے ساتھ ہوتا ہے خواہ وہ کہیں ہوں پھر جو جو کام یہ کرتے رہے، قیامت کے دن وہ ایک ایک اُن کو بتائے گا۔ بیشک اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

و۔ جب وہ کوئی کام کرتا ہے تو دو لکھنے والے جو دائیں بائیں بیٹھتے ہیں، لکھ لیتے ہیں۔ کوئی بات اسکی زبان پر

نہیں آتی مگر ایک نگہبان اس کے پاس تیار رہتا ہے۔

و۔ اگر تم لوگ بھلائی کھُلّم کھُلّا کرو گے یا چھپا کر یا بُرائی سے درگزُر کرو گے تو اللہ بھی معاف کرنے والا اور صاحبِ قدرت ہے۔

و۔ نیکی اور پرہیز گاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور ظُلم کی باتوں میں مدد نہ کیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو، کچھ شک نہیں کہ اللہ کا عذاب سخت ہے۔

و۔ اور میرے بندوں سے کہہ دو کہ لوگوں سے ایسی باتیں کیا کریں جو بہت پسندیدہ ہوں کیونکہ شیطان بُری باتوں سے ان میں فساد ڈلوا دیتا ہے۔ کچھ شک نہیں کہ شیطان اِنسان کا کھُلا دُشمن ہے۔

و۔ اللہ خیانت کرنے والوں اور جرائم کے مُرتکب لوگوں کو دوست نہیں رکھتا۔

و۔ یہ لوگوں سے تو چھُپتے ہیں اور اللہ سے نہیں چھُپتے حالانکہ جب وہ راتوں کو ایسی باتوں کے مشورے کیا کرتے ہیں جن کو وہ پسند نہیں کرتا تو وہ ان کے ساتھ ہوا کرتا ہے اور اللہ ان کے تمام کاموں پر احاطہ کیے ہُوئے ہے۔

و۔ ان لوگوں کی بہت سی مشورتیں اچھی نہیں۔ہاں اس شخص کی مشورت اچھی ہو سکتی ہے جو خیرات یا نیک بات یا لوگوں میں صُلح کرنے کو ہے اور جو ایسے کام اللہ کی خُوشنودی حاصل کرنے کے لیے کرے گا تو ہم اِسکو اجرِ عظیم دیں گے۔

و۔ اور بھلائی اور بُرائی برابر نہیں ہو سکتی۔تو سخت کلامی کا ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا ہو۔ایسا کرنے سے تم دیکھو گے کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی، وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے۔یہ بات ان ہی لوگوں کو

حاصل ہوتی ہے جو برداشت کرنے والے ہیں اورانہی

کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحبِ نصیب ہیں

و۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے، انکو

ہم بہشتوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں

جاری ہیں اور ابدالآباد اُن میں رہیں گے۔ اللہ کا سچّا

وعدہ ہے اور اللہ سے زیادہ بات کا سچّا کون ہوسکتا ہے؟

و۔ اللہ تمہاری لغو قسموں پر تُم سے مؤاخذہ نہیں کرے گا

لیکن جو قسمیں تم قصدِ دل سے کھاؤ گے اُن پر مؤاخذہ کریگا

اور اللہ بخشنے والا بُردبار ہے۔

و۔ اور جب پکّی قسمیں کھاؤ تو ان کو مت موڑو کہ تم

اللہ کو اپنا ضامن مقرّر کر چکے ہو اور جو کچھ تم کرتے

ہو، اللہ اُسکو جانتا ہے۔

و۔ اللہ تمہاری بے ارادہ قسموں پر تُم سے مؤاخذہ نہیں

کرے گا لیکن پختہ قسموں پر جن کے خلاف کرو گے، مؤاخذہ کرے گا تو اس کا کفّارہ دس محتاجوں کو اوسط درجے کا کھانا کھلانا ہے جو تم اپنے اہل و عیال کو کھلاتے ہو یا ان کو کپڑے دینا یا ایک غلام آزاد کرنا، اور جس کو یہ میسّر نہ ہو وہ تین روزے رکھے یہ تمہاری قسموں کا کفّارہ ہے جب تم قسم کھا لو اور اسے توڑ دو اور تم کو چاہیئے کہ اپنی قسموں کی حفاظت کرو۔

و۔ اور اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے قتل نہ کرنا کیونکہ ان کو اور تم کو ہم ہی رزق دیتے ہیں۔ کوئی شک نہیں کہ ان کا مار ڈالنا بڑا سخت گناہ ہے۔

و۔ اور اپنے ہاتھ کو نہ تو گردن سے بندھا ہوا یعنی بہت تنگ کر لو کہ کسی کو کچھ دو ہی نہیں اور نہ بالکل ہی کھول دو کہ سبھی کچھ دے ڈالو اور انجام یہ ہو کہ ملامت زدہ اور درماندہ ہو کر بیٹھ جاؤ۔

و۔ اور رِشتے داروں اور محتاجوں اور مسافروں کو ان کا حق ادا کرو اور فضول خرچی سے مال نہ اڑاؤ کہ فضول خرچی کرنے والے تو شیطان کے بھائی ہیں۔

و۔ اور جس دن پھل توڑو اور کھیتی کاٹو، اللہ کا حق بھی اس میں سے ادا کرو اور بے جا نہ اڑانا کہ اللہ بے جا اُڑانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

و۔ اور کھاؤ اور پیئو اور بے جا نہ اڑاؤ کہ اللہ بے جا اُڑانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

و۔ اور ظاہری اور پوشیدہ ہر طرح کا گناہ ترک کر دو۔ جو لوگ گناہ کرتے ہیں، وہ عنقریب اپنے کیے کی سزا پائیں گے۔

و۔ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا اور ماں باپ اور رِشتے داروں اور یتیموں اور محتاجوں کے تھا

بھلائی کرتے رہنا اور لوگوں سے اچھی باتیں کہنا اور نماز پڑھتے اور زکواۃ دیتے رہنا۔

و۔ اور ازراہِ غرور لوگوں سے گال نہ پُھلانا اور زمین میں اَکڑ کر نہ چلنا کہ اللہ کسی اِترانے والے خود پسند کو پسند نہیں کرتا۔

و۔ اور اپنی چال میں اِعتدال کیے رہنا اور بولتے وقت آواز نیچی رکھنا کیونکہ اُونچی آواز گدھوں کی سی ہے اور کُچھ شک نہیں کہ سب سے بُری آواز گدھوں کی ہے۔

و۔ اور نماز ادا کرتے رہو اور زکواۃ دیتے رہو اور جو بھلائی اپنے لیے آگے بھیج رکھو گے اسکو اللہ کے ہاں پالو گے۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے۔

لوگو! جو مال و متاع تم کو دیا گیا ہے، وہ دُنیا کی زندگی کا

ناپائیدار فائدہ ہے اور جو کچھ اللہ کے ہاں ہے، وہ بہتر اور قائم رہنے والا ہے یعنی ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اور اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں اور جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں اور جو اپنے پروردگار کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور اپنے کام آپس کے مشورے سے کرتے ہیں اور جو مال ہم نے اُن کو عطا فرمایا ہے، اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جو ایسے ہیں کہ جب ان پر ظلم و تعدّی ہو تو مناسب طریقے سے بدلہ لیتے ہیں اور بُرائی کا بدلہ تو اسی طرح کی بُرائی ہے مگر جو درگزر کرے اور معاملے کو درست کر دے تو اس کا بدلہ اللہ کے ذمّے ہے۔

و۔ اللہ اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ کوئی کسی کو علانیہ
بُرا کہے مگر وہ جو مظلوم ہو اور اللہ سب کچھ سُنتا جانتا ہے

و۔ بے شک وہ ظُلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا اور جس
پر ظُلم ہُوا ہے اگر وہ اس کے بعد اِنتقام لے تو ایسے لوگوں
پر کچھ اِلزام نہیں اور جو صبر کرے اور قصُور معاف کر دے
تو یہ ہمّت کے کام ہیں ۔

و۔ اور اگر معاف کر دو اور در گُزر کرو اور بخش دو تو اللہ بھی
بخشنے والا مہربان ہے ۔

و۔ اے ایمان والو، تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں
جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے
تاکہ تم پرہیز گار بنو !

و۔ پہلا گھر جو لوگوں کے عبادت کرنے کے لیے مقرّر کیا
گیا تھا وہی ہے جو مکّے میں ہے بابرکت اور جہان کے

یلے موجب ہدایت، اس میں کھلی ہوئی نشانیاں ہیں جن میں سے ایک ابراہیمؑ کے کھڑے ہونے کی جگہ ہے۔

و۔ جو شخص اس مبارک گھر میں داخل ہوا، اُس نے امن پایا اور لوگوں پر خُدا کا حق یعنی فرض ہے کہ جو اس گھر تک جانے کا مقدور رکھے وہ اس کا حج کرے اور جو اِس حکم کی تعمیل نہ کرے گا تو اللہ بھی اہلِ عالم سے بے نیاز ہے

و۔ اے ایمان والو جب تم کسی میعادِ مُعیّن کے لیے آپس میں قرض کا معاملہ کرنے لگو تو اسکو لکھ لیا کرو اور لکھنے والا تم میں سے کسی کا نقصان نہ کرے بلکہ انصاف سے لکھے۔

و۔ اور اپنے میں سے دو مردوں کو ایسے معاملے کے گواہ کر لیا کرو اور اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں جن کو تم گواہ پسند کرو کافی ہیں کہ اگر ان میں سے ایک

بھُول جائے گی تو دوُسری اسے یاد دلا دے گی اور جب گواہ گواہی کے لیے طلب کیے جائیں تو وہ انکار نہ کریں، اور قرض تھوڑا ہو یا بہت، اسکی دستاویز کے لکھنے لکھانے میں کاہلی نہ کرنا یہ بات اللہ کے نزدیک نہایت قرینِ انصاف ہے اور شہادت کے لیے بھی یہ بہت دُرست طریقہ ہے، اس سے تمہیں کِسی طرح کا شک و شبہ بھی نہیں پڑے گا۔

و۔ اور دیکھنا شہادت کو مت چھُپانا جو اس کو چھُپائے گا وہ دل کا گنہگار ہو گا اور اللہ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے۔

و۔ اور جب خرید و فروخت کیا کرو تو بھی گواہ کر لیا کرو اور کاتب دستاویز اور گواہ معاملہ کرنے والوں کا کسی طرح کا نقصان نہ کریں اور اگر تم لوگ ایسا کرو تو یہ

تمہارے لیے گناہ کی بات ہے اور اللہ سے ڈرو اور دیکھو کہ وہ تم کو کیسی مفید باتیں سکھاتا ہے اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

و۔ اور اگر قرض لینے والا تنگدست ہو تو اسے کشائش کے حاصل ہونے تک مہلت دو اور اگر زرِ قرض بخش دو تو وہ تمہارے لیے زیادہ اچھا ہے بشرطیکہ سمجھو!

و۔ اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہو اور اللہ کے لیے سچّی گواہی دو خواہ اس میں تمہارا یا تمہارے ماں باپ اور رشتے داروں کا نقصان ہی ہو۔

و۔ اور سچّی بات کو جان بوجھ کر نہ چھپاؤ اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ کے آگے جھکنے والوں کے ساتھ جھکا کرو۔

و۔ کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ جو کچھ یہ چھپاتے اور جو کچھ ظاہر

کرتے ہیں، اللہ کو سب معلوم ہے۔

و۔ اور ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ اور نہ اسکو رِشوتاً حاکموں کے پاس پہنچاؤ تاکہ لوگوں کے مال کا کچھ حصّہ ناجائز طور پر نہ کھاؤ اور اسے تم جانتے بھی ہو۔

و۔ اے ایمان والو! صبر اور نماز سے مدد لیا کرو بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

و۔ اور اللہ ہی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناؤ اور ماں باپ اور قرابت والوں اور یتیموں اور محتاجوں اور رِشتے داروں ہمسایوں اور اجنبی ہمسایوں اور رُفقائے پہلو یعنی پاس بیٹھنے والوں اور مُسافروں اور جو لوگ تمہارے قبضے میں ہوں، سب کے ساتھ احسان کرو کہ اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور تکبّر کرنے والے شیخی بگھارنے والے کو دوست نہیں رکھتا۔

و۔ مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں پس اپنے دو بھائیوں میں صُلح کرا دیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحمت کی جائے۔

و۔ اے اہلِ ایمان، بہت گمان کرنے سے اِحتراز کرو کہ بعض گمان گناہ ہیں اور ایک دوسرے کے حال کا تجسّس نہ کیا کرو اور نہ کوئی کسی کی غیبت کرے کیا تُم میں سے کوئی پسند کرے گا کہ اپنے مرے ہُوئے بھائی کا گوشت کھائے اِس سے تم ضرور نفرت کرو گے تو غیبت نہ کرو اور اللہ کا ڈر رکھو بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

و۔ اور کسی کام کی نِسبت نہ کہنا کہ مَیں اسے کل کر دوں گا مگر اِنشاء اللہ کہہ کر یعنی اگر اللہ چاہے تو کر دوں گا اور جب اللہ کا نام لینا بھُول جاؤ تو یاد آنے پر لے لو۔

و۔ اور ہم نے اِنسان کو اپنے والدین کے ساتھ بھلائی کرنے کا حکم دیا۔ اسکی ماں نے اسکو تکلیف سے پیٹ میں رکھا اور تکلیف ہی سے جنا۔

و۔ اور تمہارے پروردگار نے اِرشاد فرمایا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرتے رہو۔ اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انکو اُفّ تک نہ کہنا اور نہ انہیں جھڑکنا اور اُن سے بات ادب کے ساتھ کرنا اور عجز و نیاز سے ان کے آگے جھکے رہنا اور ان کے حق میں دُعا کرنا کہ اے پروردگار! جیسا انہوں نے بچپن میں مجھکو شفقت سے پرورش کیا ہے تُو بھی ان کے حال پر رحمت فرما۔

و۔ اور جب گھروں میں جایا کرو تو اپنے گھر والوں کو سلام

کیا کرو۔ یہ خدا کی طرف سے مُبارک اور پاکیزہ تحفہ ہے۔

و۔ اور جب تمہارے پاس ایسے لوگ آیا کریں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو ان سے سلامٌ علیکُم کہا کرو۔

و۔ اور جب تم کو کوئی دُعا دے تو جواب میں تم اسکو اس سے بہتر کلمے سے دُعا دو یا ان ہی لفظوں سے دُعا دو۔ بیشک اللہ ہر چیز کا حساب لینے والا ہے۔

و۔ اے ایمان والو! اپنے گھروں سے سوا دوسرے گھروں میں گھر والوں سے اجازت لیے اور ان کو سلام کیے بغیر داخل نہ ہُوا کرو، یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔

و۔ اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے۔ اُس نے تمہیں برگزیدہ کیا ہے اور تم پر دین کی کسی بات میں تنگی نہیں کی۔

و۔ اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور سختی نہیں چاہتا

و۔ اور بیشک مُشکل کے بعد آسانی بھی ہے۔

و۔ مُسلمانو! تم پر جہاد فرض کر دیا گیا (یعنی اللہ کے رستے میں لڑنا) وہ تمہیں ناگوار تو ہوگا مگر عجب نہیں کہ ایک چیز تم کو بُری لگے وہ تمہارے حق میں بھلی ہو اور عجب نہیں کہ ایک چیز تم کو بھلی لگے اور وہ تمہارے لیے مُضر ہو اور ان باتوں کو اللہ ہی بہتر جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

و۔ اللہ نے مومنوں سے اُنکی جانیں اور مال خرید لیے ہیں اور اس کے عوض میں اِن کے لیے بہشت تیار کی ہے یہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں تو مارتے بھی ہیں اور مارے جاتے بھی ہیں یہ تورات اور انجیل اور قرآن میں سچّا وعدہ ہے جس کا پُورا کرنا اسے ضرور ہے اور اللہ سے زیادہ وعدہ پورا کرنے والا کون ہے تو جو سودا تم

نے اس سے کیا ہے، اس سے خوش رہو اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

و۔ جو لوگ ایمان لائے اور اللہ کے لیے وطن چھوڑ گئے اور کفّار سے جنگ کرتے رہے، وہی اللہ کی رحمت کے اُمیدوار ہیں۔

و۔ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں، اُن کی نسبت یہ نہ کہنا کہ وہ مرے ہوئے ہیں وہ مُردہ نہیں بلکہ زندہ ہیں لیکن تم نہیں جانتے۔

و۔ اور اگر تم اللہ کے رستے میں مارے جاؤ یا مر جاؤ تو جو مال و متاع لوگ جمع کرتے ہیں اس سے اللہ کی کی بخشش اور رحمت کہیں بہتر ہے۔

و۔ اے ایمان والو! ان لوگوں جیسے نہ ہونا جو کُفر کرتے ہیں اور انکے مسلمان بھائی جب اللہ کی راہ میں سفر کریں

اور مر جائیں یا جہاد کو نکلیں اور مارے جائیں تو ان کی نسبت کہتے ہیں کہ اگر وہ ہمارے پاس رہتے تو نہ مرتے اور نہ مارے جاتے اور زندگی اور موت تو اللہ ہی دیتا ہے اور اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے

و۔ کہہ دو کہ اگر تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے، جن کی تقدیر میں مارا جانا لکھا تھا وہ اپنی اپنی قتل گاہوں کی طرف ضرور نکل آتے۔

و۔ یہ خود تو جنگ سے بچ کر بیٹھ ہی رہے تھے مگر جنہوں نے اللہ کی راہ میں جانیں قربان کر دیں، اپنے ان بھائیوں کے بارے میں بھی کہتے ہیں کہ اگر ہمارا کہنا مانتے تو قتل نہ ہوتے۔

کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو اپنے اُوپر سے موت کو ٹال دینا۔

و۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے، انہیں مُردہ مت
سمجھنا۔ وہ مرے ہُوئے نہیں ہیں بلکہ اللہ کے نزدیک
زندہ ہیں اور ان کو رزق مِل رہا ہے جو کچھ اللہ نے
انکو اپنے فضل سے بخش رکھا ہے، اس میں خوش
ہیں۔

و۔ جو لوگ ایمان لائے اور وطن چھوڑ گئے اور اللہ کی
راہ میں مال اور جان سے جہاد کرتے رہے، اللہ کے ہاں
ان کے درجے بہت بڑے ہیں اور وُہی مراد کو
پہنچنے والے ہیں۔

و۔ ان کا پروردگار انکو اپنی رحمت کی اور خوشنودی
کی اور بہشتوں کی خوشخبری دیتا ہے جن میں ان
کے لیے نعمت ہائے جاودانی ہیں اور وہ ان میں ابدالآباد
رہیں گے کوئی شک نہیں کہ اللہ کے ہاں بڑا صلہ تیار ہے

و۔ جو مُسلمان گھروں میں بیٹھ رہتے ہیں اور لڑنے سے جی چُراتے ہیں اور کوئی عُذر نہیں رکھتے وہ اور جو اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے لڑتے ہیں وہ دونوں برابر نہیں ہو سکتے مال اور جان سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر اللہ نے درجے میں فضیلت بخشی ہے اور گو نیک وعدہ سب سے ہے لیکن اجرِ عظیم کے لحاظ سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر کہیں فضیلت بخشی ہے یعنی اللہ کی طرف سے درجات ہیں اور بخشش میں اور رحمت میں اور اللہ بڑے بخشنے والے مہربان ہیں۔

و۔ نماز کے پابند رہو کچھ شک نہیں کہ نماز برائی اور بے حیائی کے کاموں سے روکتی ہے اور اللہ کا ذکر بڑا اچھا کام ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسکو جانتا ہے۔

لوگو! اگر وہ چاہے تو تم کو فنا کر دے اور تمہاری جگہ اور لوگوں کو پیدا کر دے اور اللہ اس بات پر قادر ہے

و۔ لوگو! تم سب اللہ کے محتاج ہو اور اللہ بے پروا اور سزاوارِ حمد و ثنا ہے۔ اگر چاہے تو تم کو نابود کر دے اور نئی مخلوقات لا آباد کرے اور یہ اللہ کو کچھ مُشکل نہیں۔

و۔ اور تمہارا پروردگار بے پروا اور صاحبِ رحمت ہے۔ اگر چاہے تو، اے بندو، تمہیں نابود کر دے اور تمہارے بعد جن لوگوں کو چاہے تمہارا جانشین بنا دے جیسا تمہیں بھی دوسرے لوگوں کی نسل سے پیدا کیا۔

و۔ ہم ہی زمین کے، اور جو لوگ اس پر بستے ہیں، ان کے وارث ہیں اور ہماری ہی طرف انکو لوٹنا ہو گا۔

و۔ زمین تو اللہ کی ہے اور وہ اپنے بندوں میں سے
جسے چاہتا ہے اس کا مالک بناتا ہے۔

و۔ قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تمہارے دشمن کو ہلاک
کر دے اور اسکی جگہ تمہیں زمین کا خلیفہ بنائے
پھر دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔

و۔ وہ لوگ بہت سے باغ اور چشمے چھوڑ گئے اور
کھیتیاں اور نفیس مکان اور آرام کی چیزیں جس میں
عیش کیا کرتے تھے۔ پھر اسی طرح ہوا اور ہم نے دوسرے
لوگوں کو اس کا مالک بنا دیا پھر ان پر نہ تو آسمان اور
زمین کو رونا آیا، نہ انکو مہلت ہی دی گئی۔ ہم نے ان
سب کو ہلاک کر دیا اور بیشک وہ گنہگار لوگ تھے۔
اگر ان بستیوں کے لوگ ایمان لے آتے اور پرہیزگار
ہو جاتے تو ہم اُن پر آسمان اور زمین کی برکات کے

دروازے کھول دیئے مگر انہوں نے تو تکذیب کی سو ان کے اعمال کی سزا میں ہم نے انہیں پکڑ لیا۔

و۔ اور اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا مگر وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے۔

و۔ سو ان میں کچھ تو ایسے تھے کہ ہم نے ان پر پتھروں کا مینہ برسایا۔ کچھ ایسے تھے جن کو چنگھاڑ نے آ پکڑا اور کچھ ایسے تھے جن کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور کچھ ایسے تھے جن کو غرق کر دیا۔

و۔ کیا ان لوگوں کو جو اہلِ زمین کے مر جانے کے بعد زمین کے مالک ہوتے ہیں یہ امر موجبِ ہدایت نہیں ہوا کہ اگر ہم چاہیں تو ان کے گناہوں کے سبب ان پر مصیبت ڈال دیں اور ان کے دلوں پر مُہر لگا دیں کہ کچھ سُن ہی نہ سکیں۔

و۔ کیا اُنکو اس امر سے ہدایت نہ ہوئی کہ ہم نے اُن سے پہلے بہت سی اُمّتوں کو، جن کے مقامِ سکونت ہیں یہ چلتے پھرتے ہیں، ہلاک کر دیا۔ بیشک اِسمیں نشانیاں ہیں تو یہ سُنتے کیوں نہیں ؟

و۔ کیا اُنہوں نے زمین میں سیر نہیں کی کہ دیکھتے جو لوگ ان سے پہلے تھے اُن کا انجام کیا ہوا حالانکہ وہ ان میں سے قوّت میں بہت زیادہ تھے۔ اور اللہ ایسا نہیں کہ آسمانوں اور زمین میں کوئی چیز اِس کو عاجز کر سکے، وہ علم والا اور قُدرت والا ہے۔

و۔ اور بہت سی بستیاں ہیں کہ ہم نے ان کو تباہ کر ڈالا۔ وہ نافرمان تھیں سو وہ اپنی چھتوں پر گر پڑیں اور بہت سے کنوئیں بیکار اور بہت سے محل ویران پڑے ہیں، کیا اِن لوگوں نے مُلک میں سیر نہیں کی تاکہ ان کے

دل ایسے ہوتے کہ اُن سے سمجھ سکتے اور کان ایسے ہوتے کہ ان سے سُن سکتے؟ بات یہ ہے کہ آنکھیں اندھی تو نہیں ہوتیں بلکہ دل، جو سینوں میں ہیں، وہ اندھے ہوتے ہیں۔

و۔ تو جب ہم لوگوں کو اپنی رحمت کا مزا چکھاتے ہیں تو اس سے خوش ہو جاتے ہیں اور اگر ان کے عملوں کے سبب، جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں، کوئی گزند پہنچے تو نا اُمید ہو کر رہ جاتے ہیں۔

و۔ اور اگر اللہ لوگوں کی بُرائی میں جلدی کرتا جس طرح وہ طلبِ خیر میں جلدی کرتے ہیں، تو ان کی عمر کی میعاد پُوری ہو چکی ہوتی تو جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی توقع نہیں، انکو ہم چھوڑے رکھتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بہکتے رہیں

و۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال کے سبب پکڑنے

لگتا تو رُوئے زمین پر ایک چلنے پھرنے والے کو نہ چھوڑتا لیکن وہ ان کو ایک وقتِ مقرر تک مہلت دیے جاتا ہے سو جب ان کا وقت آجائے گا تو ان کے اعمال کا بدلہ دے گا۔

اللہ تو اپنے بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

و۔ انسان کو جب تکلیف پہنچتی ہے تو لیٹا اور بیٹھا اور کھڑا اور ہر حال میں ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اس تکلیف کو اس سے دُور کر دیتے ہیں تو بے لحاظ ہو جاتا ہے اور اس طرح گزر جاتا ہے کہ گویا کسی تکلیف پہنچنے پر ہمیں کبھی پکارا ہی نہ تھا اسی طرح حد سے گزر جانے والوں کو ان کے اعمال آراستہ کرکے دکھائے گئے ہیں۔

و۔ انسان بھلائی کی دُعائیں کرتا کرتا تو تھکتا نہیں اور اگر تکلیف پہنچ جاتی ہے تو نا اُمید ہو جاتا ہے اور

آس توڑ بیٹھتا ہے اور اگر تکلیف پہنچنے کے بعد ہم اسکو
اپنی رحمت کا مزا چکھاتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو میرا
حق تھا اور جب ہم انسان پر کرم کرتے ہیں تو مُنہ موڑ
لیتا ہے اور پہلو پھیر کر چل دیتا ہے اور جب تکلیف
پہنچتی ہے تو لمبی لمبی دُعائیں کرنے لگتا ہے۔
و۔ جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں پکارنے لگتا ہے۔
پھر جب ہم اپنی طرف سے نعمت بخشتے ہیں تو کہتا ہے
کہ یہ تو مجھے میرے علم و دانش کے سبب ملی ہے نہیں
بلکہ وہ تو آزمائش ہے لیکن اُن میں سے اکثر نہیں جانتے
و۔ اور انسان جس طرح جلدی سے بھلائی مانگتا ہے اسی
طرح بُرائی مانگتا ہے اور انسان جلد باز پیدا ہوا ہے۔
و۔ اور اگر ہم انسان کو اپنے پاس سے نعمت بخشیں پھر
اس کو اُس سے چھین لیں تو نا اُمید اور ناشکرا ہو جاتا ہے

اور اگر تکلیف پہنچنے کے بعد آسائش کا مزا چکھائیں تو خوش ہو کر کہتا ہے کہ آہا! سب سختیاں مجھ سے دُور ہو گئیں۔ بیشک وہ خوشیاں منانے والا اور فخر کرنے والا ہے۔

و۔ کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا کیا ہے

و۔ تُو نے اس مخلوق کو بے فائدہ پیدا نہیں کیا۔

و۔ اور ہم نے آسمان اور زمین اور جو مخلوقات ان دونوں کے درمیان ہے اسکو لہو و لعب کے لیے پیدا نہیں کیا۔

و۔ تمہارے پیدا کرنے سے مقصود یہ ہے کہ وہ تم کو آزمائے کہ تم میں عمل کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔

و۔ میں نے جِنّوں اور اِنسانوں کو اس لیے پیدا کیا ہے کہ میری عبادت کریں۔

و۔ اور اُس نے خلقت کو اس لیے پیدا کیا ہے کہ جنہوں نے بُرے کام کیے، انکو ان کے اعمال کا بُرا بدلہ دے اور جنہوں نے نیکیاں کیں، انکو نیک بدلہ دے۔

و۔ فضل اللہ ہی کے ہاتھ ہے۔ جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

و۔ وہی تمہارا دوست ہے اور خوب دوست اور خوب مددگار ہے۔

و۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کیے، اللہ ان کی محبت مخلوقات کے دل میں پیدا کر دے گا۔

و۔ وہ اللہ ہی تو ہے جس نے تمہیں ایک شخص سے پیدا کیا اور اس سے اس کا جوڑا بنایا تاکہ اس سے راحت حاصل کرے۔

و۔ اور اللہ ہی نے تم میں سے تمہارے لیے عورتیں پیدا

کیں اور عورتوں سے تمہارے بیٹے اور پوتے پیدا کیے

اور کھانے کو تمہیں پاکیزہ چیزیں دیں۔

و۔ تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں تو اپنی کھیتی میں جس

طرح چاہو جاؤ۔ اور اپنے لیے نیک عمل آگے بھیجو

اور اللہ سے ڈرتے رہو۔

و۔ اور تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں

کہہ دو کہ وہ تو نجاست ہے سو ایّامِ حیض میں عورتوں

سے کنارہ کش رہو اور جب تک پاک نہ ہو جائیں،

ان سے مقاربت نہ کرو۔ ہاں جب پاک ہو جائیں تو

جس طریقے سے اللہ نے تمہیں ارشاد فرمایا ہے

ان کے پاس جاؤ۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ توبہ کرنے

والوں اور پاک صاف رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

و۔ اور عورتوں کا حق مردوں پر ویسا ہی ہے جیسا دستور

کے مطابق مردوں کا حق عورتوں پر ہے۔ البتہ مردوں کو عورتوں پر فضیلت ہے اور اللہ غالب اور صاحبِ حکمت ہے۔

و۔ مَرد عورتوں پر مُسلّط و حاکم ہیں اس لیے کہ اللہ نے بعض کو بعض سے افضل بنایا ہے اور اس لیے بھی کہ مرد اپنا مال خرچ کرتے ہیں تو جو نیک بیبیاں ہیں وہ مَردوں کے حکُم پر چلتی ہیں اور انکی پیٹھ پیچھے اللہ کی حفاظت میں مال و آبرو کی خبرداری کرتی ہیں۔

و۔ اور اگر تُم ایک عورت کو چھوڑ کر دوسری عورت کرنی چاہو اور پہلی عورت کو بہت سا مال دے چکے ہو تو اس میں سے کچھُ مت لینا۔ بھلا تم ناجائز طور پر صریح ظلُم سے اپنا مال اس سے واپس لو گے؟ اور تم دیا ہُوا مال کیونکر واپس لے سکتے ہو جبکہ تم ایک دوسرے کے ساتھ صحبت کر چکے ہو۔

و۔ محرمات کے سوا اور عورتیں تم کو حلال ہیں اس طرح کہ مال خرچ کر کے اُن سے نکاح کرلو بشرطیکہ نکاح سے مقصودِ عفّت قائم رکھنا ہو نہ کہ شہوت رانی۔ تو جن عورتوں سے تم فائدہ حاصل کرو ان کا مہر جو مقرر کیا ہو ادا کر دو اور اگر مقرّر کرنے کے بعد آپس کی رضامندی سے کمی بیشی کرلو تو تُم پر کچھ گناہ نہیں بیشک اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔

و۔ اگر اس بات کا اندیشہ ہو کہ سب عورتوں سے یکساں سلوک نہ کر سکو گے تو ایک عورت کافی ہے، اس سے تم بے انصافی سے بچ جاؤ گے۔

و۔ اور تم خواہ کتنا ہی چاہو عورتوں میں ہرگز برابری نہ کر سکو گے تو ایسا بھی نہ کرنا کہ ایک ہی طرف ڈھل جاؤ اور دوسری کو ایسی حالت میں چھوڑ دو کہ گویا اَدھر میں

لٹک رہی ہے اور اگر آپس میں موافقت کرلو

اور پرہیز گاری کرو تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

و۔ مومنو تم کو جائز نہیں کہ زبردستی عورتوں کے وارث

بن جاؤ۔

و۔ اوران کے ساتھ اچھی طرح سے رہو سہو اگر وہ تم

کو ناپسند ہوں تو عجب نہیں کہ تم کسی چیز کو ناپسند

کرو اور اللہ اس میں بہت سی بھلائی پیدا کردے۔

و۔ اگر تم نیکو کاری یا پرہیز گاری کرو گے تو اللہ

تمہارے سب کاموں سے واقف ہے۔

و۔ کیا تم کو یہ کافی نہیں کہ تمہارا پروردگار ہر چیز سے خبردار ہے

و۔ نہ تو پھل گابھوں سے نکلتے ہیں نہ کوئی مادہ حاملہ

ہوتی اور نہ جنتی ہے مگر اُس کے علم سے۔

و۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے

جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے
بیٹے بخشتا ہے یا انکو بیٹے اور بیٹیاں دونوں عنایت
فرماتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے
وہ تو جاننے والا قدرت والا ہے۔

و۔ تمہارا مال اور تمہاری اولاد تو فتنہ ہے (یعنی آزمائش
ہے) اور اللہ کے ہاں بڑا اَجر ہے۔

و۔ اے ایمان والو! تمہارا مال اور اولاد تم کو اللہ کی
یاد سے غافل نہ کر دے اور جو ایسا کرے گا تو وہ
لوگ خسارہ اُٹھانے والے ہیں۔

و۔ اور جان رکھو کہ تمہارا مال اور اولاد بڑی آزمائش ہے
اور یہ کہ اللہ کے پاس نیکیوں کا بڑا ثواب ہے۔

و۔ جب قیامت کا غُل مچے گا اُس دن آدمی اپنے
بھائی سے دُور بھاگے گا اور اپنی ماں اور اپنے باپ

سے اور اپنی بیوی اور اپنے بیٹے سے۔

و۔ قیامت کے دن نہ تمہارے رِشتے ناطے کام آئیں گے اور نہ اولاد۔

و۔ اور کوئی اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائے گا اور کوئی بوجھ میں دبا ہُوا اپنا بوجھ بٹانے کے لیے کسی کو بُلائے تو کوئی اس میں سے کچھ نہ اُٹھائیگا اگرچہ قرابت دار ہی ہو۔

و۔ لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو اور اس دن کا خوف کرو کہ نہ تو باپ اپنے بیٹے کے کچھ کام آئے اور نہ بیٹا اپنے باپ کے کچھ کام آسکے بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے پس دنیا کی زندگی تم کو دھوکے میں نہ ڈال دے۔

و۔ جس دن تمام لوگ رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے

کوئی دوست کسی دوست کا پُرسان نہ ہوگا۔ حالانکہ
ایک دوسرے کو سامنے دیکھ رہے ہوں گے۔ اس روز
گنہگار خواہش کرے گا کہ کسی طرح اس دن کے عذاب
کے بدلے سب کچھ دے دے یعنی اپنے بیٹے اور اپنی
بیوی اور اپنے بھائی اور اپنا خاندان جس میں وہ رہتا
تھا اور جتنے آدمی زمین پر ہیں غرض سب کچھ دے
دے اور اپنے تئیں عذاب سے چھڑا لے لیکن
ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔

و۔ اللہ کے عذاب کے سامنے نہ تو ان کا مال ہی کچھ کام
آئے گا اور نہ اولاد ہی کچھ فائدہ دے گی۔

و۔ جس دن ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے تو بیشک
انتقام لے کر چھوڑیں گے۔

و۔ اور تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے ؟

اُس دن کوئی کسی کا کچھ بھلا نہ کر سکے گا۔ اور حکم اس دن اللہ کا ہوگا۔

و۔ اور اُس دن سے ڈرو جب کوئی کسی کے کچھ بھی کام نہ آئے اور نہ کسی کی سفارش منظور کی جائے اور نہ کسی سے کسی قسم کا بدلہ قبول کیا جائے اور نہ لوگ کسی اور طرح مدد حاصل کر سکیں۔

و۔ جس دن وہ تم کو اکٹھا ہونے (یعنی قیامت) کے دن اکٹھا کرے گا، وہ نقصان اٹھانے کا دن ہے۔

و۔ جس دن نہ مال ہی کچھ فائدہ دے سکے گا اور نہ بیٹے۔ ہاں جو شخص اللہ کے پاس پاک دل لے کر آیا، وہ بچ جائے گا۔

و۔ سُن رکھو کہ بدکاروں کے اعمال "سجّین" میں ہیں اور تم کیا جانتے ہو کہ سجّین کیا چیز ہے؟ ایک دفتر ہے لکھا ہوا اور

یہ بھی سُن رکھو کہ نیکو کاروں کے اعمال "عِلّیّین" میں ہیں

اور تم کو کیا معلوم کہ "عِلّیّین" کیا چیز ہے ؟

ایک دفتر ہے لکھا ہُوا جس کے پاس مُقرّب فرشتے

حاضر رہتے ہیں۔

و۔ تو جس کا نامۂ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے

گا اس سے حساب آسان لیا جائے گا اور وہ اپنے

گھر والوں میں خوش آئے گا اور جس کا نامۂ اعمال اسکی

پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائیگا وہ موت کو پکارے گا

اور دوزخ میں داخل ہو گا۔ یہ اپنے اہل و عیال میں

مست رہتا تھا اور خیال کرتا تھا کہ اللہ کی طرف پھر

کر نہ جائے گا۔ ہاں ہاں اس کا پروردگار اسکو دیکھ رہا

تھا۔

و۔ تو اس عاقبت نا اندیش نے نہ تو کلامِ الٰہی کی تصدیق

کی، نہ نماز پڑھی بلکہ جھٹلایا اور مُنہ پھیر لیا۔ پھر اپنے گھر والوں کی طرف اکڑتا ہُوا چل دیا۔ افسوس ہے تجھ پر، پھر افسوس ہے، پھر افسوس ہے تجھ پر، پھر افسوس ہے

و۔ تمہارا مال اور اولاد ایسی چیز نہیں جو تم کو ہمارا مُقرّب بنا دے، ہاں ہمارا مُقرّب وہ ہے جو ایمان لایا اور نیک عمل کرتا رہا۔ ایسے ہی لوگوں کو اُن کے اعمال کے سبب دُگنا بدلہ ملے گا اور وہ خاطر جمع سے بالا خانوں میں بیٹھے ہوں گے۔

و۔ اے پروردگار! ہم نے ایک ندا کرنے والے کو سُنا کہ ایمان کے لیئے پکار رہا تھا یعنی اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔ اے پروردگار! ہمارے گناہ معاف فرما اور ہماری برائیوں کو ہم سے محو کر اور ہم کو دُنیا سے نیک بندوں کے ساتھ اُٹھانا۔ اور قیامت کے دن ہمیں

رُسوا نہ کیجیو، بلاشبہ تو خلاف وعدہ نہیں کرتا۔

و۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے وہ اس سے اسکی بُرائیاں دُور کر دے گا اور باغ ہائے بہشت میں، جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، داخل کرے گا۔ وہ ہمیشہ اُن میں رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔

و۔ اے اہلِ ایمان! تمہارے مال و جان میں تمہاری آزمائش کی جائے گی اور اگر صبر اور پرہیز گاری کرتے رہو گے تو یہ بڑی ہمّت کے کام ہیں۔

و۔ اور وہی تو ہے جس نے زمین میں تمہیں اپنا نائب بنایا اور ایک دوسرے پر درجے بُلند کیے تاکہ جو کچھ اُس نے تمہیں بخشا ہے اس میں تمہاری آزمائش کرے۔

و۔ اور اللہ نے رزق و دولت میں بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔

و- اور ہم تم لوگوں کو سختی اور آسودگی میں آزمائش کے طور پر مبتلا کرتے ہیں۔

و- مگر انسان عجیب مخلوق ہے کہ جب اس کا پروردگار اسکو آزماتا ہے کہ اسے عزّت دیتا اور نعمت بخشتا ہے تو کہتا ہے کہ آہا میرے پروردگار نے مجھے عزّت بخشی اور جب دوسری طرح آزماتا ہے کہ اُس پر روزی تنگ کر دیتا ہے تو کہتا ہے کہ ہائے میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کیا۔

و- کیا یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہم جو دُنیا میں ان کو مال اور بیٹوں سے مدد دیتے ہیں تو اس سے انکی بھلائی میں جلدی کر رہے ہیں ؟ نہیں بلکہ یہ سمجھتے ہی نہیں۔

و- اور کئی طرح کے لوگوں کو جو ہم نے دنیا کی زندگی میں آسائش کی چیزوں سے بہرہ مند کیا ہے تاکہ ان کی آزمائش کریں،

اُن پر نگاہ نہ کرنا اور تمہارے پروردگار کی عطا فرمائی ہوئی

روزی بہت بہتر اور باقی رہنے والی ہے۔

و۔ اور جو شخص حرصِ نفس سے بچا لیا گیا تو ایسے ہی لوگ

مُراد پانے والے ہیں۔

و۔ اور ہم کسی قدر خوف اور بھوک اور مال اور جانوں اور

میووں کے نقصان سے تمہاری آزمائش کریں گے

تو صبر کرنے والوں کو اللہ کی خوشنودی کی بشارت

سنا دو۔

و۔ اور اسی طرح ہم نے بعض لوگوں کی بعض سے

آزمائش کی ہے کہ جو دولتمند ہیں وہ غریبوں کی نسبت

کہتے ہیں کہ کیا یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے ہم میں سے

فضل فرمایا ہے اللہ نے فرمایا بھلا اللہ شکر کرنے

والوں سے واقف نہیں؟

و۔ اور کوئی شخص ایسا ہے کہ اللہ کی خُوشنودی حاصل کرنے کے لیے اپنی جان بیچ ڈالتا ہے اور اللہ بندوں پر بہت مہربان ہے۔

و۔ اللہ کی رضامندی تو سب سے بڑی نعمت ہے۔

و۔ کیا جس چیز کی اِنسان آرزو کرتا ہے وہ اسے ضرُور ملتی ہے ؟

و۔ کہہ دو کہ مَیں تو اپنے نقُصان اور فائدے کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے۔

و۔ آخرت اور دُنیا تو اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔

و۔ اور اللہ کے سوا نہ کوئی تمہارا دوست ہے نہ مددگار

و۔ کہہ دو کہ رنج و راحت سب اللہ ہی کی طرف سے ہیں

و۔ کیا اللہ اپنے بندے کے لیے کافی نہیں ؟

و۔ ڈرو مت، مَیں تمہارے ساتھ ہوں۔ سُنتا اور دیکھتا ہوں۔

و۔ کوئی مصیبت نازل نہیں ہوتی مگر اللہ کے حکم سے

و۔ کوئی مصیبت مُلک پر اور خود تُم پر نہیں پڑتی مگر پیشتر اِس کے کہ ہم اسکو پیدا کریں، ایک کتاب میں لکھی ہوئی ہے اور یہ کام اللہ کو آسان ہے ناکہ جو مطلب تم سے فوت ہو گیا ہو اس کا غم نہ کھایا کرو اور جو تم کو اس نے دیا ہو اُس پہ اترایا نہ کرو اور اللہ کسی اِترانے والے اور شیخی بگھارنے والے کو پسند نہیں کرتا۔

و۔ پہلے تو سب لوگوں کا ایک ہی مذہب تھا لیکن وہ آپسمیں اِختلاف کرنے لگے تو اللہ نے انکی طرف بشارت دینے والے اور ڈر سُنانے والے پیغمبر بھیجے اور اُن پر سچائی کے ساتھ کتابیں نازل کیں تاکہ جن اُمور میں لوگ اختلاف کرتے تھے اُن کا اِن میں فیصلہ کر دے اور اس میں اختلاف بھی ان لوگوں نے کیا جن کو کتاب دی گئی تھی باوجودیکہ ان کے

پاس کھُلے ہُوئے احکام آچکے تھے اور یہ اختلاف اُنہوں نے صرف آپس کی ضِدّ سے کیا۔ تو جس امرِ حق میں وُہ اِختلاف کرتے تھے اَللہ نے اپنی مہربانی سے مومنوں کو اس کی راہ دکھا دی اور اللہ جس کو چاہتا ہے سیدھا رستہ دکھا دیتا ہے۔

و۔ دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہے اور اہلِ کتاب نے جو اس دین سے اِختلاف کیا تو علم حاصل ہونے کے بعد آپس کی ضِدّ سے کیا اور جو شخص اللہ کی آیتوں کو نہ مانے تو اللہ جلد حساب لینے والا اور سزا دینے والا ہے۔

و۔ پھر تم سب میرے پاس لوٹ کر آؤ گے تو جن باتوں میں تم اختلاف کرتے تھے اُس دن تم میں ان کا فیصلہ کردوں گا۔

و۔ کیا یہ اللہ کے دین کے سوا کسی اور دین کے طالب ہیں

حالانکہ سب اہلِ آسمان و زمین خوشی یا زبردستی سے اللہ کے فرمانبردار ہیں اور اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

و۔ اور جو شخص اسلام کے سِوا کسی اور دین کا طالب ہوگا وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور ایسا شخص آخرت میں نُقصان اُٹھانے والوں میں ہوگا۔

و۔ کہہ دو کہ لوگو تمہارے پروردگار کے ہاں سے تمہارے پاس حق آچکا ہے تو جو کوئی ہدایت حاصل کرتا ہے تو ہدایت سے اپنے ہی حق میں بھلائی کرتا ہے اور جو گمراہی اختیار کرتا ہے تو گمراہی سے اپنا ہی نُقصان کرتا ہے اور میں تمہارا وکیل نہیں ہوں۔

و۔ جن لوگوں نے اللہ کے رُوبرُو حاضر ہونے کو جُھٹلایا، وہ خسارے میں پڑ گئے اور راہ نہ پا سکے۔

و۔ وہ جس کو چاہتا ہے دانائی بخشتا ہے اور جس کو دانائی ملی بیشک اسکو بڑی نعمت ملی اور نصیحت تو وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو عقلمند ہیں۔

و۔ جو بات کو سُنتے اور اچھی باتوں کی پیروی کرتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی اور یہی لوگ عقل والے ہیں۔

و۔ اِن لوگوں پر جب کوئی مصیبت واقع ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اللہ ہی کا مال ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

و۔ یہی لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کی مہربانی اور رحمت ہے اور یہی سیدھے رستے پر ہیں۔

و۔ اے آدم زاد! تجھکو جو فائدہ پہُنچے وہ اللہ کی طرف سے ہے اور جو نقصان پہنچے تو تیری ہی شامتِ اعمال کی وجہ سے ہے۔

و۔ اور جو مصیبت تم پر واقع ہوتی ہے سو تمہارے اپنے فعلوں سے ہے اور وہ بہت سے گناہ تو معاف کر دیتا ہے۔

و۔ جو نعمت اللہ کسی قوم کو دیا کرتا ہے جب تک وہ خود اپنے دلوں کی حالت نہ بدل ڈالیں، اللہ اسے نہیں بدلا کرتا۔

و۔ اور اللہ اہلِ عالم پر ظُلم نہیں کرنا چاہتا۔

و۔ خُشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب فساد پھیل گیا ہے تاکہ اللہ ان کو ان کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے۔ عجب نہیں کہ وہ باز آجائیں۔

و۔ جان لو کہ اللہ چاہتا ہے کہ ان کے بعض گناہوں کے سبب ان پر مصیبت نازل کرے اور اکثر لوگ تو نافرمان ہیں۔

و۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے ظلم کے سبب پکڑنے لگے تو ایک جان دار کو زمین پر نہ چھوڑے لیکن ان کو ایک وقتِ مقرّر تک مہلت دیئے جاتا ہے۔ جب وہ وقت آجاتا ہے تو نہ ایک گھڑی پیچھے رہ سکتے ہیں نہ آگے جا سکتے ہیں۔

و۔ کچھ شک نہیں کہ انسان کم حوصلہ پیدا ہوا ہے۔ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو گھبرا اُٹھتا ہے اور جب آسائش حاصل ہوتی ہے تو بخیل بن جاتا ہے۔

و۔ اور جو کوئی بُرا کام کرتا ہے تو اس کا ضرر اُسی کو ہوتا ہے اور کوئی شخص کسی کے گناہ کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا۔

و۔ اور اگر تم نیکو کاری کروگے تو اپنی جانوں کے لیے کروگے اور اگر اعمالِ بد کروگے تو ان کا وبال بھی تمہاری ہی جانوں پہ ہوگا۔

و۔ میں کسی عمل کرنے والے کے عمل کو، مرد ہو یا عورت،
ضائع نہیں کرتا۔

و۔ اور جو نیک کام کرے گا، مرد ہو یا عورت، اور وہ صاحب
ایمان بھی ہوگا تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں گے
اور ان کی تِل برابر بھی حق تلفی نہ کی جائے گی۔

و۔ اور جس چیز میں اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر
فضیلت دی ہے اس کی ہوس مت کرو۔
مردوں کو اُن کاموں کا ثواب ہے جو انہوں نے کیے
اور عورتوں کو اُن کاموں کا ثواب ہے جو انہوں نے کیے
اور اللہ سے اپنا فضل و کرم مانگتے رہو۔ کچھ شک نہیں
کہ اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

و۔ اور جو کوئی نیک کام کرے تو اللہ قدر شناس
اور دانا ہے۔

و۔ جو کوئی اللہ کے حضور نیکی لے کر آئے گا تو اس کو ویسی دس نیکیاں ملیں گی اور جو برائی لائے گا اسے سزا ویسی ہی ملے گی اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

و۔ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔ اچھے کام کرے گا تو اُسے اُن کا فائدہ ملے گا۔ بُرے کرے گا تو اُسے ان کا نقصان پہنچے گا۔

و۔ جو نیک کام کرے گا تو اپنے لیے اور جو بُرے کام کریگا تو ان کا ضرر اُسی کو ہو گا اور تمہارا پروردگار بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

و۔ جو شخص نیک اعمال کرے گا، مرد ہو یا عورت، اور وہ مومن بھی ہو گا تو ہم اسکو دُنیا میں پاک اور آرام کی زندگی سے زندہ رکھیں گے اور آخرت میں انکے اعمال کا نہایت اچھا صلہ دیں گے۔

و۔ دیکھو ہم نے کس طرح بعض کو بعض پر فضیلت بخشی ہے اور آخرت درجوں میں دنیا سے کہیں برتر اور برتری میں کہیں بڑھ کر ہے۔

و۔ سُن رکھو کہ اولیاء اللہ کو نہ کچھ خوف ہوگا نہ وہ غمگین ہوں گے یعنی وہ لوگ وہ جو ایمان لائے اور پرہیزگار رہے ان کے لیے دُنیا کی زندگی میں بھی بشارت ہے اور آخرت میں بھی۔

اللہ کی باتیں بدلتی نہیں، یہی تو بڑی کامیابی ہے۔

و۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول (صلے اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کرتے ہیں وہ قیامت کے روز ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے بڑا فضل کیا یعنی انبیاء اور صدّیق اور شہید اور نیک لوگ اور ان لوگوں کی رفاقت بھی بہت خوب ہے۔

و۔ جس نے نیک عمل کیے تو ایسے لوگ اپنے ہی لیے آرام گاہ درست کرتے ہیں۔

و۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے اور ہم عملوں کے لیے کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تو دیتے ہی نہیں

ایسے ہی لوگ اہلِ بہشت ہیں کہ اس بیں ہمیشہ رہیں گے اور جو کینے اُن کے سینوں میں ہوں گے وہ ہم سب نکال ڈالیں گے۔ ان کے محلوں کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور کہیں گے اللہ کا شُکر ہے کہ جس نے ہمیں یہاں کا رستہ دکھایا اور اگر اللہ ہم کو رستہ نہ دکھاتا تو ہم رستہ نہ پا سکتے۔ بیشک ہمارے پروردگار کے رسُولؐ حق بات لے کر آئے تھے

اور اس روز منادی کر دی جائے گی کہ تم لوگ اُن

اعمال کے صلے میں جو دُنیا میں کرتے تھے اِس بہشت کے مالک بنا دیے گئے ہو۔

و۔ جو شخص دُنیا میں عملوں کی جزا کا طالب ہو تو اللہ کے پاس دُنیا اور آخرت دونوں کے لیے اجر موجود ہے۔ اور اللہ سُنتا دیکھتا ہے۔

و۔ اور دنیا کی زندگی تو دھوکے کا سامان ہے۔

و۔ اور جس دن اللہ انکو جمع کرے گا تو دنیا کی نسبت ایسا خیال کریں گے گویا وہاں گھڑی بھر دن سے زیادہ رہے ہی نہیں تھے۔

و۔ تم دنیا کی زندگی کے فائدے اُٹھالو، پھر تمہیں ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ اس وقت ہم تم کو بتائیں گے جو تم کیا کرتے تھے۔

و۔ اللہ پوچھے گا کہ تم زمین میں کتنے برس رہے وہ کہیں گے

کہ ہم ایک روز یا ایک روز سے بھی کم رہے تھے شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجیے۔

و۔ کیا تم آخرت کی نعمتوں کو چھوڑ کر دُنیا کی زندگی پر خوش ہو بیٹھے ہو؟ دُنیا کی زندگی کے فائدے تو آخرت کے مقابل میں بہُت ہی کم ہیں۔

و۔ جو شخص آخرت کی کھیتی کا طالب ہو ہم اس کے لیے اس کی کھیتی میں افزائش کریں گے اور جو دُنیا کی کھیتی کا خواستگار ہو اسکو ہم اس میں سے دیں گے اور اور اس کا آخرت میں کچھ حصّہ نہ ہوگا۔

و۔ اور بعض لوگ ایسے ہیں جو اللہ سے التجا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم کو جو دینا ہے دُنیا ہی میں عنایت کر۔ ایسے لوگوں کا آخرت میں کچھ حصّہ نہیں اور بعض ایسے ہیں کہ دُعا کرتے ہیں کہ پروردگار ہمیں دنیا میں بھی

نعمت عطا فرما اور آخرت میں بھی نعمت بخشیو اور دوزخ
کے عذاب سے محفوظ رکھیو۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے
ان کے کاموں کا حصّہ یعنی اجرِ نیک تیار ہے اور اللہ
جلد حساب لینے والا اور جلد اجر دینے والا ہے۔

و۔ اے پیغمبرؐ ان سے کہہ دو کہ دنیا کا فائدہ تو بہت تھوڑا ہے
اور بہت اچھی چیز تو پرہیزگار کے لیے نجاتِ آخرت
ہے اور تم پر دھاگے برابر بھی ظُلم نہیں کیا جائے گا۔

و۔ مگر تُم لوگ تو دُنیا کی زندگی اختیار کرتے ہو حالانکہ
آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے۔

و۔ جو لوگ دنیا کی زندگی اور اس کی زیب و زینت کے طالب
ہوں تو ہم انکے اعمال کا بدلہ انہیں دنیا ہی میں دے
دیتے ہیں اور اس میں انکی حق تلفی نہیں کی جاتی۔

و۔ یہ دنیا میں تھوڑا سا ہنس لیں اور آخرت میں انکو

انکے اعمال کے بدلے جو کرتے رہے ہیں، بہت سا رونا ہو گا۔

و۔ جان رکھو کہ دُنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشہ اور زینت و آرائش اور تمہارے آپس میں فخر و ستائش اور مال و اولاد کی ایک دوسرے سے زیادہ طلب و خواہش ہے اس کی مثال ایسے ہے جیسے بارش کہ اس سے کھیتی اگتی اور کسانوں کو کھیتی بھلی لگتی ہے پھر وہ خوب زور پر آتی ہے پھر اے دیکھنے والے تُو اسکو دیکھتا ہے کہ پک کر زرد پڑ جاتی ہے پھر چُورہ چُورہ ہو جاتی ہے۔
اور دُنیا کی زندگی تو متاعِ فریب ہے۔

و۔ تو جو ہماری یاد سے رُوگردانی کرے اور صرف دُنیا کی زندگی کا ہی خواہاں ہو تو اس سے تم بھی مُنہ پھیر لو۔

و۔ اور جن لوگوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشہ بنا رکھا ہے،

اور دنیا کی زندگی نے اُن کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے

اُن سے کچھ کام نہ رکھو۔ ہاں اِس قرآن کے ذریعے سے

نصیحت کرتے رہو تاکہ قیامت کے دن کوئی اپنے

اعمال کی سزا میں ہلاکت میں نہ ڈالا جائے۔

اُس روز اللہ کے سوا نہ تو اس کا کوئی دوست ہوگا

اور نہ سفارش کرنے والا۔ اور اگر وہ ہر چیز جو رُوئے

زمین پر ہے، بطور معاوضہ دینا چاہے تو وُہ اس سے

قبول نہ ہو۔ یہی لوگ ہیں جو اپنے اعمال کے وبال میں ہلاکت

میں ڈالے گئے ان کے لیے پینے کو کھولتا ہوا پانی اور درد

دینے والا عذاب ہے۔

و۔ اور جو شخص نیک بات کی سفارش کرے تو اُسکو اس

کے ثواب میں سے حِصّہ ملے گا اور جو بُری بات کی سفارش

کرے تو اسکو اس کے عذاب میں سے حصّہ ملے گا اور اللہ

ہر چیز پر قُدرت رکھتا ہے

و۔ بیشک تمہارے پروردگار کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے
و۔ جب بڑی آفت آئے گی اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے نکال کر رکھ دی جائے گی تو جس نے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو مُقدّم سمجھا اُس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔
و۔ اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا اور جی کو خواہشوں سے روکتا رہا اس کا ٹھکانہ بہشت ہے۔
و۔ اے پیغمبر (صلّے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہو گا ہے اس کا مُنتہا یعنی واقع ہونے کا وقت تمہارے پروردگار ہی کو معلوم ہے۔
و۔ جو شخص اس سے ڈر رکھتا ہے تم تو اسی کو ڈر سنانے والے ہو۔

جب وہ اسکو دیکھیں گے تو ایسا خیال کریں گے کہ

گویا دُنیا میں ایک شام یا صُبح رہے تھے۔

و۔ تم کو دُنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈال دے اور نہ شیطان

فریب دینے والا تمہیں فریب دے۔ شیطان تمہارا دشمن

ہے تو تم بھی اُسے دُشمن ہی سمجھو۔

و۔ جو شخص دنیا کی آسُودگی کا خواہش مند ہو تو ہم اس میں سے

جسے چاہتے ہیں اور جتنا چاہتے ہیں جلد دے دیتے ہیں پھر اس کے

لیے جہنم کو ٹھکانہ مقرر کر رکھا ہے جہاں وہ نفریں سُن کر اور

درگاہِ الٰہی سے راندہ ہو کر داخل ہو گا۔

اور جو شخص آخرت کا خواستگار ہو اور اس میں اتنی کوشش

کرے جتنی اسے لائق ہے اور وہ مومن بھی ہو تو ایسے

ہی لوگوں کی کوشش ٹھکانے لگتی ہے۔

و۔ مال اور بیٹے تو دُنیا کی زندگی کی رونق اور زینت ہیں

اور نیکیاں جو باقی رہنے والی ہیں ثواب کے لحاظ سے

تمہارے پروردگار کے ہاں بہت اچھی اور اُمید کے

لحاظ سے بہت بہتر ہیں۔

و۔ اور جو چیز تم کو دی گئی ہے وہ دُنیا کی زندگی کا فائدہ

اور دُنیا کی زینت ہے اور جو چیز اللہ کے پاس ہے،

وہ بہتر اور باقی رہنے والی ہے۔ کیا تم سمجھتے نہیں ؟

و۔ لوگوں کو اُنکی خواہشوں کی چیزیں یعنی عورتیں اور بیٹے

اور سونے اور چاندی کے بڑے بڑے ڈھیر اور نشان

لگے ہوئے گھوڑے اور مویشی اور کھیتی بڑی زینت

دار معلوم ہوتی ہے مگر یہ سب دُنیا ہی کی زندگی کے

سامان ہیں اور اللہ کے پاس بہت اچھا ٹھکانہ ہے

اے پیغمبر! صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم! ان سے کہو کہ بھلا میں

تم کو ایسی چیز بتاؤں جو اِن چیزوں سے کہیں اچھی ہو ؟

سُنو جو لوگ پرہیز گار ہیں ان کے لیے اللہ کے ہاں باغات بہشت ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور پاکیزہ عورتیں ہیں اور سب سے بڑھ کر اللہ کی خوشنودی اور اللہ اپنے نیک بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

و۔ اور بہشت پرہیز گاروں کے قریب کر دی جائے گی اور دوزخ گنہگاروں کے سامنے لائی جائے گی۔

و۔ تمہارا پروردگار تم سے خوب واقف ہے اگر چاہے تو تم پر رحم کرے یا اگر چاہے تو تم کو عذاب دے۔

و۔ جو شخص نیکی لے کر آئے گا تو اُس کے لیے اس سے بہتر بدلہ تیار ہے اور ایسے لوگ اس روز گھبراہٹ سے بے خوف ہوں گے اور جو بُرائی لے کر آئے گا تو ایسے لوگ اوندھے مُنہ دوزخ میں ڈال دیے جائیں گے۔ تم کو

تو اُن ہی اعمال کا بدلہ ملے گا جو تم کر رہے ہو۔

و۔ قیامت کے دن ان کے ہاتھ اور پاؤں اور زبانیں سب انکے کاموں کی گواہی دیں گے اس دن اللہ ان کو ان کے اعمال کا پورا پورا اور ٹھیک بدلہ دے گا

و۔ اور ہم قیامت کے دن اِنصاف کی ترازو کھڑی کریں گے تو کسی شخص کی ذرا بھی حق تلفی نہ کی جائے گی اور اور اگر رائی کے دانے کے برابر بھی کسی کا عمل ہو گا تو ہم اسکو لا موجود کریں گے اور ہم حساب کرنے کو کافی ہیں۔

و۔ اور اُس روز عملوں کا تُلنا برحق ہے تو جن لوگوں کے عملوں کے وزن بھاری ہوں گے وہ تو نجات پانے والے ہیں اور جن کے وزن ہلکے ہوں گے تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا۔

و۔ جنہوں نے اپنے دین کو تماشا اور کھیل بنا رکھا تھا اور

دنیا کی زندگی نے انکو دھوکے میں ڈال رکھا تھا تو جس طرح
یہ لوگ اس دن کے آنے کو بھولے ہوئے اور ہماری
آیتوں سے منکر ہو رہے تھے اسی طرح آج ہم بھی انہیں
بھلا دیں گے۔

و۔ توبہ کرنے والے
عبادت کرنے والے
حمد کرنے والے
روزہ رکھنے والے
رکوع کرنے والے
سجدہ کرنے والے
نیک کاموں کا امر کرنے والے، بری باتوں سے
منع کرنے والے، اللہ کی حدوں کی حفاظت کرنے والے
یہی مومن لوگ ہیں اور

اے پیغمبر! صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم مومنوں کو بہشت کی خوشخبری سنادو۔

ور جو اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں، اور اقرار کو نہیں توڑتے، اور جن رشتہ ہائے قرابت کے جوڑے رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے انکو جوڑے رکھتے ہیں اور اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں اور بُرے حساب سے خوف رکھتے ہیں، اور جو پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے مصائب پر صبر کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور جو مال ہم نے انکو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں اور نیکی سے بُرائی کو دُور کرتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن کے لیے عاقبت کا گھر ہے یعنی ہمیشہ رہنے کے باغات جن میں وہ داخل ہوں گے اور ان کے باپ دادا اور بیویوں اور اولاد میں سے جو نیکوکار ہوں

گے وہ بھی بہشت میں جائیں گے۔ اور فرشتے بہشت
کے ہر ایک دروازے سے ان کے پاس آئیں گے
اور کہیں گے تم پر رحمت ہو، یہ تمہاری ثابت قدمی کا
بدلہ ہے اور عاقبت کا گھر خوب گھر ہے۔
و۔ اور وہ جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب انکو بیہودہ چیزوں
کے پاس سے گزرنے کا اتفاق ہو تو بزرگانہ انداز سے گزرتے
ہیں اور وہ کہ جب انکو پروردگار کی باتیں سمجھائی جاتی ہیں
تو ان پر اندھے اور بہرے ہو کر نہیں گرتے بلکہ غور و فکر سے سنتے
ہیں اور وہ جو اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم کو ہماری
بیویوں کی طرف سے دل کا چین اور اولاد کی طرف سے آنکھوں
کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔ ان صفات
کے لوگوں کو ان کے صبر کے بدلے اونچے اونچے محل دیے جائیں گے
اور وہاں فرشتے ان سے دعا اور سلام کے ساتھ ملاقات کریں گے
اسمیں وہ ہمیشہ رہیں گے اور وہ ٹھہرنے اور رہنے کی عمدہ جگہ ہے۔

و۔ اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول صلّے اللہ علیہ وسلّم کی اطاعت کرو۔ اگر تم مُنہ پھیر لوگے تو ہمارے پیغمبر کے ذمّے تو صرف کھول کھول کر پیغام کا سُنا دینا ہے۔

و۔ کچھ شک نہیں کہ یہ نصیحت ہے، جو چاہے اسے یاد رکھے اور یاد بھی تبھی رکھیں گے جب اللہ چاہے۔ وہی ڈرنے کے لائق اور بخشش کا مالک ہے۔

و۔ اے پروردگار! اگر ہم سے بھول یا چوک ہوگئی ہو تو ہم سے مواخذہ نہ کیجیو۔ اے پروردگار! ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالیو جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا اے پروردگار! جتنا بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں، اُتنا ہمارے سر پر نہ رکھیو۔ اور (اے پروردگار) ہمارے گناہوں سے درگزر کر۔ اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما۔ تو ہی ہمارا مالک ہے اور ہمیں کافروں پر غالب کر۔

(آمین یا حیّ یا قیّوم)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحم کرنیوالا اور مہربان ہے،

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ
يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا
(الاحزاب-۵۶)

بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی (اقدس) پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی آپ پر درود بھیجو اور خوب سلام

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ

وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

آمین

اِمروز سَعِید و مسعود و مبارک ۱۳ ربیعُ الاوّل ۱۴۱۳ سنہ
ہجری المُقدّس

ابوانیس **محمّد برکت علی** لودھیانوی عفی عنہ
المہاجر الی اللہ و المتوکل علے اللہِ العظیم،
المستفیض **دارالاحسان** چک ۲۴۲ ر ب (دسُوھہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پاکستان
فون نمبر: ۴۲۲۰۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضیٰ نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

قُل

عشقِ محمدٍ صلی اللہ علیہ وسلم

مذہبی وحبّہ ملّتی

وطاعتہ منزلی !

(یہ کہ) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق میرا

مذہب محبت میری ملّت اور اتباع میری منزل ہے

ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم ماشاءاللہ لاقوۃ الا باللہ یا حیّ یا قیوم

اللّٰھم صلّ وسلّم وبارک علیٰ سیّدنا ومولٰنا وحبیبنا محمّدٍ النّبیّ الامّیّ

وعلیٰ اٰلہٖ واصحابہٖ وعترتہٖ بعدد کلّ معلومٍ لّک وبعدد خلقک ورضیٰ نفسک

وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الّذی لا الٰہ الا ھو الحیّ القیّوم واتوب الیہ

یا حیّ یا قیّوم

مکشوفاتِ

منازلِ اِحسانؒ

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت

دارُالاِحسان

ابوانیس محمّد برکتؒ علی لودھیانوی،

المقام النّجاف الصّحاف لمقبول المصطفین ○ دارُالاِحسان فیصل آباد پاکستان